
# ماہنامہ راہنمائے عملیات لاہور



حروف شفاء

جنات کی دنیا

حصول انعام

پرائز بانڈ کی دنیا

کرشمہ حاضرات

طلسمات تسخیر و حب

عمل ہمزاد اور دست غیب

free copy
khalidrathore.com
UniTech Document Processing Solutions

# راہنمائے عملیات کی سالگرہ پر خصوصی رعایت

## صرف ماہ مارچ کے لیے

اللہ کے فضل سے ماہ مارچ 2004 سے راہنمائے عملیات اپنی اشاعت کے ساتویں سال میں داخل ہو رہا ہے۔ سو اس خوشی میں قارئین راہنمائے عملیات کے لیے خصوصی رعایتوں کا اعلان کیا جا رہا ہے۔ تاہم تمام سہولتیں آپ کو خصوصی سالگرہ نمبر کوپن پر حاصل ہوں گی۔ یہ رعایت صرف سالگرہ کے ماہ یعنی ماہ مارچ ۲۰۰۴ کے لیے ہیں۔ اس کے بعد یہ سہولت کسی بھی فرد کو حاصل نہ ہوگی۔ سو وقت ضائع کیے بغیر آج ہی اپنی پسند کی سہولت سے فائدہ اٹھائیں۔ سالگرہ کا خصوصی کوپن صفحہ نمبر ۵۷ پر ہے۔

| | |
|---|---|
| **کتب کی خریداری پر** | **20 فی صد رعایت۔ ڈاک خرچ معاف۔** یہ رعایت حاصل کرنے کے لیے ضروری ہے کہ رعایت نکال کر آپ کے ادا شدہ بل کی کل مالیت -/500 روپے سے زیادہ ہو۔ (کتب کی تفصیل صفحہ نمبر 27 پر)۔ |
| **زائچہ جات بمعہ حالات زندگی بنوانے پر** | **25 سے 35 فی صد رعایت۔** کوئی بھی ایک زائچہ بنوانے پر زائچے کی فیس میں 25 فیصد تک رعایت دی جائے گی جبکہ کم از کم تین زائچے اکٹھے بنوانے پر تمام زائچہ جات پر 35 فیصد رعایت دی جائے گی۔ (زائچہ جات کی مکمل تفصیل صفحہ نمبر 30 پر دیکھیں)۔ |
| **نقوش والواح پر** | **10 فی صد رعایت۔** تمام نقوش والواح پر یہ رعایت حاصل ہوگی۔ (نقوش والواح کی مکمل تفصیل صفحہ نمبر 29 پر دیکھیں)۔ |
| **کورسز میں داخلہ پر** | **500 روپے تا 1000 روپے تک رعایت۔** کسی بھی انفرادی کورس میں داخلہ لینے پر داخلہ فیس میں 500 روپے کی خصوصی رعایت دی جائے گی۔ جبکہ خصوصی کورس میں داخلہ لینے پر داخلہ فیس میں 1000 روپے کی رعایت دی جائے گی۔ (کورسز کی مکمل تفصیل صفحہ نمبر 28 پر)۔ |
| **بچے کے حالات زندگی** | **100 فی صد رعایت** سال 2003 میں پیدا ہونے والے کسی بھی پاکستانی بچے کے پیدائشی کوائف ارسال کر کے آپ اس کے حالات زندگی کی تفصیلی رپورٹ (زندگی کے نو اہم امور پر) مفت حاصل کر سکتے ہیں۔ (زائچہ جات کی مکمل تفصیل صفحہ نمبر 30 پر دیکھیں)۔ ڈاک خرچ کے لیے 100 روپے بذریعہ منی آڈر ارسال کریں۔ زائچہ دفتر سے ذاتی طور پر حاصل کرنے پر 100 روپے بھی نہیں ادا کرنے ہونگے۔ |

**فیس بذریعہ منی آرڈر بنام خالد اسحاق راٹھور، ایڈیٹر، راہنمائے عملیات، 2/11 محمد نگر، گڑھی شاہو، لاہور ارسال کریں**

free copy
khalidrathore.com
LunaTech Document Processing Solutions

# ماہنامہ راہنمائے عملیات لاہور

ایڈیٹر
## خالد اسحٰق راٹھور


## فہرست مضامین


| ☆عنوان | ☆تحریر | صفحہ |
|---|---|---|
| راہ ہدایت | ادارہ | ۲ |
| اپنی بات | خالد اسحاق راٹھور | ۳ |
| عملیات نظرات کواکب | خالد اسحاق راٹھور | ۵ |
| الہامات جفر | شعیب الرحمٰن شاہ | ۷ |
| عمل ہمزاد اور دست غیب | نثار احمد مغل | ۹ |
| حروف شفاء | محمد اسلم جعفری | ۱۰ |
| لوح تسخیر | بشیر احمد چشتی | ۱۱ |
| آپ کا یہ ماہ کیسا رہے گا | ادارہ | ۱۴ |
| چیر دن وراہو کی نظرات اور عملیات | فضل محمود نقاش | ۲۲ |
| فضائل وفوائد آیۃ الکرسی | حکیم رشید احمد | ۲۵ |
| عملیات حُب ومحبت | قیوم رضا | ۲۶ |
| آپ کا عدد اور یہ ماہ | فضل محمود نقاش | ۳۱ |
| حصول انعام | حاجی عبدالطیف قادری | ۳۶ |
| اسم الٰہی نکالنا | الحاج محمد عبداللہ | ۳۷ |
| کرشمہ حاضرات | ملازم حسین | ۳۸ |
| پرائز بانڈ کی دنیا | محمد اسد اللہ سلیمانی | ۴۱ |
| جنات کی دُنیا | غلام قادر بلوچ | ۴۲ |
| تسخیر الحب طلسمات | حاجی محبوب علی خان غوری | ۴۳ |
| شمسی دھبے، ان کے ادوار اور مالی علم نجوم | ڈاکٹر بابر بن دلاور | ۴۵ |
| نوروز کا مجرب عمل | شہزادہ منظور علی سمون | ۴۶ |
| رسول اللہ پر ایمان کے تقاضے | ابو علی عبدالوکیل | ۴۷ |
| کون سا کام کب کریں | خالد اسحاق راٹھور | ۵۰ |
| نظرات کواکب کے اثرات واحکام | حافظ ایم فرخ | ۵۳ |
| خالد روحانی جنتری ماہ مارچ | ادارہ | ۵۵ |
| بزم راہنمائے عملیات | ادارہ | ۵۶ |



### پبلشر و چیف ایڈیٹر

شائستہ خالد راٹھور

### رابطہ

خالد اسحاق راٹھور، مکان نمبر ۲، گلی نمبر ۱۱، نزد جامعہ نعیمیہ، محمد نگر، گڑھی شاہو، لاہور، پاکستان۔

### فون

(042) 6374864
0300 8442060

### اوقات کار

صبح 11 تا شام 5 بجے تک / تعطیل بروز اتوار

### قیمت

فی شمارہ ۲۵ روپے
زرسالانہ (بمعہ جنتری) ۲۶۰ روپے
زرسالانہ رجسٹرڈ ڈاک (بمعہ جنتری) ۵۶۰ روپے
بیرون ملک ۳۵ ڈالر (سالانہ)

### بنک ڈرافٹ (Bank Draft)

M/s Rahnuma-i-amaliyat, A/c 1392-35, Habib Bank Limited, Allama Iqbal Road, Lahore, Pakistan

### انٹرنیٹ (Internet)

www.kirathor.com
kirathor@yahoo.com

ناشر شائستہ خالد راٹھور
پرنٹر الامین ٹریڈرز لاہور
جلد ۷ شمارہ ۱


free copy
khalidrathore.com
Document Processing Solutions

# راہ ہدایت

## القرآن

بے عقل لوگوں کو اپنا مال نہ دے دو جس مال کو اللہ تعالیٰ نے تمھاری گزران کے قائم رکھنے کا ذریعہ بنایا ہے، ہاں انھیں اس مال سے کھلاؤ، پہناؤ، پلاؤ اوڑھاؤ اور انہیں معقولیت سے نرم بات کہو۔

اور یتیموں کو ان کے بالغ ہو جانے تک سدھارتے اور آزماتے رہو پھر ان میں تم ہوشیاری اور حسن تدبیر پاؤ تو انھیں ان کے مال سونپ دو اور ان کے بڑے ہو جانے کے ڈر سے ان کے مالوں کو جلدی جلدی فضول خرچیوں میں تباہ نہ کرو، مال داروں کو چاہیے کہ (ان کے مال سے) بچتے رہیں، ہاں مسکین محتاج ہو تو دستور کے مطابق واجبی طور پر کھالے، پھر جب انہیں ان کے مال سونپو تو گواہ بنالو، دراصل حساب لینے والا اللہ ہی کافی ہے۔ (سورۃ النساء)۔

## السنتہ

حضرت ابوہریرہؓ بیان کرتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ والہ وسلم نے فرمایا تین شخص ایسے ہیں جن سے اللہ تعالیٰ قیامت کے دن بات کرے گا نہ ان کی طرف نظرِ رحمت سے دیکھے گا اور نہ انھیں گناہوں سے پاک کرے گا اور ان کو دردناک عذاب دے گا، ایک وہ شخص جس کے پاس جنگل میں ضرورت سے زیادہ پانی ہو، پھر اس کے باوجود کسی مسافر کو نہ دے، دوسرا وہ شخص جس نے عصر کے بعد کوئی چیز فروخت کی اور اللہ تعالیٰ کی قسم کھا کر کہا کہ اس نے یہ مال اتنے میں خریدا ہے اور حقیقت میں ایسا نہ تھا، تیسرا وہ شخص جو دنیاوی مال کی خاطر کسی حاکم سے بیعت کرے اگر مال مل جائے تو اس کی اطاعت کرے اور نہ ملے تو نہ کرے۔ (کتاب الایمان)۔

## ہماری تاریخ

بخاریؒ نے ادب میں سہل بن سعد سے روایت کی ہے کہ حضرت علی کرم اللہ وجہہ کو اپنا نام/کنیت ابوتراب بہت پسند تھی اور جب کوئی آپ کو اس نام سے پکارتا تھا تو آپؓ بہت خوش ہوتے تھے۔ اور آپؓ کی اس مُسرت کا سبب یہ تھا کہ یہ کنیت آپؓ کو حضور اکرم صلی اللہ علیہ والہ وسلم سے عنایت ہوئی تھی اس کنیت کے رکھنے کا موجب یہ ہوا کہ آپؓ حضرت فاطمہؓ سے کسی بات پر ناراض ہو کر مسجد میں آ کر لیٹ گئے تھے اور آپؓ کے بدن پر کچھ مٹی لگ گئی تھی۔ حضور اکرم ﷺ آپؓ کو بلانے بہ نفس نفیس مسجد میں تشریف لائے، آپؓ کے بدن سے مٹی جھاڑتے ہوئے حضور اکرم ﷺ فرمانے لگے اے ابوتراب (مٹی کے باپ) اُٹھو! (اسی روز سے آپؓ کا لقب یا کنیت ابوتراب مشہور ہوگئی)۔

خالد روحانی جنتری 2004 80 روپے
میر سلامت صاحب، سرحد نیوز ایجنسی، چوک یادگار، پشاور سٹی

# اپنی بات

راہنمائے عملیات ماہ مارچ 2004ء کا شمارہ آپ کے ہاتھ میں ہے۔ اس شمارے کے ساتھ راہنمائے عملیات چھ سال کا سفر مکمل کر کے ساتویں سال میں داخل ہو گیا ہے۔

زیر نظر شمارہ سالگرہ نمبر ہے۔ سو اس حوالے سے قارئین راہنمائے عملیات کے لیے کئی ایک رعایتوں کا اعلان کیا گیا ہے۔ اس سلسلے میں مزید تفصیل اندر کے صفحات میں دیکھ سکتے ہیں۔

راہنمائے عملیات کے اجراء کے وقت سے ہی ادارے کی پالیسی یہ رہی ہے کہ قارئین کو بہتر سے بہتر مواد فراہم کیا جائے۔ اسی امر کے تسلسل میں ادارے نے جہاں راہنمائے عملیات کے معیار کو بہتر بنانے کی مسلسل سعی کی ہے وہاں ادارے کے تحت شائع ہونے والی سالانہ خالد روحانی جنتری کو بھی ایسی شکل دے دی ہے جس کا مقابلہ پاکستان میں شائع ہونے والی کوئی جنتری یا تقویم نہیں کر سکتی۔

وہ قارئین جنہوں نے خالد روحانی جنتری 2004 پڑھی ہے۔ وہ اس بات کے قائل ہیں کہ اس جنتری میں وہ تمام مواد ایک جگہ پیش کر دیا ہے جو پاکستان میں شائع ہونے والی دوسری تمام جنتریاں مل کر بھی نہ شائع کر سکیں۔ اس مقصد کے حصول میں ادارے کے تحت علوم مخفی کے مختلف موضوعات پر کتب شائع کی گئی ہیں۔ جن کی مدد سے ہر قاری علوم مخفی کو سمجھ سکتا ہے اور اس کو اپنے اور اپنے ملنے والوں کی بہتری کے لیے استعمال کر سکتا ہے۔

راہنمائے عملیات کی اشاعت کے ساتویں سال میں قدم رکھتے ہوئے میرا آپ سے وعدہ ہے کہ آنے والے وقت میں راہنمائے عملیات کے معیار کو مزید بہتر بنایا جائے گا۔ اس سلسلے میں قارئین کی رائے بہر حال سب سے زیادہ وزن کی حامل ہے۔ آپ کے مشورے اور رائے کا انتظار رہے گا۔

یہاں میں ان تمام دوستوں کا شکریہ ادا کرنا چاہوں گا جن کا قلمی، عملی اور قلبی تعاون مجھے حاصل رہا۔ میں قلب کی گہرائیوں سے ان سب کا ممنون ہوں۔ اس کے ساتھ ساتھ میں راہنمائے عملیات کے قارئین کا بھی شکر گزار ہوں، جن کی رائے، تنقید، تبصرے، مشورے اور حوصلہ افزائی کے الفاظ اس سفر کے دوران میرے ساتھ رہے۔

آخر میں بس وہی ایک پرانی لیکن اچھی بات۔ اس سفر میں جو کامیابیاں حاصل ہوئیں، وہ سب اللہ تعالیٰ کی مہربانیوں کے طفیل ہیں اور جو خامیاں اور ناکامیاں سامنے آئیں، وہ تقاضائے بشریت تھیں۔

اللہ تعالیٰ ہم سب پر مہربان ہو، ہمارا حامی و ناصر ہو، ہم پر رحمتیں نازل فرمائے اور ہمیں دنیا و آخرت میں کامیاب و کامران فرمائے۔ آمین۔

دعا گو

ایڈیٹر خالد اسحاق راٹھور۔

free copy
khalidrathore.com
LuhaTech Document Processing Solutions



مستحصلہ قادر الکلام 50 روپے

# آپ راہنمائے عملیات پڑھتے ہیں

## تو آپ کا نام بھی راہنمائے عملیات کی زینت بن سکتا ہے

کیا راہنمائے عملیات کے مضامین کی روشنی میں آپ یا آپ کے ملنے جلنے والوں کی زندگی میں کوئی تبدیلی آئی؟

علوم مخفی اور روحانیت کے بارے میں راہنمائے عملیات کی تحریروں نے آپ کی کیا راہنمائی کی؟

کیا آپ راہنمائے عملیات کے قارئین کو اپنے تجربات یا علم میں شامل کرنا چاہتے ہیں؟

آپ نے راہنمائے عملیات کے مطالعے کے بعد اسے کیسا پایا؟

آپ کو راہنمائے عملیات کے مطالعے سے کیا فائدہ ہوا؟

قلم اُٹھایئے اور اپنے تجربات لکھ ڈالیں تاکہ آپ کے علم سے راہنمائے عملیات کے دوسرے قارئین بھی فائدہ اُٹھائیں۔ یہ نہ سوچیے کہ آپ کو اچھا لکھنا نہیں آتا۔ بس اپنے خیالات اور تجربات کو سادہ اور عام الفاظ میں لکھیے اور بھیج دیجیے۔ ان کو فن پارے کی شکل دینا ہماری ذمہ داری ہے۔

**نوٹ: ماہ اپریل سے راہنمائے عملیات کی قیمت 30 روپے ہوگی۔**

150 روپے کی زبردست بچت

باذوق قارئین کی لیے

## راہنمائے عملیات کی سالانہ خریداری پر زبردست رعایت

اسی قیمت میں سالانہ خالد روحانی جنتری بھی

| | شماروں کی قیمت | | سالانہ جنتری | | ڈاک خرچ | | کل رقم | بچت | زرسالانہ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| بک پوسٹ | 330 | + | 80 | + | 100 | = | 510 | 150 | 360 |
| رجسٹر ڈاک | 330 | + | 80 | + | 300 | = | 710 | 150 | 560 |

☆ رقم (زرسالانہ) بذریعہ منی آرڈر ارسال کریں۔ زرسالانہ کی وصولی پر آپ کو سالانہ خریداری نمبر اور پرچہ جاری کیا جائے گا۔ اور یوں آپ گھر بیٹھے ہر ماہ راہنمائے عملیات حاصل کر سکیں گے۔

**زرسالانہ بذریعہ منی آرڈر بنام خالد اسحاق راٹھور ایڈیٹر راہنمائے عملیات 2/11 محمد نگر گڑھی شاہو لاہور ارسال کریں**

free copy
khalidrathore.com
UrduTech Document Processing Solutions

۵ مارچ

# عملیات نظرات کواکب

از خالد اسحٰق راٹھور

## شمس قران عطارد

4 مارچ صبح 6-40

### کامیاب زندگی اور حصول مرتبہ و ترقی کے واسطے

وہ لوگ جو کامیاب زندگی اور حصول مرتبہ و ترقی کے خواہش مند ہیں۔ درج ذیل نقش کو چاندی پر کندہ کروا کر اپنے کاروبار یا دفتر میں لٹکا دیں' بالیقین کامیابی قدم چومے گی۔

نقش

| | | |
|---|---|---|
| ۳ | ۹ | ۷ |
| ۱۱ | ۶ | ۲ |
| ۵ | ۴ | ۱۰ |

چال

| | | |
|---|---|---|
| ۲ | ۷ | ۶ |
| ۹ | ۵ | ۱ |
| ۴ | ۳ | ۸ |

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| ۲۴ | ۱۷ | ۱۶ | ۱۵ | ۲۰ | ۱۹ |
| ۱۲ | ۲۶ | ۹ | ۱۰ | ۲۹ | ۲۵ |
| ۳۱ | ۲ | ۳۳ | ۴ | ۵ | ۳۶ |

نقش

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| ۱۲۳ | ۱۵۸ | ۱۲۵ | ۱۵۷ | ۱۵۵ | ۱۲۸ |
| ۱۵۳ | ۱۳۰ | ۱۵۱ | ۱۵۰ | ۱۳۳ | ۱۲۹ |
| ۱۳۵ | ۱۴۶ | ۱۴۵ | ۱۴۴ | ۱۳۶ | ۱۴۰ |
| ۱۴۷ | ۱۳۹ | ۱۳۸ | ۱۳۷ | ۱۴۳ | ۱۴۲ |
| ۱۳۴ | ۱۴۹ | ۱۳۱ | ۱۳۲ | ۱۵۲ | ۱۴۸ |
| ۱۵۴ | ۱۲۴ | ۱۵۶ | ۱۲۶ | ۱۲۷ | ۱۵۹ |

## عطارد مقابلہ مشتری

4 مارچ صبح 34-8

### ظالم وجابر فرد کے کاروبار کو روکنے کے لیے

اس وقت تحریر کردہ عمل کسی ظالم وجابر فرد کے کاروبار کو روکنے یعنی بندش اور نقصان کے لیے استعمال ہوسکتا ہے۔ فرد کا استعمال شدہ کاغذ' کپڑا یا کوئی اور چیز مل جائے تو اس پر تحریر کر کے قبرستان میں دفن کردیں۔ اگر یہ اشیاء دستیاب نہ ہوں تو کسی غیر استعمال شدہ پرانے کپڑے یا کاغذ پر بھی تحریر کرسکتے ہیں۔ نقش بمعہ چال درج ذیل ہے۔

چال

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| ۱ | ۳۵ | ۳ | ۳۴ | ۳۲ | ۶ |
| ۳۰ | ۸ | ۲۸ | ۲۷ | ۱۱ | ۷ |
| ۱۳ | ۲۳ | ۲۲ | ۲۱ | ۱۴ | ۱۸ |

## عطارد تسدیس مریخ

8 مارچ صبح 6-40

### تکنیکی امور میں کامیابی

وہ لوگ جو تکنیکی (Technical) کاموں یا تعلیم سے وابستہ ہیں۔ درج ذیل نقش کو مطابق چال تحریر کر کے اپنے پاس لاکٹ کی شکل میں رکھیں۔ بالیقین مہارت میں حد درجہ اضافہ ہوگا۔

چال

| | | |
|---|---|---|
| ۶ | ۷ | ۲ |
| ۱ | ۵ | ۹ |
| ۸ | ۳ | ۴ |

نقش

| | | |
|---|---|---|
| ۲۷ | ۲۸ | ۲۳ |
| ۲۲ | ۲۶ | ۳۰ |
| ۲۹ | ۲۴ | ۲۵ |

آفتاب جہانگیر صاحب، یونائیٹڈ بک لینڈ' مہران مرکز، سکھر

روحانی مشورے (ترمیم شدہ) 60 روپے

## زہرہ تسدیس زحل

11 مارچ شام 4-44

### استحکام، ازدواجی و قلبی معاملات میں

درج ذیل نقش کی سات کاپیاں تیار کرلیں اور ہر نقش کو تین دن تک شربت، پانی یا کھانے والی شے میں ملا کر فریقین کو استعمال کروائیں۔ ذات باری تعالیٰ سے امید ہے کہ اکیس دن کے اندر اندر زوجین میں قلبی تعلق اور انسیت قائم ہو جائے گی۔

نقش بمعہ چال درج ذیل ہے۔ نقش کے نیچے عزیمت بھی فریقین کے کوائف کے اضافے کے ساتھ تحریر کریں۔

| | | |
|---|---|---|
| ۴۵ | ۴۷ | ۴۱ |
| ۴۰ | ۴۴ | ۴۹ |
| ۴۸ | ۴۲ | ۴۳ |

| | | |
|---|---|---|
| ٦ | ٧ | ٢ |
| ١ | ٥ | ٩ |
| ٨ | ٣ | ٤ |

اللھم الف ویسج بین قلوب فلاں بن فلاں و فلان ابن فلان

## عطارد تربیع زحل

15 مارچ رات 8-56

### طرفین میں اختلاف، الگ الگ کرنا

جب ایسے حالات ہوں کہ ظالموں کے گروہ یا غلط لوگوں کے درمیان اختلاف پیدا کرنا یا ان کو باہم الگ الگ کرنا یا ان میں تفریق پیدا کرنا مقصود ہو تو درج ذیل عمل کریں۔

طرفین یا گروہ کے افراد کے نام بمعہ نام والدہ لے لیں۔ پھر درج ذیل حروف کے ساتھ ان ناموں کی بسط حرفی کر کے امتزاج دے۔ جتنے افراد کے درمیان اختلاف پیدا کرنا مطلوب ہو اتنے ہی دفعہ یہ سطر امتزاج الگ کاغذ پر سیاہ روشنائی سے تحریر کریں۔ خیال رہے، عمل وقت سے پہلے استخراج کرلیں اور عین وقت پر بمطابق شرائط اس کو تحریر کریں۔ اگر وقت کی پابندی نہ کی تو پھر ان نقوش کے لکھنے کا فائدہ نہ ہوگا۔ بہر حال یہ نقوش تحریر کرنے کے بعد اس کو ایسی زمین میں دفن کر دیں جہاں یہ کاغذ جلد ہی گلنے سڑنے لگیں۔ بہت سخت اور چکنی مٹی نہ ہو۔ پتھریلی ہو تو دفن کر سکتے ہیں۔ انشاء اللہ رضا الٰہی سے ان لوگوں کے درمیان آہستہ آہستہ اختلاف پیدا ہو گا اور وہ ایک دوسرے سے الگ اور ناراض ہو جائیں گے اور اس طرح آپ کا مقصد حاصل ہو جائے گا۔

حروف جن سے سطر امتزاج بنانی ہیں یہ ہیں:۔

"ف۔ش۔ذ"

## زہرہ تثلیث مشتری

17 مارچ صبح 7-00

### مرد و زن کی توجہ حاصل کرنا ہو یا تسخیر مطلوب

درج ذیل نقش کو اس وقت تحریر کرے اور نیچے مندرجہ ذیل عبارت مکمل کر کے یعنی طالب و مطلوب کے ناموں کو شامل کر کے نقش کو چلتے پانی کے نزدیک دفن کر دے۔ مگر دھیان اس بات کا رکھے کہ زمین نم دار ہو۔ مگر نقش اس طرح دفن ہو کہ پانی کے ساتھ بہہ نہ جائے۔ انشاء اللہ مقصد حاصل ہو گا۔ نقش اور چال یوں ہے۔

نقش

| | | |
|---|---|---|
| ۲۵ | ۲۷ | ۲۱ |
| ۲۰ | ۲۴ | ۲۹ |
| ۲۸ | ۲۲ | ۲۳ |

چال

| | | |
|---|---|---|
| ٦ | ٧ | ٢ |
| ١ | ٥ | ٩ |
| ٨ | ٣ | ٤ |

اللھم ان الدمر کله لک الف و هیسج محبة بین فلاں بن فلاں و فلاں بن فلاں

## شمس تسدیس مریخ

18 مارچ 2-47

### برائے دوری/ کمی جسمانی قوت

وہ لوگ جو جسمانی قوت کی کمی یعنی کمزوری وغیرہ کا شکار ہیں اور صحت یابی کے خواہش مند ہوں، وہ درج ذیل نقش کی ۷ کاپیاں تیار کرلیں۔ تین دن ایک نقش کو صبح شام پی لیں۔ یہ ۷ نقش اکیس دن میں استعمال کریں انشاء اللہ صحت حاصل ہوگی۔

نقش

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| ۱۰۶ | ۱۱۸ | ۱۱۰ | ۱۰۲ | ۱۱۴ |
| ۱۰۰ | ۱۱۷ | ۱۰۴ | ۱۲۱ | ۱۰۸ |
| ۱۱۹ | ۱۱۱ | ۹۸ | ۱۱۵ | ۱۰۷ |

چال

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| ۹ | ۲۱ | ۱۳ | ۵ | ۱۷ |
| ۳ | ۲۰ | ۷ | ۲۴ | ۱۱ |
| ۲۲ | ۱۴ | ۱ | ۱۸ | ۱۰ |

محمد افتخار عباسی صاحب، پنجاب نیوز ایجنسی، اخبار مارکیٹ، موتی پلازہ، راولپنڈی۔

خزینہ اعداد (ترمیم شدہ) 50 روپے

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| ۱۱۳ | ۱۰۵ | ۱۲۲ | ۱۰۹ | ۱۰۱ |
| ۱۱۲ | ۹۹ | ۱۱۶ | ۱۰۳ | ۱۲۰ |

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| ۱۶ | ۸ | ۲۵ | ۱۲ | ۴ |
| ۱۵ | ۲ | ۱۹ | ۶ | ۲۳ |

## لوگوں پر غلبہ

اسی وقت درج ذیل نقش مطابق چال تحریر کر کے پاس رکھے۔ لوگوں پر غلبہ حاصل ہوگا۔ لوگ عزت دیں گے۔

نقش

| | | | |
|---|---|---|---|
| ۲۶ | ۲۳ | ۱۶ | ۲۹ |
| ۱۷ | ۲۸ | ۲۷ | ۲۲ |
| ۳۱ | ۱۸ | ۲۱ | ۲۴ |
| ۲۰ | ۲۵ | ۳۰ | ۱۹ |

چال

| | | | |
|---|---|---|---|
| ۱۱ | ۸ | ۱ | ۱۴ |
| ۲ | ۱۳ | ۱۲ | ۷ |
| ۱۶ | ۳ | ۶ | ۹ |
| ۵ | ۱۰ | ۱۵ | ۴ |

## شمس تربیع زحل

27 مارچ صبح 14-4

## برائے سزا و تکلیف

جب کوئی ایسا امر درپیش ہو کہ کسی کو سزا دینا مطلوب ہو یا کسی کو عذاب میں مبتلا کرنا ہو یا کسی کو ذلیل و رسوا کرنا ہو تو مندرجہ ذیل آیت کے اعداد میں فرد متعلقہ اور اس کی والدہ کے نام کے اعداد جمع کر کے ایک نقش خاکی چال سے اور ایک آتشی چال سے تحریر کرے۔ خاکی نقش کو کسی پرانی و بوسیدہ قبر میں دفن کر دو جبکہ آتشی نقش کو کھلے آسمان کے نیچے کسی پتھر کے نیچے باحفاظت رکھ دو۔ اس پر دھوپ بلا روک ٹوک آنی چاہیے۔ آیت درج ذیل ہے اس کے اعداد ۳۲۰۴ ہیں:-

"فی قلوبھم مرض فزادھم اللہ مرضا ولھم عذاب الیم"

| | | |
|---|---|---|
| ۴ | ۹ | ۲ |
| ۳ | ۵ | ۷ |
| ۸ | ۱ | ۶ |


| | | |
|---|---|---|
| ۸ | ۱ | ۶ |
| ۳ | ۵ | ۷ |
| ۴ | ۹ | ۲ |

اس کے ساتھ ساتھ کل اعداد کے مطابق اس آیت کا ذکر دشمن کی خرابی کی نیت سے روزانہ کرے۔

ختم شد۔

از: سید شعیب الرحمٰن شاہ کاکا خیل۔

# لوح سعادت افلاطون



4 مارچ 2004 کو عطارد مریخ تسدیس صبح 6:40 پر قائم ہوگی۔ دوسری سعادت اکبر نظر 11 مارچ 2004 کو زہرہ زحل تسدیس شام 4:44 منٹ پر قائم ہوگی۔ تیسری سعادت اکبر نظر 17 مارچ 2004 کو زہرہ مشتری تثلیث صبح 7:00 پر قائم ہوگی۔ چوتھی سعادت اکبر نظر شمس مریخ تسدیس 18 مارچ شام 4:47 پر قائم ہوگی۔ پانچویں سعادت اکبر نظر تحویل آفتاب نوروز 20 مارچ صبح 11:50 پر قائم ہوگی۔ لوح سعادت افلاطون رحمکاریہ جفر کے کمالات میں سے ہے۔ یہ عمل میرے پاس دستیاب ہے۔ کہیں اور دستیاب نہ ہوگا۔ اس لوح کی برکت سے ترقی دولت، ترقی فتوحات، ترقی و عروج اور بے انداز دولت کے اسباب پیدا کرنا بلکہ اس لوح کے ہزاروں فوائد ہیں۔ جن گھروں میں لڑائی جھگڑا یا ستارہ زحل کی ساڑھ ستی چلتی ہو یا عدد 8 منحوس کا اثر ہو یا سیارگان کی نحوست ہو یا ہر وقت سحر جادو کی طرف سے پریشان رہتا ہو یا وہم کی بیماری بڑھ چکی ہو۔ اور کینسر جو آج کل لاعلاج ہوتا جا رہا ہے کے علاوہ ہائی بلڈ پریشر کے لیے، معاشی حالات سے پریشان لوگوں کے لیے یہ شفائے کاملہ ہوگا۔ یہ عمل میرے برسوں کا معمول ہے اور یہ فیل نہیں ہوسکتا۔ ضرورت پڑے تو اس نعمت عظیمہ سے فائدہ اُٹھائیں اور لوح بنوا کر اپنے پاس رکھیں جس سے ایسا محسوس ہوگا کہ کوئی غیبی طاقت گرد و پیش موجود ہے۔

### طریقہ عمل:

(1) حرف ح عدد = 8 قرآن پاک میں حرف ح کی تعداد 3793۔ اب 3793 کو عدد 8 سے ضرب دیں گے۔ حاصل ضرب 30344 حاصل ہوا۔

(2) اسم اعظم ح سے الحلیم۔ اعداد 88

عبدالروف ہاشمی صاحب، گوردت سنگھ روڈ، کوئٹہ

ساعات حقیقی 90 روپے

(3) الحکم اعداد 68

(4) الحکیم اعداد 78

(5) حسیب اعداد 80

(6) حق 108

(7) حمید 62

(8) حیّ 18

اسم اعظم کل اعداد =502

جو سورتیں حرف "ح" سے شروع ہوتی ہیں۔

(1) سورہ حجر اعداد 176809

(2) سورہ حج اعداد 382344

(3) سورہ حجرات اعداد 102898

(4) سورہ حدید اعداد 198924

(5) سورہ حاقۃ اعداد 81719

کل اعداد 942688

طالب شعیب الرحمٰن اعداد 712

کل اعداد چاروں مجموعوں کا 974246

تفریق 2400

باقی 971846

تقسیم 4۔ باقی بچے 2

تو خانہ نمبر 9 میں 1 کا اضافہ۔ حاصل تقسیم

242961 کو خانہ نمبر 1 سے نمبر 16 تک ہر خانہ میں 80 کا اضافہ کریں اور ساتھ میں اسم اعظم یا حسیب کا ورد کریں، میزان چاروں اطراف سے درست آئے گی۔ یہ الہامات جفر کا معجزہ ہے اسے ضرور آزمائیں۔ آخر میں مجھ گنہگار اور خالد اسحاق راٹھور صاحب کے لیے دعائے خیر کریں۔

بسم اللہ الرحمن الرحیم

یا حی یا قیوم ال م ص حی قیوم

حمعسق

| | | | |
|---|---|---|---|
| ۲۲۳۷۶۲ | ۲۲۳۵۲۱ | ۲۲۲۹۶۱ | ۲۲۳۰۰۲ |
| ۲۲۳۰۴۱ | ۲۲۳۹۲۲ | ۲۲۳۸۴۲ | ۲۲۳۴۴۱ |
| ۲۲۳۱۶۲ | ۲۲۳۱۲۱ | ۲۲۳۳۶۱ | ۲۲۳۶۰۲ |
| ۲۲۳۲۸۱ | ۲۲۳۶۸۲ | ۲۲۳۰۸۲ | ۲۲۳۲۰۱ |

وکفی باللہ شہیدا محمد رسول اللہ

الحق — حمعسق ال م ص ک ہ ی ع ص — حمعسق

جیسا کہ پہلے لکھا جا چکا ہے کہ اس سال نوروز کا وقت 20 مارچ 2004 صبح 11:50 پر ہوگا۔ اس سال بادشاہ سال زحل ہے۔ تو یہ وقت شرف زحل جیسا طاقتور ہے تو آج کی محفل میں لوح شرف زحل کا عمل بھی پیش خدمت ہے۔ یہ لوح ترقی دولت، ترقی و فتوحات، ترقی و عروج بے انداز دولت کے اسباب پیدا کرنے اور تسخیر خلق کے لیے فائدہ مند ہے۔ اس لوح کی تاثیر شرف زحل کی طرح طاقتور ہوگی۔

(1) اپنا نام معہ والدہ۔ (2) آیت اللّٰہُ لطیفٌ م بِعِبَادِہٖ یَرْزُقُ مَنْ یَّشَآءُ وَ ھُوَالقَوِیُّ الْعَزِیْزُ کو اپنے نام معہ والدہ کے ساتھ امتزاج دیکر پھر امتزاج شدہ حروف کو آٹھ حروف کے آگے کلمہ آئیل لگائیں۔ پھر یہ موکل لوح کے چاروں اطراف لکھیں۔ جب یہ لوح تیار ہو جائے۔ پھر گیارہ دن تک سورہ محمدؐ کو روزانہ تین مرتبہ پڑھ کر اس پر دم کریں۔ اگر یہ لوح خود تیار نہ کر سکے تو عامل الحق راٹھور سے تیار کروائیں۔

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الم ال ر ال م ح م ع س ق ال م ص ک ہ ی ع ص

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| ۳۶ | ۴۱ | ۴۰ | ۸۱ | ۸۶ | ۸۵ | ۷۲ | ۷۷ | ۷۶ |
| ۴۳ | ۳۹ | ۳۵ | ۸۸ | ۸۴ | ۸۰ | ۷۹ | ۷۵ | ۷۱ |
| ۳۸ | اول | ۴۲ | ۸۳ | ۸۲ | ۷۷ | ۷۴ | ۷۳ | ۷۸ |
| ۹۹ | ۱۰۴ | ۱۰۳ | ۶۳ | ۶۸ | ۶۷ | ۷۲ | ۳۲ | ۳۱ |
| ۱۰۶ | ۱۰۲ | ۹۸ | ۷۰ | اللہ | ۶۲ | ۳۴ | ۳۰ | ۲۶ |
| ۱۰۱ | ق | ۱۰۵ | ۶۵ | ۶۴ | ۶۹ | ۲۹ | ۲۸ | ۳۳ |
| ۵۴ | ۵۹ | ۵۸ | ۴۵ | ن | ۴۹ | ۹۰ | ۹۵ | ۹۴ |
| ۶۱ | ۵۷ | ۵۳ | ۵۲ | ۴۸ | ۴۴ | ۹۷ | ۹۳ | ۸۹ |
| ۵۴ | ۵۵ | س | ۴۷ | ۴۶ | ۵۱ | محمدؐ | ۹۱ | ۹۶ |

یا فتاح یا رزاق فلاں بن فلاں کو ترقی فتوحات ہو بحق

ال ر ک ہ ی ع ص ح م ع س ق ال م ص ی س م ن

الحق — حمعسق — یا فتاح یا رزاق ال م ص

ختم شد۔

چال

| | | | |
|---|---|---|---|
| ۱۱ | ۸ | ۱ | ۱۴ |
| ۲ | ۱۳ | ۱۲ | ۷ |
| ۱۶ | ۳ | ۶ | ۹ |
| ۵ | ۱۰ | ۱۵ | ۴ |

free copy
khalidrathore.com
Document Processing Solutions

سلطان نیوز ایجنسی، اخبار مارکیٹ، لاہور
بانڈز ریس اور لاٹری کے نمبر

# عمل ہمزاد اور دست غیب

تحریر: نثار احمد مغل، کراچی۔

تخلیق کائنات کے بعد مالک حقیقی نے نظام عالم کو اس طرح جاری و ساری رکھا ہے کہ اس کی مخلوق ایک دوسرے کی محتاج رہے۔ طبعی طور پر انسان ایک دوسرے کا متضاد واقع ہوا ہے۔ اور دنیا کے انتظام حُسن و خوبی کے ساتھ برقرار رکھنے کے لیے مصلحت ایزدی ہر طرف کارفرما ہے۔ جس کو سمجھنا انسانی عقل سے باہر ہے۔

آج کے مادہ پرست دور میں ہر شخص نہایت ہی آسانی کے ساتھ دولت سمیٹنے کی فکر میں سرگرداں نظر آتا ہے۔ تسخیر ہمزاد کی تلاش ہر ایک آدمی کو ہے۔ جس کا براہ راست تعلق قطع نظر مادہ پرستی کے یکسر روحانیت سے ہے۔ ہمزاد کا مطیع کرنا جس قدر عوام نے سہل اور آسان سمجھ لیا ہے۔ حقیقت میں وہ اس قدر آسان نہیں ہے۔ سچ تو یہ ہے کہ تسخیر ہمزاد بہت مشکل کام ہے۔ بعض اوقات اس میں خطرات بھی پیش آتے ہیں۔ اگرچہ میں ہمزاد کا عامل نہیں۔ اپنے علم کی بنا پر مجھے اس سے بہت کچھ مناسبت ہے۔ دیگر عاملین کے علاوہ مجھے اپنے بزرگوں سے اس سلسلہ میں بہت کچھ حاصل ہوا ہے۔ کیونکہ وہ کلام ربانی اور احادیث نبوی ﷺ کا ماخذ ہیں۔ اس لیے اس پر میں پورا اعتماد اور ایمان رکھتا ہوں۔ تسخیر ہمزاد کی طرح دست غیب کے عمل کے لیے بھی ہر شخص کوشاں نظر آتا ہے۔ مگر لوگ اس بات پر غور نہیں کرتے کہ دست غیب اتنی ہی ارزاں چیز ہوتی تو نظام عالم کا برقرار رہنا مشکل ہو جاتا۔ کیونکہ ہر شخص دست غیب کے عمل سے اپنا خرچ آسانی سے پورا کر لیتا۔ نہ کسی ملازمت کی ضرورت ہوتی اور نہ ہی کسی تجارت کو ضروری سمجھا جاتا۔ لیکن اس کے یہ معانی بھی نہیں کہ دست غیب نہیں ہے۔ دست غیب ہے اور ضروری ہے لیکن اس قدر آسان نہیں ہے کہ جس کا جی چاہیے اپنے عمل کے زور سے پوشیدہ دفینہ حاصل کر لے۔ حقیقت تو یہ ہے کہ دستِ غیب کا عمل مشکل ہے۔ دست غیب وغیرہ ان بزرگوں کو حاصل ہوتا ہے جو کہ خود جو کی روٹی کھاتے اور کمبل اوڑھتے ہیں۔ وہ دوسروں کی امداد کے لیے اللہ کریم سے طلب کرتے ہیں۔ اللہ کریم انہیں دیتا ہے۔ اکثر بزرگوں سے مجھے تسخیر ہمزاد اور دست غیب کے عمل عطا ہوئے ہیں جو اپنے علم کی بدولت آج بلا کسی محتاجی کے آرام و آسائش کی پُرسکون زندگی بسر کر رہے ہیں۔

میں اللہ کے نام کی تاثیر اور عملیات کے اثر کا قائل ہوں۔ تسخیر ہمزاد اور دست غیب کے عامل کی زندگی ایک ایسا معمہ ہوتی ہے جس پر لوگ ششدر و حیران رہ جاتے ہیں۔ عوام کی نگاہوں میں ان کی زندگی معمہ لاینحل ہو کر رہ جاتی ہے۔ تسخیر ہمزاد اور دست غیب کے مختلف عملیات ہیں اور اس کے اثرات کم و بیش علیحدہ علیحدہ ہیں۔ ان کی کامیابی و کامرانی کا تمام تر انحصار عامل کا حُسن عمل اور طور طریق کی پاکیزگی پر ہے۔

جیسا کہ عوام جانتی ہے کہ ہر کام کی معمولی سے لاپرواہی یا تو کام کو بگاڑ دیتی ہے یا پھر بصورت دیگر اس میں وہ صفائی اور خوبی پیدا نہیں ہوتی ہے۔ اگرچہ کام ہو جاتا ہے۔ بالکل یہی صورت عمل کی ہے۔ جس کے لیے لوازمات ضروری ہیں۔ اعتقاد، حُسن و عمل، پرہیزگاری اور پاکیزگی نہایت ہی ضروری ہے۔ نظام العمل کے صحیح طریقے اور اس کی پوری پابندی کرنے والوں نے پوشیدہ دفینہ اور پوشیدہ خزانہ بھی حاصل کر لیا ہے۔ اس کے علاوہ ان کے عاملین کو دیکھا گیا ہے کہ وہ اس کے ہلکے سے اثرات سے بہت کچھ فائدہ اُٹھاتے ہیں۔ ان کا کوئی کام نہیں رُکتا۔ انہیں کسی کے سامنے گداگری بھی نہیں کرنی پڑتی۔ جو بھی مشکل کام ان کے سامنے آ جاتا ہے تو اس کا انتظام غیب سے ہو جاتا ہے۔ خالد اسحاق راٹھور صاحب کے راہنمائے عملیات ہذا میں تسخیر ہمزاد اور دست غیب کے جو عملیات دیئے گئے ہیں ہمیں ان میں سے اکثر و بیشتر کے ذریعے خاطر خواہ کامیابی حاصل ہوتی ہے۔ حقیقت تو یہ ہے کہ یہ عملیات آسان سے آسان اور مشکل سے مشکل بھی ہیں۔

چنانچہ تحریر کردہ عملیات میں سے اپنے انتخاب کے مطابق قوت برداشت کے تحت دائرہ قوانین میں رہ کر اگر عمل کیا جائے تو خاطر خواہ کامیابی حاصل کر کے دنیا کا ہر سکون حاصل کیا جا سکتا ہے۔

**عمل نمبر 1-**

اس عمل کے لیے زکوۃ نہایت ہی ضروری ہے جب تک زکوۃ ادا نہ ہو گی ہرگز اثر نہ کرے گا۔

**آیت شریف:** سلام قولا من رب الرحیم (قرآن مجید سے درست تلفظ کے ساتھ سیکھیں) اس کی زکوۃ ہے۔ تعداد میں سوا لاکھ اور چالیس روز میں ختم کرے۔ حساب میں روزانہ تین ہزار ایک سو پچیس مرتبہ پڑھنا ہو گا۔ بعد ازاں دن میں آٹھ سو اٹھارہ بار پڑھیں۔ اور منتظر رہیں انشاء اللہ العزیز اکیس روز

سلطان نیوز ایجنسی، اخبار مارکیٹ، لاہور

(ترمیم شدہ) 100 روپے

کے اندر ہی اندر ہمزاد حاصل ہوگا۔ دوران زکوۃ گوشت' پیاز لہسن' مولی وغیرہ سے پرہیز کریں۔ دودھ دہی کھا سکتے ہیں۔ یہ عمل صرف تنہائی میں بیٹھ کر پڑھیں۔

**عمل نمبر 2۔**

اس عمل میں صرف پرہیز کی کڑی شرط ہے۔

چالیس روز تک صرف دال اور روٹی ایک ہی قسم کی کھانی ہو گی۔ جس اناج کی روٹی اور جس قسم کی دال پہلے دن سے کھانا شروع کریں وہی خوراک آخری دن تک کھائیں۔ کوئی تبدیلی اس میں نہ ہو۔ احرام کے طور پر ایک کپڑا اوڑھیں۔ جو آدھا باندھیں اور آدھا اوڑھیں۔ یہ قید صرف عمل پڑھتے وقت ہے۔ بعد عمل آپ ہر قسم کا لباس استعمال کر سکتے ہیں۔ یہ عمل رات کے ۱۲ بجے کے بعد کرنا ہوگا۔ پڑھنے کی جگہ پر کوئی دوسرا نہ ہو۔ سرسوں کے تیل کا بڑا چراغ جلا کر اپنی پشت کی طرف رکھو تاکہ تمہارا سایہ تمہارے سامنے رہے اور گردن کی رگ پر نظر رکھتے ہوئے روزانہ (۷۷۷) سات سو ستتر بار یہ آیت پڑھیں۔

**لا الہ الا انت سبحانک انی کنت من الظالمین** o (قرآن مجید سے درست تلفظ کے ساتھ سیکھیں)۔

اول آخر سات بار درود شریف کا پڑھنا بھی ضروری ہے۔ دوران عمل میں پابندی شرع لازم ہے۔ حرام سے بچیں۔ جھوٹ نہ بولیں۔ کسی کی غیبت نہ کریں اور نہ ہی کسی کو گالی وغیرہ دیں۔ نماز پابندی سے پڑھیں۔ ۲۲ دن مختلف صورتیں سامنے آئیں گی۔ مگر ان سے کسی قسم کا خوف بالکل نہ کریں وہ آپ کے قریب نہیں آسکتیں۔ بلکہ دور ہی رہیں گی۔ تم صرف تماشہ دیکھتے رہو اور عمل پڑھتے رہو۔ چالیس دن میں بحکم اللہ ہمزاد سامنے آ کر اظہار اطاعت کرے گا۔ آپ اس سے اپنے مطابق عہد و پیمان لے لیں۔

☆☆☆☆☆

# حروف شفاء

از: عامل حکیم محمد اسلم جعفری قادری اوکاڑہ۔

## حروف صوامت اور حروف نورانی کے بعد تیسری قوت حروف شفاء۔

علم الحروف کے متعلق بہت کم لوگوں کو واقفیت ہے۔ لوگ زیادہ تر مشکل عملیات کو پسند کرتے ہیں۔ ہر آدمی پیچیدہ قوانین والے عمل کی طرف توجہ دیتا ہے۔ لوگ اپنے عمل میں زمین و آسمان ملا کر ایک کر دیتے ہیں۔ جسے وہ لوگوں کی توجہ کا مرکز بنا کر پیش کرتے ہیں مگر علم حروف میں یہ سب باتیں نہیں ہوتیں۔ اگر کوئی عامل یا کامل صاحب یہ فرماتا ہے کہ اس میں شفا ہے اور وہ اسے اپنے چند الفاظ میں بیان کر کے سمجھا دیتا ہے اگر لکھیں تو ایک آدھ مرض کے بارے میں چند سطور میں لکھا جاتا ہے اس لیے لوگ اس علم کی طرف توجہ نہیں کرتے جو کرتے ہیں اللہ تعالیٰ کے فضل سے فیض پاتے ہیں۔ یہ ایک حقیقت بیان کر رہا ہوں جو صاحب عمل کرے گا' مالک کائنات اپنے فضل اور اپنے ان اسماء کے صدقے سے شفا عطا کرے گا۔

ہر قسم کے امراض دور کرنے کے لیے اور صحت پا لینے کے لیے مندرجہ ذیل حرف شفاء عرف عام حروف علت یہ ہیں۔ ا ب ت ث ط ظ ف ک ل ی' کل دس حروف ہیں۔ اعداد کل حروف: ۱۹۵۷۔

جب بھی کسی شخص کو کوئی تکلیف ہو مثلاً درد شکم' درد جوڑ' لقوہ' شوگر' فالج' کینسر امراض گردہ یا اور تمام امراض کا حل ان حروف میں اللہ تعالیٰ نے پوشیدہ کر رکھا ہے۔ کسی بھی مرض سے شفاء مقصود ہو تو جو دوائی سے نہ ٹھیک ہوتا ہو حکمائے سلف اس کے لیے طلسم اور افسوں تیار کرتے تھے۔ میں بھی ایسا ہی کرتا ہوں۔

اس کا طریقہ یہ ہے کہ ایک حرف علت ایک حرف مرض کا لے کر سطر حروف مکمل کریں اور پھر ان کو امتزاج دیں پھر تمام حروف کو شمار کریں اگر حرف طاق ہیں تو تین۔ تین حرف کا طلسم بنائیں اگر حرف جفت ہیں تو چار۔ چار سے طلسم بنائیں۔ اس طلسم کو اگر دم کریں یا پلائیں تو چینی کی پلیٹ بغیر پھول کے ہونی چاہیے۔

### حرف امراض

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| ا | م | ر | ا | ض | گ | ر | د | ھ |
| مریخ | شمس | زہرہ | مریخ | قمر | مشتری | عطارد | زہرہ | مشتری |
| حمل | اسد | سنبلہ | حمل | جوزا | حوت | سنبلہ | ثور | اسد |

free copy
khalidrathore.com
Document Processing Solutions



اسباق دست شناسی 60 روپے

**حروف امراض:** امذ۔ مهف۔ رعر۔ امذ۔ ضبنض۔ گکط رعر۔ ذدحل۔ ههف

**طلسم بنے ۹:** آامَذ۔مَهفُ۔ رِعَرِ۔ آامَذ۔ ضبنض۔ گکُطِ۔ رِعَرِ۔ رَذحُل۔ هِهفُ

**اعراب کی جدول**

| | |
|---|---|
| زبر والے حرف | اَ وَ یَ لَ مَ عَ یَ نَ |
| پیش والے حرف | جُ زُ دُ کُ سُ فُ خُ |
| زیر والے حرف | هِ رِ شِ ثِ ذِ صِ طِ |
| جزم والے حرف | بْ دْ خْ ظْ غْ ضْ قْ |

یہ طلسم پلانے کے لیے ہے۔ انشاءاللہ امراض گردہ کے لیے شفاء کلی ہیں یہ حروف زعفران سے لکھیں۔ طریقہ طلسم بنانا یہ ہے۔

**حرف علت یا شفاء:** ا ب ت ث ط ظ ف ک ل ی

**امراض گردہ:** ا م ر ا ض گ ر د ه

**حروف سیارگان**

| برج | حروف | کواکب | برج | حروف | کواکب |
|---|---|---|---|---|---|
| حمل | ا م ذ | مریخ | میزان | و ص | زہرہ |
| ثور | د ح ل | زہرہ | عقرب | ق ث | مریخ |
| جوزا | ب ن ض | عطارد | قوس | ط ش | مشتری |
| سرطان | ج ز س | قمر | جدی | خ غ | زحل |
| اسد | ه ف | شمس | دلو | ی ت | زحل |
| سنبلہ | ع ر | عطارد | حوت | ک ظ | مشتری |

| نام کواکب | زحل | مشتری | مریخ | شمس | زہرہ | عطارد | قمر |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| متعلقہ حروف | ا | ه | ط | م | ف | ش | ذ |
| | ب | و | ی | ن | ص | ت | ض |
| | ج | ز | ک | س | ق | ث | ظ |
| | د | ح | ل | ع | ر | خ | غ |

**ختم شد۔**

# گنج تسخیر

از: بشیر احمد چشتی ڈھوک مانکی۔

قارئین کرام: آج کے اس مادی دور میں جہاں سائنس و ٹیکنالوجی نے ترقی کر کے مختلف قسم کی سہولتیں فراہم کی ہیں وہاں ایسے مسائل نے جنم لیا ہے جو انسان کے لیے پریشانی کا سبب بنے ہوئے ہیں۔ انسان رزق و معاش بود و باش نان ونفقہ کے چکر میں طرح طرح کی صعوبتیں برداشت کر رہا ہے۔ ہر آدمی کے لیے کوئی نہ کوئی الجھن و پریشانی ضرور ہے۔ کسی کو نوکری کی تو کسی کو نوکری پکی کرنے کی تو کسی کو تادیر قائم رکھنے کی لگی ہوئی ہے۔ کوئی اپنے آفیسر سے ناک چڑھاتا نظر آ رہا ہے تو کوئی تجارت میں پریشان' کوئی اپنی من پسند کا رشتہ ڈھونڈ رہا ہے تو کسی کے رشتے میں رکاوٹ' یہاں تک بعض لڑکیاں کسی شریف رشتے کے انتظار میں اپنی جوانی کاٹ بیٹھتی ہیں۔ اور بعض لڑکیوں کے رشتے ایک دفعہ پوچھ تو لیتے ہیں مگر پھر دوبارہ نہیں آتے۔ مختصر یہ کہ اس دور میں مختلف لوگوں کے مختلف قسم کے مسائل ہیں۔

آج کی محفل میں ہم ایک ایسا عمل کر رہے ہیں جو کہ مذکورہ تمام مسائل کا روحانی علاج ہے۔ جہاں یہ تسخیر کا ایک بے نظیر عمل ہے۔ وہاں ایک کامل استخارہ' فراخی رزق' کاروبار کی بندش' سحر و جادو وغیرہ سے مکمل نجات بھی ہے۔ اس عمل کا ذکر صدیوں سے چلا آ رہا ہے اور ہر دور کے علماء فن اس راز کو سینہ بسینہ رکھتے ہوئے اس سے استفادہ کرتے چلے آ رہے ہیں۔ اور مجھے بھی یہ خیرات ایک مرد درویش سے ملی ہے۔ جسے میں آج دکھی انسانیت کی خدمت سمجھ کر اس موقر ماہنامہ "راہنمائے عملیات" کے زیب قرطاس کر رہا ہوں جو حضرات اس عمل سے فائدہ اُٹھائیں' راقم کو دُعاء خیر میں یاد فرمائیں۔

اس عمل کے بارے میں علماء فن فرماتے ہیں کہ یہ عمل ھارون الرشید کی ایک سیاہ فام لونڈی کے پاس تھا۔ جس کی وجہ سے وہ ھارون الرشید کو بہت

10 سالہ جنتری 115 روپے
اعجاز نیوز ایجنسی، نیوز پیپر ایجنٹ، بس سٹاپ، حویلیاں

پیاری لگتی تھی۔ باوجود اس کے کہ یہ لونڈی بہت بُری شکل رکھتی تھی۔ اُس دور کا ایک شاعر اس لونڈی کے ہجو میں ہارون رشید کے دروازے پر ایک شعر لکھ گیا تھا جو یہ ہے

لقد ضاع شعری علے بابکم۔
کما ضاع جلی علے خالصہ۔

کہتے ہیں کہ ہارون رشید کے پاس چارسو سے زیادہ لونڈیاں تھیں اور خوبصورتی میں ایک دوسرے سے زیادہ حسین وجمیل تھیں اور سب سے زیادہ بدشکل خالصہ تھی۔ مگر اس کے باوجود ہارون رشید کو خالصہ سے بہت پیار تھا۔ جب خالصہ کا انتقال ہوا تو ایک بڑھیا نے اُسے غسل دیا تو بڑھیا نے اس کے سر کی چوٹی میں یہ نقش لکھا ہوا پایا تو بڑھیا نے کھول کر تبرکا اپنے سر پر ڈال دیا۔ جب بادشاہ خالصہ کی آخری دفعہ صورت دیکھنے کو آیا اور نظر اُٹھا کر دیکھا تو اس قدر متنفر ہوا کہ غصہ کرتا ہوا لوٹا اور جب غسل دینے والی بڑھیا پر نظر ڈالی تو اس قدر مسخر ہوا کہ بولنے لگا میں تجھ سے نکاح کرنا چاہتا ہوں۔ بڑھیا نے کہا بادشاہ سلامت آپ مجھ سے مذاق مت کریں' میں بادشاہوں کے قابل نہیں ہوں۔ اور بڑھیا سے نکاح کر لیا۔ بعد میں اس بڑھیا سے وہ تعویذ ایک نوجوان نے حاصل کیا تو وہ وزیر اعظم ہو گیا۔ دراصل یہ تسخیر کا مکمل اور جامع عمل ہے جس کی خاصیت بیان کرنے سے قلم عاجز ہے۔

بسم اللہ الرحمن الرحیم

ودود عطوف فلما رائینہ سے آخر تک حسنان روف

جبرائیل — کطہم

میکائیل — قسورہ

یحبونھم کحب اللہ والذین امنوا اشد حبا للہ سمیع حکیم علیم روف ودود عظیم

عسی اللہ ان یجعل بینکم وبین الذین عادیتم منھم مودۃ عظیم قدوس مالک نور نافع

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| ۳۱ | ۳۶ | ۲۹ | ۷۶ | ۸۱ | ۷۴ | ۱۳ | ۱۸ | ۱۱ |
| ۳۰ | ۳۲ | ۳۴ | ۷۵ | ۷۷ | ۷۹ | ۱۲ | ۱۴ | ۱۶ |
| ۳۵ | ۲۸ | ۳۳ | ۸۰ | ۷۳ | ۷۸ | ۱۷ | ۱۰ | ۱۵ |
| ۲۲ | ۲۷ | ۲۰ | ۴۰ | ۴۵ | ۳۸ | ۵۸ | ۶۳ | ۵۶ |
| ۲۱ | ۲۳ | ۲۵ | ۳۹ | ۴۱ | ۴۳ | ۵۷ | ۵۹ | ۶۱ |
| ۲۶ | ۱۹ | ۲۴ | ۴۴ | ۳۷ | ۴۲ | ۶۲ | ۵۵ | ۶۰ |
| ۶۷ | ۷۲ | ۶۵ | ۴ | ۹ | ۲ | ۴۹ | ۵۴ | ۴۷ |
| ۶۶ | ۶۸ | ۷۰ | ۳ | ۵ | ۷ | ۴۸ | ۵۰ | ۵۲ |
| ۷۱ | ۶۴ | ۶۹ | ۸ | ۱ | ۶ | ۵۳ | ۴۶ | ۵۱ |

والقیت علیک محبۃ منی عزیز قریب مجیب متعال کبیر

free copy

نوٹ: بسم اللہ کے نیچے **ودود عطوف فلما رائینہ اکبرنہ وقطعن ایدیھن قلن حاش للہ ما ھذا بشرا ان ھذا الا ملک کریم**۔ آیت نمبر ۳۱۔ سورہ یوسف لکھیں۔

اس نقش کے ایک ضلع میں نو خانے ہیں اور اس نقش میں کل نو مثلث ہیں۔ اس کا وفق ۳۶۹ ہے اگر اس کی اکائی بنائی جائے تو بھی ۹ کا عدد بن جاتا ہے۔ ۳۶۹ کو آپس میں جمع کرنے سے ۹+۶+۳=۱۸ اور ۸+۱=۹ کا کامل عدد بن جاتا ہے۔ اور اس کے وفق ۳۶۹ کا ہر عدد تین پر تقسیم ہوتا ہے۔ یہ نقش کوکب قمر سے متعلق ہے۔ دراصل یہ ایک بڑا مثلث ہے جس کے ہر خانہ میں بھی ایک مثلث واقع ہے۔ جو نقش سے واضح ہے۔ اس نقش میں پہلا مثلث جسے خاتم غزالی کہتے ہیں وفق 'بطد' زھج' واح' کے اعداد کا ہے۔

khalidrathore.com
UrduTech Document Processing Solutions

خاتم غزالی کے بارے میں شیخ عبدالکریم بن علی بن عبدالکریم اپنی کتاب سرالربانی فی علم الروحانی میں فرماتے ہیں کہ حضرت امام غزالی نے ایک خاتم سر کھیعص حمعسق سے استخراج کی ہے جس کا وفق بطد' زھج' واح ہے۔ اور عام طور پر یہ خاتم غزالی" سے مشہور ہے۔

اس نقش کی افادیت کو اجاگر کرنے کے لیے ذرا اس خاتم غزالی پر اجمال کے ساتھ یہ بیان کرنا لازمی ہے کہ یہ کیسے بنائی گئی۔ خاتم غزالی دراصل حروف مقطعات کھیعص حمعسق سے لی گئی ہے جو انہی حروف کے عدد جمل صغیر ہیں۔ جو درجہ ذیل ہیں۔

| | | | |
|---|---|---|---|
| ک | عدد اس کے جمل صغیر ۲ ہیں | اس لیے خانہ دوم میں اسے رکھا | |
| ھ | عدد اس کے جمل صغیر ۵ ہیں | اس لیے خانہ پنجم میں رکھا | |
| ی | عدد اس کے جمل صغیر ۱ ہیں | اس لیے خانہ ایک میں رکھا | |
| ع | عدد اس کے جمل صغیر ۷ ہیں | اس لیے خانہ ہفتم میں رکھا | |


راہنمائے تل شناسی 40 روپے

ص عدد اس کے جمل صغیر ۹ ہیں اس لیے خانہ نہم میں رکھا
ح عدد اس کے جمل صغیر ۸ ہیں اس لیے خانہ ہشتم میں رکھا
م عدد اس کے جمل صغیر ۴ ہیں اس لیے خانہ چہارم میں رکھا
س عدد اس کے جمل صغیر ۶ ہیں اس لیے خانہ ششم میں رکھا

ق عدد اس کے جمل صغیر ابجد میں سینکڑہ یعنی درجہ سوم میں شامل ہیں اسلیے دو نقطہ بھی ہیں اس لحاظ سے حرف اور نقطہ ملا کر تین ہوئے لہذا ۱۰۰x۳=۳۰۰ ہوئے اور اس کو ۹ پر تقسیم کیا تو باقی ۳ رہا اس لیے اسے خانہ سوم میں رکھا۔ اور ایک حرف ع تکرار سے ہے اسے حذف کیا تو خاتم غزالی نے ترتیب پائی۔ چونکہ یہ نقش حروف مقطعات سے ترتیب پایا ہے اس لیے اس میں اسم اعظم بھی پوشیدہ ہے۔

دوسرا یہ کہ اعداد کی گنتی ایک سے نو تک ہے اور یہ اعداد اس نقش میں صحیح الوفق ہیں۔ خاتم غزالی مزوجات میں بدوح کا مرکب ہے جو اس کے چاروں کونوں پر قائم ہے۔ اور مفردات میں اجھز ط واقع ہے۔ بعض لوگ "بدوح" اور "اجھز ط" کو اسماء باری تعالیٰ میں شمار کرتے ہیں لیکن جاننا چاہیے کہ یہ اعداد کی مفرد اور مزوج قوتیں ہیں جو ایک سے نو تک اعداد کے حروف لکھ کر مفرد اور زوج الگ کرنے سے واضح ہو جاتی ہیں۔

اس نقش کا وفق طبعی اسم حوا علیہ السلام کے اعداد ۱۵ کے مطابق ہے۔
اور اس نقش کا وفق ۴۵ ہے۔ جو حضرت آدم علیہ السلام کے نام کے اعداد ہیں۔ اسی طرح حضرت لوط علیہ السلام کے نام کے اعداد کے مطابق بھی ہے اور کوکب زحل کے اعداد بھی ۴۵ ہیں۔ اس لیے بعض علماء فن نے اسے زحل کے ساتھ منسوب کیا ہے۔

اسی طرح عالم افلاک نو ہیں، عالم سفلی نو ہیں، عالم علوی نو ہیں، کواکب نو ہیں اور اعداد بھی نو ہیں جو تمام گنتی کی بنیاد ہے۔ حقیقت میں یہ ایک کامل نقش ہے۔ جو اس بڑے نقش کے وسط میں واقع ہے۔ اب میں لکھنے کا طریقہ بیان کرتا ہوں اس نقش کو عروج ماہ میں پیر کے دن قمر کی ساعت میں لکھیں، بخور قمر کے جلائیں۔

سب سے پہلے سلاطین ملائکہ جبرئیل، میکائیل، اسرافیل، عزرائیل سے نقش کے اضلاع قائم کریں۔ اور ۹x۹ خانے بنائیں اور چاروں کونوں پر روس اربعہ مارز، کمطم، قسورہ، طیکل لکھیں۔ اس کے بعد بسم اللہ اوپر لکھ کر نقش پُر کرنا شروع کریں۔ سب سے پہلے وسطی مثلث کے پہلے خانہ سے لے کرے ۹ تک اعداد پُر کریں۔ پھر اس مثلث کی چال کو مدنظر رکھ کر سب مثلث پر کریں۔ جس چال سے پہلے مثلث کے (۹) نو خانے پُر کیے گئے تھے۔ اسی چال سے مثلث بھی یکے بعد دیگرے پُر کیے جائیں گے۔ اور پھر اس کے گرد آیات کریمہ اور اسماء الحسنیٰ لکھے جائیں گے۔ اور پھر چاروں طرف خطوط کھینچ کر اُسے بند کیا جائے گا۔ کیونکہ ننگا نقش قانون کے خلاف ہے۔

زعفران کو عرق گلاب میں حل کر کے نقش لکھنا چاہیے اور قلم نئی سرکنڈے وغیرہ سے بنائیں۔ اور رجال الغیب پشت یا بائیں طرف رکھیں۔

قارئین کرام! جہاں یہ نقش کامل تسخیر کا ہے وہاں یہ ایک مجرب استخارہ بھی ہے۔ اس کو پیر کے دن قمر کی ساعت میں ابری کاغذ (جس پر کڑھائی کے چھاپے نکالے جاتے ہیں) پر لکھ کر تکیہ کے نیچے رکھے اور سورۃ والضحیٰ سات بار، انا انزلنا سات بار اور سورۃ زلزلہ سات بار اور پھر کہے **تَوَکَّلْ یَا تَفْوَائِیْل یَا خَادِمَ الْوَفْقِ الْمُتَّسِعِ الْمُتَوَکِّلِ بِفَلَکِ الْقَمَرِ وَاخْبِرْنِیْ فِیْ مَنَامِیْ عَمَّا هُوَ کَذَا وَ کَذَا بَارَکَ اللّٰہُ فِیْکَ وَ عَلَیْکَ۔**

اگر پہلی شب میں نہ دیکھو گے تو دوسری میں، نہیں تو تیسری شب میں ضرور مسئلہ حل ہو جائے گا۔

☆☆☆☆☆


# روحانی مشورے

☆ہر گھر میں اس کتاب کا ہونا مفید ثابت ہوگا۔

☆اس کتاب میں انسانی زندگی سے متعلق قریباً ایک ہزار امور و مسائل کے حل کے بارے میں اسماء الحسنیٰ کے حوالے سے آسان اور مجرب اعمال کا ذکر کیا گیا ہے۔ یہ اعمال ایسے ہیں کہ علم عملیات کے بنیادی اصولوں سے نابلد فرد بھی ان سے فائدہ اٹھا سکتا ہے۔ یہ کتاب درج ذیل حصوں پر مشتمل ہے۔

1) روحانی مشورے و اعمال
2) برکات بسم اللہ
3) حروف کی روحانی و عملیات تفسیر و تاثیر
4) بخاری اور ترمذی سے رسول ﷺ کی دعائیں اور روحانی علاج
5) استخارے اور اسم اعظم جیسے امور بھی اس کتاب میں زیر بحث آئے ہیں۔

قیمت: 50 روپے علاوہ محصول ڈاک۔


free copy
khalidrathore.com

شاہ لطیف کتب گھر، اکبر نیوز ایجنسی، نزد حیدر چوک، حیدرآباد، سندھ
راہنمائے عملیات 80 روپے

## علم نجوم کی روشنی میں

# آپ کا یہ ماہ کیسا گزرے گا

### آپ کا برج کون سا ہے

آپ کس برج کے تحت آتے ہیں کون سا برج آپ پر زیادہ اثر انداز ہوگا۔ یہ دیکھنے کے تین طریقے ہیں

☆ پہلا طریقہ یہ ہے کہ اپنی تاریخ پیدائش کے مطابق دیکھیں ذیل میں کون سا برج آپ کا ہے۔ ☆ دوسرا طریقہ یہ ہے کہ دیکھیں آپ کا نام کس حرف سے شروع ہو رہا ہے۔ بس اس حرف سے متعلق برج سے حالات پڑھیں۔ ☆ تیسرا طریقہ یہ ہے کہ اپنے نام اور والدہ کے اعداد دی گئی عددی جدول کی مدد سے نکالیں اور کل اعداد کو ۱۲ سے تقسیم کر دیں جو نمبر بچے گا وہی آپ کا برج ہوگا۔

**عددی جدول**

| | |
|---|---|
| ا، ی، ق، غ | 1 |
| ب، پ، ک، گ، ر، ڑ | 2 |
| ج، چ، ل، ش | 3 |
| د، ڈ، م، ت، ٹ | 4 |
| ھ، ن، ث | 5 |
| و، س، خ | 6 |
| ز، ژ، ع، ذ | 7 |
| ح، ف، ض | 8 |
| ط، ص، ظ | 9 |

مثال: اکبر = ا ک ب ر =
۱+۲+۲+۲= ۷

### رجعت و کواکب

وہ دوست جو کواکب کی رجعت کا شکار ہوں وہ دی گئی عزیمت کو روزانہ گیارہ بار پڑھنا اپنا معمول بنالیں۔ اول آخر ۳ مرتبہ درود شریف بھی پڑھیں اور صدق دل سے اللہ سے دعا کریں۔ حسب گنجائش صدقہ بھی دیں۔ عزیمت برائے رجعت و نحوست سیارگان یوں ہے۔

**يَا اَللّٰهُ يَا رَحْمٰنُ يَا رَحِيْمُ بِحَقِّ كٓهٰيٰعٓصٓ وَ بِحَقِّ حٰمٓ عٓسٓقٓ قِنَا مِنْ نَحُوْسَةِ الْكَوَاكِبِ وَ رُجُوْعِهٖ وَ وَبَالِهٖ وَ سُوْءِ نَظْرِهٖ بِحَقِّ يَا اللّٰهُ يَا اَحَدُ يَا صَمَدُ صَلَّى اللّٰهُ عَلٰى خَيْرِ خَلْقِهٖ مُحَمَّدٍ وَّآلِهٖ وَاَصْحَابِهٖ اَجْمَعِيْنَ بِرَحْمَتِكَ يَا اَرْحَمَ الرَّاحِمِيْنَ۔**



## برج حمل

21 مارچ تا 20 اپریل سیارہ۔۔مریخ
حروف۔۔ا، ل، ع، ی پتھر۔۔مرجان دن۔۔منگل
رنگ۔۔سرخ دھات۔۔لوہا، تانبہ عدد۔۔9

### صرف اس ماہ کے لیے

| لکی نمبر | سعد تاریخیں | نحس تاریخیں |
|---|---|---|
| 6-4-2 | 24-21-13-7-6 | 21-19-12-11 |

7 تاریخ کو زحل حالت رجعت سے استقامت میں آئے گا اور اس کی یہ حرکت آپ کے کیریئر، نوکری اور معاش سے متعلق معاملات پر جو دباؤ اور رکاوٹیں تھیں ان میں اصلاح کا باعث ہوگی۔ یہ تو نہیں کہا جاسکتا کہ تمام معاملات کا حل نکل آئے گا مگر یہ امکان ہے کہ مسائل کی شدت میں کمی واقع ہوگی اور آپ پہلے کی نسبت اپنے معاش کے حوالے سے بہتر فیصلہ کرنے کی پوزیشن میں ہونگے۔ آپ کے زائچے میں روپے پیسے سے منسوب کوکب کی حرکت خصوصاً مارچ کے پہلے ہفتے میں ہی بہتری لانے کا سبب ہوگی۔ خاندانی اور گھریلو حوالے سے جن مسائل کا آپ کو سامنا کرنا پڑ رہا تھا اب اس میں بھی اصلاح کا پہلو آنا شروع ہو جائے گا اور خاندان کے وہ لوگ جو پہلے آپ کی مخالفت پر کمر بستہ تھے اب ان کو اپنے ارادوں میں پہلی جیسی کامیابی ہونے کے امکانات نہیں ہیں۔ خاص طور پر اس ماہ کے آخری عشرے میں ملنے جلنے والوں اور عزیز و اقارب میں آپ کی مقبولیت بہتر ہوگی اس لیے کوشش کریں کہ اس ماہ کے اختتام سے پہلے پہلے اس کو اپنی پوزیشن سے فائدہ اُٹھاتے ہوئے دوسرے لوگوں کے ساتھ اپنے تعلقات بہتر بنالیں۔ صحت کے حوالے سے کہا جاسکتا ہے کہ عمومی طور پر کسی خاص مسئلے کا

free copy
khalidrathore.com
UniTech Document Processing Solutions

اظہار نہیں ہوتا تاہم وہ حمل لوگ جو بیمار چلے آ رہے ہیں ماہ رواں کی 12 تاریخ کے بعد ان کی صحت کے مسائل اور امراض کے بہتر حل کی توقع کی جاسکتی ہے۔ تاہم موسمی اثرات سے اپنے آپ کو بچا کر رکھیں۔ ہمارا یہ تحریر کرنا کہ عموماً آپ کی صحت ٹھیک رہے گی کا یہ مطلب نہیں کہ آپ جان بوجھ کر ایسے کام کریں جو آپ کی صحت کے لیے نقصان دہ ہوں۔ عشق و محبت میں مبتلا لوگ اور ازدواجی زندگی میں داخل ہونے کے خواہش مند یہ بات نوٹ کرلیں کہ اس ماہ جنس مخالف کے ساتھ ملاقات ایسے موقع پر ہوسکتی ہے جب آپ کاروباری یا مالی معاملات طے کر رہے ہوں۔ اسی طرح جنس مخالف کا دل جیتنے کے لیے صرف جذبات کا اظہار ہی کافی نہ ہوگا بلکہ آپ کو اپنی جیب سے کچھ رقم نکال کر ان معاملات پر خرچ کرنی ہوگی۔ اور اگر آپ اسے اپنی جیب پر بوجھ نہ سمجھیں تو یہ طریقہ محبت یا شادی وغیرہ کے حوالے سے مثبت نتائج لے کر آئے گا۔ روپیہ کمانے کے خواہش مند یہ بات دھیان میں رکھیں کہ اگر انھوں نے ارادہ کرلیا ہے کہ انھوں نے اس ماہ روپیہ کمانا ہے تو بہت سے مواقع ایسے آئیں گے جن سے وہ فیض یاب ہوسکتے ہیں۔ تاہم یہ طریقہ جائز ہے یا ناجائز اس کے بارے میں فیصلہ آپ خود کرلیں۔ اسی طرح نوکری کے طالب افراد کو بھی ملازمت ملنے یا انٹرویو کال آنے کے امکانات روشن ہیں۔ تاہم آپ کے زائچے میں مشتری حالت رجعت میں آپ کو نوکری کے حوالے سے فیصلے پر پہنچنے سے پہلے ایک سے زائد بار سوچنے کی دعوت دے رہا ہے۔ سو ملازمت کے حوالے سے کوئی بھی فیصلہ تحمل اور سوچے سمجھے بغیر نہ کریں۔



## برج ثور

21 اپریل تا 20 مئی　سیارہ۔۔زہرہ


حروف۔۔ب،د　پتھر۔۔الماس　دن۔۔جمعہ

رنگ۔۔نیلا　دھات۔۔پیتل، تانبہ　عدد۔۔6

### صرف اس ماہ کے لیے

| لکی نمبر | سعد تاریخیں | نحس تاریخیں |
|---|---|---|
| 5-4-1 | 25-24-22-7-6 | 21-14-13-12-11 |

اس ماہ آپ کے زائچے کے گیارھویں اور بارھویں گھر میں کواکب کی حرکت کافی تیز ہوگی۔ آپ کے اندر کئی ایک خواہشات اور تمنائیں پیدا ہونگی۔ تاہم ان کے حصول کو اس قدر آسان نہیں کہا جاسکتا۔ اس ماہ کا آخری عشرہ آپ کے مالی معاملات کے حوالے سے خاصہ اہم ہے۔ روپے پیسے کے لین دین میں تیزی آنا شروع ہوگی۔ خصوصاً اگر لوگوں نے آپ کے بل ادا کرنے ہیں یا آپ نے لوگوں سے رقم واپس لینی ہے تو آپ کسی قدر تند مزاجی سے ان کے ساتھ پیش آسکتے ہیں۔ آپ کی طبیعت کا یہ پہلو آپ کے مالی معاملات کے بہتر ہونے میں معاون ثابت ہوسکتا ہے۔ تاہم اس بات کا خیال رکھیں کہ ایسے معاملات میں آپ حد سے نہ گزر جائیں اور تند مزاجی سے بڑھ کر ہاتھا پائی اور لڑائی جھگڑے تک نوبت نہ پہنچے۔ تاہم ایسا ہونے کے امکانات ہیں۔ خاص طور پر ایسے واقعات ان ثور افراد کے ساتھ پیش آسکتے ہیں جن کے پیدائشی زائچے میں کچھ ایسی ہی پوزیشن تھی۔ عشق و محبت کے متوالے یا بھنورہ صفت لوگوں کے لیے یہ ماہ دلچسپی کا حامل ہوگا۔ ماہ رواں میں اس مزاج کے حامل لوگ ایک سے زائد تعلقات بنانے میں کامیاب ہونگے۔ وہ خواتین و حضرات جو طلاق یافتہ یا رنڈوے ہیں اور دوسری شادی کے خواہش مند ہیں ان کے لیے بھی یہ ماہ ایسے حالات کی نشاندھی کر رہا ہے جس کے تحت ان کا رشتہ ہونے یا شادی ہونے کا واضح امکان ہے۔ اگر آپ بھی ایسے ہی ثور افراد میں شامل ہیں تو چٹ منگنی پٹ بیاہ کو ترجیح دیں ورنہ دوسری یا تیسری شادی کا موقع ہاتھ سے نکل جائے گا۔ اس ماہ آپ کے لیے ایک خاص ہدایت یہ ہے کہ اپنے معاملات میں کوئی بھی فیصلہ کرتے ہوئے اپنے وجدان کا بھی خیال رکھیں اگر فطرت کسی معاملے میں آپ کی راہنمائی کرے اور آپ غیر محسوس طور پر یہ محسوس کریں کہ یہ معاملہ ایسے نہیں ایسے حل ہونا چاہیے تو شعور کی بجائے وجدان کو اہمیت دیں۔ خاص طور پر مالی معاملات کے حوالے سے اس بات کو لازم اپنے سامنے رکھیں۔ صحت کے معاملات عموماً بہتر رہیں گے تاہم پیروں، ٹانگوں، سر، گردن اور گلے کے متاثر ہونے کا امکان ہے۔ کھیلوں میں دلچسپی رکھنے والے افراد کے لیے بھی یہ ماہ بہتر ثابت ہوگا۔ بلکہ ذہنی تناؤ اور بہتر صحت کے لیے اگر آپ ورزش یا کھیلوں میں حصہ لیں تو مثبت نتائج حاصل ہونگے۔



## برج جوزا

21 مئی تا 20 جون　سیارہ۔۔عطارد

حروف۔۔ک،ق　پتھر۔۔زمرد　دن۔۔بدھ

رنگ۔۔زرد، سرخی مائل　دھات۔۔پیتل، تانبہ　عدد۔۔5

### صرف اس ماہ کے لیے

خالد بک سٹال، مسلم بازار، گجرات
السحر العجیب فی جلب الحبیب　80 روپے

| لکی نمبر | سعد تاریخیں | نحس تاریخیں |
|---|---|---|
| 4-2-1 | 22-21-13-7 | 12-11-6-2-1 |

برج جوزا کے حامل افراد کو اس ماہ سفر، کیریئر اور صحت کے معاملات پر خاص توجہ دینی چاہیے۔ ماہ رواں کے پہلے دو عشرے یعنی 20 مارچ تک کا وقت اس بات کا متقاضی ہے کہ آپ صحت کے اُمور سے قطعاً لاپرواہی اختیار نہ کریں بلکہ آپ اگر اس عرصے میں کوئی آپریشن کروانا چاہ رہے ہیں تو اس کو بھی ملتوی کر دیں۔ اس ماہ پُرخطر قسم کے طبی ٹیسٹ اور علاج صرف اور صرف سمجھ دار ڈاکٹر سے کروائیں۔ ورنہ معاملات میں پیچیدگی پیدا ہونے کا خدشہ ہے۔ 13 تاریخ کے بعد مریخ حرکت کرتا ہوا آپ کے طالع میں آ جائے گا اور اس طرح یہ ایسے وقت کا مظہر ہوگا جب آپ اپنے مقاصد کے حصول کے لیے ذاتی اور نئی حکمت عملی سے کام لے کر کامیابی حاصل کر سکیں گے۔ اگر آپ نے یہ خیال کیا کہ چیزیں خود بخود بہتر شکل اختیار کرتی جائیں گی تو ایسا ہوتا ہوا نظر نہیں آ رہا۔ صرف ذاتی جدوجہد کے بعد ہی معاملات موافق ہو سکیں گے۔ کواکبی پوزیشن بہرحال ایسے ہی حالات کی نشاندھی کر رہی ہے جس میں آپ کامیابی حاصل کر پائیں گے۔ آپ کے لیے خاص ہدایت یہ ہے کہ کام کو اپنے اُوپر اس حد تک طاری نہ کریں کہ یہ آپ کو نفسیاتی مریض بنانے کا باعث بن جائے۔ ساتھ ہی ساتھ اپنے غصے کو بھی قابو میں رکھیں ورنہ منفی صورت حال سے واسطہ پڑ سکتا ہے۔ اگر آپ بات چیت سے مسائل کو حل کرنے کی کوشش کریں تو کوئی وجہ نہیں کہ آپ کامیاب نہ ہوں۔ 20 تاریخ کے بعد یعنی ماہ رواں کے آخری عشرے میں کچھ مثبت اور منفی تبدیلیاں بیک وقت ظہور پذیر ہوتی نظر آ رہی ہیں۔ یعنی معاملات محبت میں پہلے کی نسبت کچھ بہتری آئے گی۔ تاہم اگر آپ کسی حتمی ازدواجی فیصلے پر پہنچنا چاہتے ہیں تو یہ وقت مناسب نہیں۔ یعنی فی الوقت معاملات محبت اور گھریلو مسائل کو کچھ وقت کے لیے جہاں ہیں جیسے ہیں رہنے دیں۔ 7 تاریخ کو زحل کی رجعت کا خاتمہ مالی معاملات سے متعلق دباؤ کو کم کرے گا تاہم ماہ رواں کا آخری عشرہ اس حوالے سے زیادہ بہتر نتائج لے کر آئے گا۔ خصوصاً اس وقت جب آپ صرف ذاتی کوشش کرنے کی بجائے اجتماعی حوالے سے کام کریں۔ وہ جوزا افراد جو ناخوشگوار ازدواجی زندگی گزار رہے ہیں ان کے لیے خاص طور پر یہ مشورہ ہے کہ وہ طلاق یا دیگر قانونی کارروائیوں میں نہ پڑیں۔

**جواب طلب اُمور کے لیے جوابی لفافہ ارسال کریں**



# برج سرطان

**21 جون تا 20 جولائی**　سیارہ۔۔قمر

حروف۔۔ح، ہ　پتھر۔۔موتی　دن۔۔پیر

رنگ۔۔سفید، ہلکا نیلا　دھات۔۔ٹن　عدد۔۔2

## صرف اس ماہ کے لیے

| لکی نمبر | سعد تاریخیں | نحس تاریخیں |
|---|---|---|
| 8-7-0 | 21-13-7-6 | 27-26-22-8 |

برج سرطان کے حامل وہ افراد جو خاندانی دباؤ کا شکار تھے کواکبی پوزیشن کے تحت اب خاندانی دباؤ سے کافی حد تک آزاد ہو جائیں گے۔ روزگار سے متعلق معاملات اس ماہ آپ کے لیے کافی اہمیت کے حامل ہونگے۔ 20 تاریخ کو شمس کے برج تبدیل کرنے کے باوجود آپ اپنے کیرئیر کے معاملات کو بنیادی اہمیت دیں گے اور خاندانی اُمور کسی قدر بے توجہگی کا شکار رہیں گے۔ برج سرطان سے منسلک وہ لوگ جو ملازمت پیشہ ہیں اور جن کی پرموشن رُکی ہوئی تھی اب ایسا وقت ہے کہ ان کو کامیابی کے حصول کے لیے کوشش کرنی چاہیے۔ کاروباری حالات میں بھی کسی قدر بہتری کا معاملہ درپیش رہے گا۔ 20 تاریخ کے بعد آپ کاروباری معاملات پر زیادہ توجہ دیں گے اس وجہ سے حالات میں بہتری کے اسباب بھی پیدا ہونگے۔ گو بعض قمری حالتیں اچانک آمدن وخرچ کی مظہر بھی ہیں۔ بانڈ، پرائز بانڈ، ریس وچانس جیسے کاموں کی طرف رجحان زیادہ رہے گا اور ممکن ہے کہ کچھ سرطان افراد اس حوالے سے کامیاب بھی ہو جائیں۔ خصوصاً وہ جن کے پیدائشی زائچے اس لحاظ سے طاقتور ہیں۔ سرطان سے متعلق لوگوں کو اس ماہ اپنی صحت کا خاص خیال رکھنا چاہیے، خاص طور پر 20 تاریخ کے بعد صحت کے معاملے سے لاپرواہی آپ کے لیے نقصان کا باعث بن سکتی ہے۔ 7 تاریخ کو زحل کا استقامت میں آنا ایسے معاملات میں آپ کے لیے فائدہ مند ثابت ہوگا جن میں آپ شریک کار یا شریک حیات پر تکیہ کیے ہوئے ہوں یعنی ازدواجی اُمور کے حوالے سے مسائل کی شدت کم ہو جائے گی تاہم بالکل ختم ہونے کے امکانات ابھی نہیں ہیں۔ اسی طرح وہ لوگ جو بطور حصے دار یا کاروباری شریک آپ کے ساتھ کام کر رہے تھے اور مسائل پیدا کر رہے تھے اب ان سے بھی کسی نہ کسی حد تک نجات مل جائے گی۔ برج سرطان کے افراد اس ماہ اس حوالے سے خوش قسمت

free copy
khalidrathore.com
Document Processing Solutions

السحر الاحمر 50 روپے
طاہر قادری صاحب، عزیز بک سٹال، اندرون حرم گیٹ، ملتان

ثابت ہونگے۔ بڑی عمر کے افراد یا خاندان کے بڑے یا افسران بالا آپ کے لیے نرم گوشہ لیے ہوئے ہوں گے اور اگر آپ نے تھوڑی ہمت، صبر اور دھیان سے کام لیا تو آپ ان لوگوں سے فائدہ اُٹھانے کی پوزیشن میں ہوں گے۔ برج سرطان کے تحت آنے والے طالب علم اس ماہ اچھی کارکردگی کا مظاہرہ کرسکیں گے اور وہ بچے جو تعلیمی حوالے سے کسی غیر فیصلہ کن صورت حال کا شکار تھے اب ایک بہتر فیصلہ کرنے کی پوزیشن میں ہوں گے۔

## برج اسد



21 جولائی 20 اگست — سیارہ۔۔شمس

حروف۔۔م — پتھر۔۔یاقوت — دن۔۔اتوار

رنگ۔۔سنہرا اورنج — دھات۔۔سونا — عدد۔۔1

### صرف اس ماہ کے لیے

| لکی نمبر | سعد تاریخیں | نحس تاریخیں |
|---|---|---|
| 9-8-1 | 22-21-13-7-6 | 12-11-2-1 |

اگر یہ کہا جائے کہ اس ماہ برج اسد والوں کو صرف اور صرف اپنے کیریئر پر توجہ دینی چاہیے تو غلط نہ ہوگا۔ یہ ایک ایسا وقت ہے جب آپ توجہ، محنت اور لگن سے بہتر کامیابی حاصل کرسکتے ہیں اور آنے والے دنوں کو بہتر شکل دے سکتے ہیں۔ گو یہ بات اپنی جگہ اہم ہے کہ آپ کو بعض خاندانی مسائل کا سامنا بھی رہے گا۔ تاہم جاری ماہ کوا کبی پوزیشن ان خاندانی مسائل کے حل کی کوئی خاص نشاندھی نہیں کررہی۔ بلکہ ان اُمور کے حوالے سے آپ کے لیے بہتر طریقہ کار یہ ہوگا کہ آپ کسی سخت فیصلے پر پہنچنے کی بجائے تمام امور کو اگلے ماہ تک کے لیے التواء میں ڈال دیں اور یہی طریقہ آپ کے لیے اور آپ کے کیریئر کے لیے بہتر ثابت ہوگا۔ اپنے روزمرہ امور اور کاروباری معاملات میں راست اقدام کرنے کی بجائے اگر آپ کسی قدر میٹھی یا لچھے دار گفتگو سے کام لیں تو زیادہ بہتر ہے۔ کیونکہ 5 تاریخ کو زہرہ کی کوکبی حالت یہی طریقہ اس ماہ آپ کی کامیابی کا بتا رہی ہے۔ ماہ رواں کی 12 تاریخ کے بعد کاروباری معاملات میں زیادہ تیزی آ جائے گی۔ وہ کاروباری حضرات جو بیرون ملک کام کررہے ہیں یا کام کرنا چاہتے ہیں یا وہ اسد افراد جو بیرون ملک جانا چاہتے ہیں ان کے لیے 12 تاریخ کے بعد کا وقت مثبت نتائج لانے کا باعث بن سکتا ہے۔ بیرون ملک جانے کے لیے کاغذات کی تیاری وغیرہ بھی مستقبل میں اچھے نتائج لائے گی۔ برج اسد کے وہ افراد جو دل پھینک واقع ہوئے ہیں ان کے لیے یہ ماہ دلچسپی سے خالی نہ ہوگا باوجود بہت سی مصروفیات کے وہ ایسا وقت نکالنے میں کامیاب ہو جائیں گے جس میں وہ سوشل ملاقاتیں کرسکیں۔ اور جنس مخالف کے فرد کے ساتھ ربط و تعلق قائم کرسکیں۔ یہ ماہ اس حوالے سے بھی بہتر ہے کہ ان عزیزوں، دوستوں یا کاروباری شریک جن کے ساتھ آپ کے تعلقات کشیدہ چلے آرہے ہیں اب آپ تھوڑی سی کوشش کے بعد ان کے ساتھ تعلقات میں بہتری لاسکتے ہیں۔ برج اسد سے متعلق جو لوگ اعلیٰ تعلیم کے لیے کوشاں ہیں یا خواہش مند ہیں ان کے لیے 20 تاریخ کے بعد کا وقت زیادہ بہتر ہے۔ اس وقت کی گئی کوششیں اور حاصل کی گئی معلومات آپ کو کامیابی دلانے کا باعث ہونگی۔ جہاں تک آپ کی صحت کے معاملات کا تعلق ہے تو بظاہر ایسی کوئی پریشانی کی علامت نظر نہیں آرہی۔ فطری طور پر آپ کے اندر ایسی صلاحیت ہے کہ اگر آپ ذہنی طور پر بیماری کا سامنا کرنے کا سوچ لیں تو پھر بیمار ہونے کا سوال ہی پیدا نہیں ہوتا۔ برج اسد سے متعلق وہ افراد جو پہلے صحت کے مسائل کا شکار چلے آرہے تھے یا کسی موذی یا پرانی بیماری کا شکار ہیں تو یہ ماہ ان کے معاملات میں کسی نہ کسی حد تک بہتری لانے کا باعث ہوگا۔

## برج سنبلہ



21 اگست تا 20 ستمبر — سیارہ۔۔عطارد

حروف۔۔پ، غ — پتھر۔۔لاجورد — دن۔۔بدھ

رنگ۔۔گہرا زرد — دھات۔۔ٹن — عدد۔۔5

### صرف اس ماہ کے لیے

| لکی نمبر | سعد تاریخیں | نحس تاریخیں |
|---|---|---|
| 8-7-2 | 22-21-7-6 | 18-12-11-5-4 |

ماہ رواں کی 20 تاریخ تک کا وقت اس بات کا متقاضی ہے کہ آپ اپنی صحت کے معاملات پر توجہ دیں۔ خاص طور پر وہ سنبلہ افراد جو متعدی، شدید اور پرانی مرض کا شکار ہیں انھیں اپنی صحت سے لاپرواہی نہیں کرنی چاہیے۔ تاہم صحت کے حوالے سے مسائل 20 تاریخ کے بعد از خود حل ہونا شروع ہو جائیں گے۔ آپ کی ٹانگیں خاص طور پر متاثر ہوسکتی ہیں۔ معاشرتی طور پر اس ماہ اپنے آپ کو منوانے میں آپ کو مشکل کا سامنا ہوسکتا ہے۔ زائچے کی کوکبی پوزیشن ایسے وقت

free copy
khaldrathore.com
Document Processing Solutions

نیو سندھ کتاب گھر، شاہراہ ایم اے جناح، میرپور خاص
الاقوال امرفیہ فی معرفتہ الاعمال الرملیہ 40 روپے

کوظاہر کررہی ہے جب آپ کے ساتھ چلنے والے لوگ اپنی شخصیت کو زیادہ اُبھارنا چاہیں گے۔ اس لیے ماہ رواں میں اپنی شخصیت کو سامنے لانے کی کوشش کامیاب نہ ہوگی۔ جبکہ بہتر یہ ہوگا کہ آپ اپنے ملنے جلنے والے خودنمائی کے شوقین افراد کو آگے آنے دیں۔ اگر آپ نے یہ موقع فراہم نہ کیا تو معاشرتی سطح پر آپ کی چپقلش ان لوگوں کے ساتھ پیدا ہوسکتی ہے۔ ماہ رواں میں رجعت زحل کے خاتمے کے بعد یعنی 7 مارچ کے بعد آپ کے کیرئیر کے معاملات بہتر شکل اختیار کرنا شروع کردیں گے۔ تاہم کاروباری رقیب پیدا ہوجائیں گے۔ آپ جن مصنوعات یا سروسز یا خدمات کو مہیاء کرتے ہیں دوسرے لوگ بھی اسی قسم کے کاروبار کے ساتھ میدان میں آسکتے ہیں اور یوں آپ کو سخت مقابلے کا سامنا کرنا پڑسکتا ہے سو ضرورت اس امر کی ہے کہ آپ پوری تندہی کے ساتھ معاملات روزگار پر کام کریں۔ روزمرہ زندگی کے ایسے معاملات جن کو کچھ وقت کے لیے ٹالا جاسکتا ہو تو بہتر ہے کہ آپ ان سے صرف نظر کر کے زیادہ وقت اپنے کاروبار اور کام پر لگائیں۔ یہی حال کچھ نوکری پیشہ افراد کا بھی رہے گا اور آفس میں انھیں دوسرے ساتھیوں سے سخت مقابلے کا سامنا رہے گا۔ نوکری میں بھی کامیابی کی واحد شرط صرف اور صرف اپنے آپ کو مقابلے کے لیے تیار کرنا ہے۔ جہاں تک مالی معاملات کا تعلق ہے تو اس مہینے آمدنی اس قدر ذاتی محنت کے حوالے سے نہیں جس قدر بالواسطہ آمدن کے ذریعے خوشحالی کی توقع کی جاسکتی ہے یعنی آپ کے افراد خانہ وغیرہ آپ کو بہتر مالی وسائل مہیا کرنے کا باعث ہوں گے۔ وہ سنبلہ افراد جو پروفیشنل ٹریننگ حاصل کرنا چاہتے ہیں یا اعلیٰ تعلیم کے حصول کے خواہش مند ہیں ان کے لیے یہ ماہ بہتر مواقع لے کر آئے گا۔



## برج میزان

21 ستمبر تا 20 اکتوبر — سیارہ۔۔زہرہ

حروف۔۔ر،ت،ط — پتھر۔۔سنگ دودھیا، ہیرا — دن۔۔جمعہ

رنگ۔۔ہلکا گلابی، نیلا — دھات۔۔تانبہ، پیتل — عدد۔۔6

### صرف اس ماہ کے لیے

| لکی نمبر | سعد تاریخیں | نحس تاریخیں |
|---|---|---|
| 5-3-1 | 22-21-13-7-6 | 12-11-5-4 |

برج میزان کے وہ لوگ جو اب تک کنوارے تھے اور شادی کے
خواہش مند تھے یا کسی خاص لڑکے یا لڑکی میں دلچسپی رکھتے ہیں اس ماہ انھیں بھی کچھ نہ کچھ کامیابی ہونے کے امکانات ہیں۔ اس ماہ آپ کو مختلف دعوتوں اور سوشل ملاقاتوں کا موقع ملے گا۔ اس ماہ آپ کے کیرئیر اور گھر سے متعلق معاملات کچھ ایسی شکل اختیار کرجائیں گے کہ دونوں آپ سے وقت کے طالب ہوں گے اور آپ کے لیے یہ فیصلہ کرنا قدرے مشکل ہوگا کہ آپ گھر کو زیادہ وقت دیں یا روزگار کو اور ان دونوں میں کس طرح وقت کی تقسیم کریں۔ جہاں تک صحت کا تعلق ہے تو بہتر ہوگا کہ آپ احتیاط علاج سے بہتر ہے کے کلیے پر عمل کریں۔ یہ ایسا وقت ہے جب آپ ورزش اور جسم سے متعلق سرگرمی اختیار کرسکتے ہیں۔ انشاء اللہ اچھے نتائج حاصل ہونگے۔ تاہم ماہ رواں کی 20 تاریخ کے بعد اپنے آپ کو بہت زیادہ مشکل اور ٹینشن کے شکار ماحول سے بچانے کی کوشش کریں۔ صرف اتنی ذمہ داریاں اپنے سر لیں جو آپ باآسانی انجام دے سکیں۔ وہ میزان افراد جو روپے پیسے کے مسائل کا شکار ہیں انھیں اس مہینے کے نصف حصے میں اپنے اخراجات پر سخت کنٹرول رکھنا چاہیے۔ چاہے گھر ہو یا دفتر مالی بدانتظامی آپ کے لیے مثبت نتائج لے کر نہیں آئے گی۔ ملازمت پیشہ میزان افراد جن کی ٹرانسفر وغیرہ متوقع تھی بہت ممکن ہے کہ ان کا تبادلہ ہوجائے۔ وہ میزان افراد جو ایسی ملازمت کررہے ہیں جس کو کوئی تحفظ حاصل نہیں وہ سمجھ لیں کہ ان کی نئی ملازمت کے امکان روشن ہیں۔ باوجود اس کے کہ اس ماہ سوشل امور کا دباؤ آپ پر زیادہ رہے گا آپ کے لیے مشورہ یہ ہے کہ آپ اپنے آپ کو حتی الوسع غیر ضروری معاملات میں مت الجھیں۔ اگر آپ نے ایسا کیا تو معاملات مزید الجھاؤ کا شکار ہوتے جائیں گے۔ خاموشی سے ایک طرف بیٹھنے میں ہی زیادہ عافیت ہے۔ نوکری پیشہ افراد اگر اپنے موجودہ کام سے غیر مطمئن ہیں تو اس ماہ انھیں ایک زیادہ بہتر اور مطمئن کرنے والی نوکری تلاش کرنی چاہیے بہت ممکن ہے کہ وہ کامیابی حاصل کرلیں۔



## برج عقرب

21 اکتوبر تا 20 نومبر — سیارہ۔۔پلوٹو

حروف۔۔ذ، ز، ض، ظ، ن — پتھر۔۔مرجان، عقیق سرخ — دن۔۔منگل

رنگ۔۔گہرا سرخ — دھات۔۔لوہا، تانبہ — عدد۔۔9

### صرف اس ماہ کے لیے

| لکی نمبر | سعد تاریخیں | نحس تاریخیں |
|---|---|---|

سحر بارنوخ 50روپے

طاہر نیوز ایجنسی، عارف بازار، بورے والا

free copy
khalidrathore.com

| | | |
|---|---|---|
| 9-4-3 | 22-21-7-6 | 26-13-9-8 |

وہ عقرب افراد جو کسی پرانی مرض یا صحت کے مسائل سے دوچار تھے ان کے لیے خوشخبری ہے کہ اب وہ صحت کے ان مسائل سے کسی نہ کسی حد تک ضرور نجات حاصل کرلیں گے۔ برج عقرب سے متعلق افراد کو حصول صحت کے لیے دوائی علاج کے ساتھ ساتھ فطری طریقہ علاج کو بھی اختیار کرنا چاہیے اس حوالے سے زیادہ بہتر نتائج کا حصول ممکن ہے۔ جہاں تک مالی معاملات کا تعلق ہے بہت زیادہ اچھی تصویر تو پیش نہیں کی جاسکتی تاہم شمس کے اثرات کے تحت توقع کی جاسکتی ہے کہ آپ کو کچھ ایسے مواقع ملیں گے جو آپ کو مالی یا پیشہ وارانہ اُمور میں کچھ کامیابی دلواسکیں۔ آپ کے لیے خاص ہدایت یہ ہے کہ آپ ایسے تمام کاروباری منصوبوں اور مالی لین دین سے باز رہیں جن کو آپ پورے طور پر نہیں سمجھ پاتے۔ رجعت مشتری بہت ممکن ہے کہ آپ کو ایسے ہی نہ سمجھ آنے والے کاموں میں ملوث کردے۔ معاملات محبت میں آپ کی طبیعت کسی قدر تیزی کا شکار رہے گی اور آپ اس حوالے سے جنس مخالف کو فتح کرنے کا رجحان لیے ہوئے ہوں گے۔ گو یہ طریقہ ایک حد تک ہی کامیابی دلواسکتا ہے۔ وہ عقرب افراد جو غیر شادی شدہ ہیں اور ازدواجی رشتے میں منسلک ہونے کے خواہش مند ہیں ان کی اُمیدیں اور خواہشیں پوری ہوتی نظر آرہی ہیں۔ تاہم محبت اور شادی میں ابھی اور اسی وقت اور حد سے گزر جانے کے مزاج کو کنٹرول کرنا ازحد ضروری ہے۔ 20 تاریخ کو شمس کی برج حمل میں آمد اس حوالے سے مفید ہے کہ وہ معاملات جو کافی عرصے سے رُکے ہوئے تھے یا وہ اُمور جن کے بارے میں آپ پریشانی کا شکار تھے اب ان کے حل کی کوئی نہ کوئی صورت نکل آئے گی اور اگر آپ نے مستقل مزاجی کا ثبوت دیا تو آپ بالیقین ایک بہتر فیصلے پر پہنچ جائیں گے۔ برج عقرب سے وابستہ وہ افراد جو بیرون ملک جانے کے خواہش مند ہیں وہ ایجنٹوں اور باہر لے کر جانے والے افراد کے بارے میں محتاط رویہ اختیار کریں بہت ممکن ہے کہ انہیں دھوکہ دہی اور پیسے کے ضیاع کا سامنا کرنا پڑے۔ برج عقرب کے وہ افراد جو ذاتی کاروبار کرتے ہیں ان کے لیے یہ ماہ ملازموں کے ذریعے کامیابی دلانے کا باعث ہوگا تاہم یہ ضروری ہے کہ آپ کسی بھی ملازم کو اتنا فری ہینڈ نہ دیں کہ وہ آپ کے سر پر سواری کرنے لگ جائے اور نہ ہی کسی فرد واحد کے ہاتھ میں تمام معاملات کو سونپیں۔ جہاں تک گھریلو اور ازدواجی زندگی کا تعلق ہے تو بہتر ہوگا کہ آپ اپنے مزاج پر کنٹرول رکھیں اور غیر ضروری تشدد اور گرم مزاجی سے باز رہیں۔ اگر ایسا کوئی معاملہ شدت اختیار کرگیا تو پھر آپ کو یا تو اپنے کیے پر پشیمان ہونا پڑے گا یا یکے بعد دیگر مسائل کا سامنا کرنا پڑے گا۔



## برج قوس

**21 نومبر تا 20 دسمبر** — سیارہ۔۔ مشتری

حروف۔۔ ف — پتھر۔۔ پکھراج — دن۔۔ جمعرات

رنگ۔۔ ہلکا ارغوانی — دھات۔۔ ٹن، سونا، چاندی — عدد۔۔ 7

### صرف اس ماہ کے لیے

| لکی نمبر | سعد تاریخیں | نحس تاریخیں |
|---|---|---|
| 9-7-3 | 21-13-7-6 | 21-11-8 |

برج قوس کے وہ افراد جو عرصے سے نوکری کی تلاش میں تھے جاری ماہ کی کوکبی پوزیشن کے تحت ان کو کچھ نہ کچھ کامیابی ہوسکتی ہے۔ وہ افراد جو ذاتی بزنس کررہے ہیں یا ذاتی کام کرنے کے خواہش مند ہیں ان کو بھی اس ماہ کامیابی کی توقع رکھنی چاہیے خاص طور پر ماہ رواں کا آخری عشرہ آپ کی سوچوں کو عملی شکل دینے کا باعث ہوگا۔ گو زحل کی رجعت کا خاتمہ اور زہرہ کی ثور میں 5 تاریخ کو آمد آپ کے لیے اچھی ہے۔ تاہم آپ کے ذاتی کوکب مشتری کی رجعت ابھی اپنی جگہ قائم ہے اس لیے آپ کو خاص مشورہ یہ ہے کہ آپ آمدن سے زیادہ خرچ دعوتوں اور ایسے ہی دوسرے مقاصد پر روپے پیسے کے خرچ میں محتاط رہیں، ورنہ آپ کے مالی معاملات پر دباؤ بڑھ جائے گا اور یہ چیز آپ کے لیے کئی مسائل لے کر آئے گی۔ گو وہ قوس افراد جو ریس اور بانڈ نمبروں کے شوقین ہیں وہ ان معاملات میں پیسہ ایک حد کے اندر رہ کر خرچ کریں۔ ماہ رواں کے پہلے دو عشروں میں آپ کے خاندانی اور گھریلو مسائل زیادہ اہمیت اختیار کرجائیں گے اور آپ اپنے کیریئر کی بجائے ان معاملات کو دیکھنے یا حل کرنے پر زیادہ وقت صرف کریں گے۔ وہ قوس افراد جن کے ازدواجی حالات خراب تھے ان کو مسائل کے حل کے لیے توجہ کے ساتھ ساتھ وسعت قلب کا مظاہرہ بھی کرنا پڑے گا۔ یہ وقت ازدواجی اختلافات میں فیصلہ کن مراحل لانے کا بھی سبب بن سکتا ہے۔ کچھ ایسی ہی صورت حال آپ کو معاملات محبت کے حوالے سے درپیش رہے گی۔ گو آپ اور آپ کا محبوب یا محبوبہ آمادہ تفریح ہوں گے تاہم باہمی طور پر آپ ایسے مسائل کا شکار ہوسکتے ہیں جن کی اصل کچھ بھی نہ ہو یعنی تفریح تو آپ دونوں کرنا چاہ رہے ہیں لیکن تفریح کی نوعیت دونوں کے ذہن میں فرق ہوگی اور یہی بات مسائل پیدا کرے

خزینہ علم وادب، تاجران کتب، اٹک سٹی
راہنمائے علم نجوم 80 روپے

گی۔ وہ قوس افراد جو وراثتی اُمور کے بارے میں پریشان ہیں یا اس حوالے سے کوئی فیصلہ کن مرحلہ درپیش ہے تو یہ بات سمجھ لیں کہ ان کا حل نکالنے کے لیے آپ کو معمول سے زیادہ توجہ دینی ہوگی۔ ملازم پیشہ افراد کو اپنے افسران سے گفتگو میں محتاط رویہ اختیار کرنا چاہیے۔ چغلی اور پیٹھ پیچھے اُلٹی سیدھی گفتگو سے پرہیز کریں ورنہ آپ کا تبادلہ یا ایسے ہی کسی دوسرے مسئلے کے اُٹھنے کی نشاندھی ہو رہی ہے۔



## برج جدی

21 دسمبر تا 20 جنوری سیارہ۔۔زحل

حروف۔۔ج، خ، گ پتھر۔۔نیلم گاؤمیدک دن۔۔ہفتہ

رنگ۔۔گہرا نیلا، سلیٹی دھات۔۔سونا، پلاٹینم عدد۔۔8

### صرف اس ماہ کے لیے

| لکی نمبر | سعد تاریخیں | نحس تاریخیں |
|---|---|---|
| 9-7-0 | 21-17-7-6 | 22-13-12-11 |

برج جدی کے افراد کے لیے اس ماہ خاندان اور خاندان سے متعلق لوگ یعنی افراد خانہ، بچے اور سیر و تفریح کے معاملات خاص نوعیت کے ہوں گے۔ ان حوالوں سے آپ کی مصروفیات میں کافی اضافہ ہوگا اور ایسے وہ جدی افراد جن کے اپنی شریک حیات کے ساتھ تعلقات میں کشیدگی کا عنصر ہے وہ معمولی کوشش سے معاملات کو مثبت رُخ دے سکتے ہیں۔ دیگر کوکبی پوزیشن کے تحت یہ ظاہر ہو رہا ہے کہ آپ کے اخراجات اس ماہ بڑھ جائیں گے اور یہ چیزیں اس ماہ کے آخری عشرے میں خاص طور پر زیادہ نمایاں صورت میں سامنے آئیں گی۔ بہر حال اگر آپ اپنی مادی کوششیں ایک تسلسل کے ساتھ جاری رکھیں گے تو اس چیز کی توقع کی جاسکتی ہے کہ آپ جلد یا بدیر ان معاملات پر قابو پالیں گے۔ وہ جدی افراد جو سیلز اور مارکیٹنگ کے شعبہ سے منسلک ہیں ان کے لیے یہ ماہ پہلے کی نسبت اب کام کرنے کے بہتر مواقع لے کر آئے گا۔ اسی ماہ وہ جدی افراد جو کسی نئے منصوبے پر کام کرنا چاہتے ہیں ان کے لیے بھی یہ وقت بہتر ہوگا۔ خصوصاً اس ماہ کا آخری عشرہ یعنی 20 تاریخ کے بعد کا وقت۔ جہاں تک آپ کی صحت کے معاملات کا تعلق ہے تو اس سلسلے میں تھوڑا دھیان کرلیں تو بہتر ہے۔ خصوصاً 22 تاریخ کے بعد کا وقت صحت کے اُمور پر دباؤ لے کر آئے گا اور حادثے وغیرہ کے امکان کو رد نہیں کیا جا سکتا۔ وہ جدی افراد جو شوقین طبع واقع ہوئے ہیں وہ اپنے دوستوں کے حلقے میں اخراجات اور نمود و نمائش کا مظاہرہ کرسکتے ہیں۔ گو اس طرح ان کے دوستوں اور تعلقات کا حلقہ وسیع ہوگا۔ تاہم مزاج کی تندھی و تیزی باہمی تعلقات بگاڑنے کا باعث بن سکتی ہے۔ وہ جدی افراد جو نوکری پیشہ ہیں اور ملازمت کے خواہش مند ہیں یا وہ جدی افراد جو بزنس کر رہے ہیں اور بزنس میں اپنے احباب کے حلقے کو وسیع کرنا چاہتے ہیں یا وہ جدی افراد جو حکومتی عہدے داروں سے کام لینے کے خواہش مند ہیں اگر وہ متعلقہ افراد کو اپنے گھر دعوت وغیرہ پر مدعو کریں تو حسب منشاء نتائج کا حصول ہوسکتا ہے۔ برج جدی کے وہ افراد جو ذہنی سکون کے خواہش مند ہیں یا کاروبار میں اضافے کے بہتر مواقع کی تلاش میں ہوں ان کے لیے یہ بہتر ہوگا کہ وہ اپنے شہر سے کچھ باہر نکلیں۔ بالیقین سفر وسیلہ ظفر ثابت ہوگا اور انھیں ذہنی سکون اور بہتر مواقع دستیاب ہوں گے۔ تاہم طویل سفر یا بیرون ملک کے سفر کے حوالے سے زیادہ بہتر حالات کی نشاندھی نہیں ہو پا رہی اس سلسلے میں کی گئی کوششیں بارآور ثابت نہیں ہوں گی۔



## برج دلو

21 جنوری تا 20 فروری سیارہ۔۔یورانس/زحل

حروف۔۔س، ش، ث پتھر۔۔عقیق یمنی، نیلم دن۔۔ہفتہ

رنگ۔۔سیاہ دھات۔۔پلاٹینیم عدد۔۔4

### صرف اس ماہ کے لیے

| لکی نمبر | سعد تاریخیں | نحس تاریخیں |
|---|---|---|
| 7-4-2 | 22-21-7-6 | 29-28-16-15-13 |

برج دلو کے افراد کے لیے ماہ رواں گھریلو اور خاندان کے حوالے سے کئی ایک مصروفیات لے کر آئے گا۔ وہ خاندانی مسائل جو توجہ طلب یا آپ کے فیصلے کے لیے لٹکے ہوئے تھے اب وقت ہے کہ ان کے بارے میں مناسب قدم اُٹھائیں۔ وہ عزیز، رشتہ دار یا دوست جن کے ساتھ ناچاقی تھی اب آپ اظہار جذبات کے ذریعے ان کے دلوں میں جگہ پیدا کرسکتے ہیں۔ یہ ماہ اس حوالے سے بھی اہم ہے کہ افراد خانہ یا آپ کی شریک حیات مالی معاملات میں بھی آپ کے معاون ثابت ہوں گے۔ وہ دلو افراد جو بینکنگ سے متعلق پیچیدگیوں کا شکار تھے یا کریڈٹ کارڈ بنوانا چاہتے ہیں یا جن کا لین دین یا قرض بنکوں کے ساتھ ہے ان کو اس ماہ پوری تندھی کے ساتھ ان معاملات کو حل کرنے کی کوشش کرنی چاہیے۔

free copy
khalidrathore.com
Document Processing Solutions

طلسمات زہرہ 60 روپے

شمس الدین خلجی، نیوز ایجنٹ، منڈی حاصل پور

جاری کو بھی پوزیشن اس بات کی مظہر ہے کہ آپ اس حوالے سے حسب منشاء نتائج حاصل کر پائیں گے۔ گھر کی تزئین و آرائش یا ضروری تعمیر و مرمت کے لیے اور گھر کی مختلف اشیاء خریدنے کے لیے یہ وقت موزوں ہے۔ اس ماہ 7 تاریخ کو زحل کی رجعت کا خاتمہ آپ کو صحت سے متعلق مسائل میں اچھی خبر سنائے گا۔ معاملات جنس و محبت کے حوالے سے یہ ماہ ٹھیک رہے گا۔ نئے تعلقات قائم ہونے کے واضح امکانات ہیں۔ تاہم 20 تاریخ کے بعد آپ کی سوچ میں جنس اور تیزی کا عنصر بہت زیادہ بڑھ جائے گا اور آپ جلد از جلد اپنے منظور نظر پر گرفت حاصل کرنے کی خواہش کریں گے۔ اسی سوچ کے زیر اثر آپ شاید بعض کام ایسے بھی کر جائیں جن کے بارے میں آپ بعد میں سوچیں گے کہ میں نے یہ کیا کیا؟ ایسے کاروبار یا مالی معاملات جو مختصر مدت کے لیے ہیں ان میں اگر آپ دوسرے افراد کی مدد حاصل کریں تو آپ کی کامیابی کے امکانات زیادہ نمایاں ہوں گے۔ اس ماہ کے آخری عشرے میں والدین کے ساتھ اپنے رویے پر ایک دفعہ نظر ثانی ضرور کر لیں بہت ممکن ہے کہ آپ کا رویہ آپ کو کچھ ایسے فوائد سے محروم کر دے جو آپ کو آپ کے والدین سے ہی مل سکتے ہیں۔ بیرون ملک جانے کے خواہش مند وہ لوگ جو اپنے شہر سے باہر نکل کر روزگار یا کام وغیرہ کے سلسلے میں جانا چاہتے ہیں ان کے لیے اس ماہ کی 5 تاریخ کے بعد کا وقت موزوں ہوگا۔ سفر چاہے مختصر ہو یا لمبا اس سے آپ کو فوائد کا حصول ہو سکتا ہے۔ جہاں تک صحت کا تعلق ہے صحت عام طور پر ٹھیک رہے گی تاہم ہمارا مشورہ یہ ہے کہ زیادہ چٹ پٹی اور باسی اشیاء کھانے سے پرہیز کریں ورنہ ہاضمے اور پیٹ کے امراض میں مبتلا ہو سکتے ہیں۔

## برج حوت



**21 فروری تا 20 مارچ سیارہ۔۔ نیپچون/مشتری**

حروف۔۔ د، چ　پتھر۔۔ لاجورد، پکھراج　دن۔۔ جمعرات

رنگ۔۔ تیز سبز　دھات۔۔ ایلومینیم　عدد۔۔ 3

## صرف اس ماہ کے لیے

| لکی نمبر | سعد تاریخیں | نحس تاریخیں |
|---|---|---|
| 9-7-2 | 21-13-7-6 | 25-24-12-11 |

برج حوت کے وہ لوگ جو ملازم پیشہ ہیں اور ان کی تنخواہ میں اضافہ یا ترقی رُکی ہوئی تھی تو اب ان کے یہ معاملات حل ہوتے نظر آ رہے ہیں۔ فائدہ گو جتنا بھی ہوتا اہم ہوگا ضرور۔ تاہم یہ سب کچھ ماہ رواں کا پہلے ہفتہ گزرنے کے بعد ہی وقوع پذیر ہوگا۔ وہ حوت افراد جن کو ایک سے زائد جگہ سے آمدن ہو سکتی ہے یا ان کا کیریئر ایسا ہے کہ دو تین جگہوں سے آمدن ہوتی ہے تو یہ وقت تمام پہلوؤں سے فائدہ دینے والا ہے۔ ذاتی کوشش سے ہی نہیں بلکہ افراد خانہ کے ذریعے بھی فوائد کا حصول ممکن ہے۔ برج حوت کے وہ افراد جو مارکیٹنگ اور رسل و رسائل سے متعلق ذرائع آمدن رکھتے ہیں وہ خاص طور پر اس ماہ مالی فوائد حاصل کر سکیں گے۔ جہاں تک پیار، محبت اور عشق کے معاملات کا تعلق ہے۔ برج حوت کے افراد میں اس ماہ یہ جذبات، جذباتی سے زیادہ عملی شکل اختیار کرتے نظر آ رہے ہیں۔ یعنی ان اُمور میں وہ جسمانی طور پر زیادہ ملوث ہوں گے۔ ماہ رواں کی 12 تاریخ کے بعد معاملات محبت میں جلد بازی اور ایک نظر دیکھتے ہی جذباتیت اور مغلوبیت جیسے جذبات ذہن پر غلبہ حاصل کر لیں گے۔ ان حالات میں آپ کے لیے خاص طور پر مشورہ ہے کہ آپ اپنے ان تعلقات کو مستقل شکل نہ دیں۔ ان جذباتی فیصلوں کے تحت اگر آپ مستقل رشتے میں بندھ گئے یعنی آپ نے شادی کا فیصلہ کر لیا یا منگنی یا نکاح وغیرہ کر لیا تو بالیقین آپ آنے والے دنوں میں اپنے فیصلے کو بدلنے کے بارے میں سوچنے لگ جائیں گے۔ تاہم زیادہ امکان اس بات کا ہے کہ آپ ہمارے رائے کو مسترد کرتے ہوئے اپنا کام کرتے چلے جائیں گے۔ معاملات صحت کے حوالے سے یہ وقت خاص پریشانی کا اظہار نہیں کر رہا عموماً صحت ٹھیک رہے گی۔ اگر آپ اس ماہ سفر کرنے کے موڈ میں ہیں تو پھر کوشش کریں کہ آپ خود گاڑی ڈرائیو نہ کریں اور نہ ہی سفر کے لیے ایسا ذریعہ اختیار کریں جس میں حادثے کا خطرہ زیادہ ہو۔ اگر موٹر سائیکل چلاتے ہیں تو محتاط رہیں۔ برج حوت کے وہ افراد جو نوکری کی تلاش میں ہیں انھیں اس ماہ ملازمت کے حصول کے لیے پوری تندہی سے کام کرنا چاہیے۔ کیونکہ کواکبی پوزیشن بھی اس وقت آپ کی حمایت میں ہے اور ایسے وقت میں اگر آپ نے اپنے تمام ذرائع یعنی قابلیت اور سفارش دونوں کو استعمال کیا تو کامیابی کے روشن امکانات ہیں۔ وہ حوت افراد جو لاٹری اور بانڈ نمبر وغیرہ میں دلچسپی رکھتے ہیں اس ماہ ذاتی طور پر کسی بھی صورت بڑی رقم کا جوا نہ کھیلیں ورنہ نتائج ان کے حق میں نہیں نکلیں گے اس کی بجائے کسی کے ساتھ مل کر نمبر وغیرہ کھیلنا فائدہ دے سکتا ہے۔

قیمت 50 روپے علاوہ محصول ڈاک
سحر بارنوخ

free copy
khalidrathore.com

سید نیوز ایجنسی، دینا　مجربات خالد 55 روپے

# چیرون وراہو کی نظرات اور عملیات

## عملیاتی دنیا میں ایک نئے موضوع پر تحقیق

از: فضل محمود نقاش، ترنڈہ محمد پناہ۔

قارئین راہنمائے عملیات۔ آپ سے جناب خالد اسحٰق راٹھور صاحب نے اپنی جنتری 2004 کے صفحہ نمبر 106 پر بعنوان نظرات کواکب کے تحت چیرون اور راہو کی نظرات درج فرماتے ہوئے پوچھا ہے کہ قارئین ان دونوں کی نظرات کے حوالے سے اپنے تاثرات اور عملی تجربے سے ادارے کو ضرور اپنے ساتھ شامل کریں۔ اور آئندہ بھی خالد روحانی جنتری 2005 میں شامل کرنے کا پوچھا ہے۔ قارئین کرام جاننا چاہیے کہ جناب خالد اسحاق راٹھور صاحب کا یہ قدم نہایت اہم ہے۔ اس طرح راٹھور صاحب نے اپنی جنتری 2004 کو باقی تمام جنتریوں سے ممتاز کر دیا ہے۔ گویا چیرون اور راہو کو شامل جنتری کرنے والے پہلے پاکستانی ہونے کا اعزاز حاصل کر لیا ہے جو کہ نہایت مبارک بادی کے حقدار ہیں۔

قارئین کرام جاننا چاہیے کہ موجودہ جدید علم الہیت (علم فلکیات) میں نظام شمسی کی ترتیب اس طرح ہے کہ سورج کے گرد عطارد، زہرہ، زمین، مریخ، مشتری، زحل، چیرون، یورانس، نیچون اور پلوٹو سیدھی رفتار سے گھوم رہے ہیں۔ عطارد کے علاوہ باقی سیارے محوری گردش بھی رکھتے ہیں۔ جس طرح زمین کا ایک چاند ہے۔ اسی طرح عطارد کو سورج کا چاند کہا جاتا ہے۔ یہ سیارہ سورج کے طلوع اور غروب کے اوقات میں نظر آتا ہے جبکہ سورج کے قرص پر گزرتے ہوئے سیاہ دھبہ نظر آتا ہے۔

سورج اور زمین کے درمیان عطارد اور زہرہ دو کواکب ہیں۔ ان کے ذیلی چاند (سیارچے) کوئی نہیں ہیں۔ البتہ مریخ کے 2 چاند، مشتری کے 14، زحل کے 10 اور چیرون کے چاند اب تک دریافت نہ ہو سکے ہیں۔ یورانس کے 5، نیچون کے 2 اور پلوٹو کا ایک چاند دریافت کیا گیا ہے جسکا نام چیرون رکھا گیا ہے۔ اس طرح اکثر لوگ کنفیوز ہو گئے ہیں کہ سیارہ چیرون کو سیارہ تسلیم کریں یا سیارچہ۔ محترم قارئین! سیارہ چیرون کو چارلس کووال نے یکم نومبر 1977ء بمطابق 19 ذیقعد 1397ھ بمطابق 16 کاتک 2034ب بروز منگل کو سیارہ زحل اور یورانس کے درمیان اپنے خاص مدار پر حرکت کرتے ہوئے دریافت کیا تھا۔ جبکہ سیارچہ چیرون کو کرسی نے 1978 میں دریافت کیا۔ جو سیارہ پلوٹو کے گرد گھوم رہا تھا۔ خود پلوٹو سیارہ 13 مارچ 1930 بروز جمعرات مطابق 11 شوال المکرم 1348ھ کو دریافت ہوا تھا۔ پلوٹو کو ابتداء میں سیارہ نیچون کا چاند سمجھا جاتا رہا ہے۔ پلوٹو کا چاند جب بدر کی حالت میں ہوتا ہے تو اس وقت وہ سورج سے بعیدترین اور فی الحال نظام شمسی کا آخری جزو ہوتا ہے۔

قدیم نجوم کے مطابق ترتیب کواکب اس طرح شمار ہوتی تھی کہ قمر، راس، ذنب، عطارد، زہرہ، شمس، مریخ، مشتری اور زحل۔ پھر قمر، راس، ذنب اور شمس کو سب سے زیادہ اہمیت دی جاتی تھی۔ ہندو منجم حضرات قمری زائچہ کو زیادہ اہمیت دیتے تھے۔ اس زائچہ میں راس اور ذنب کے اثرات لیتے تھے۔ مسلمانوں نے شمس کو زیادہ اہمیت دی اور طالع شمسی سے احکام نجوم صادر فرماتے تھے۔

راس اور ذنب کوئی سیارے نہیں اور نہ سیارچے ہیں۔ بلکہ یہ زمین کا سایہ ہیں جو مخروطی شکل میں کئی لاکھ میل لمبا ہوتا ہے۔ جس میں سے چاند گزرتے وقت سایہ دار ہو جاتا ہے۔ اور گرہن میں شمار کیا جاتا ہے۔ دیکھئے مضمون کسوف و خسوف رسالہ راہنمائے عملیات لاہور ماہ نومبر 2002 صفحہ 12، کسوف الشمس اور یوم القیمۃ رسالہ راہنمائے عملیات جولائی 2003 صفحہ 7 اور مزید مطالعہ کے لیے رسالہ راہنمائے عملیات کا صفحہ نمبر 43 تا 47 ماہ مئی 2002 کو ضرور دیکھ لیں، تفصیل معلوم ہو جائے گی۔

ہندوؤں کے نزدیک پوری کائنات کو ایک اژدھا گھیرے ہوئے ہے۔ جس کے سر کو راہو اور اس کی دم کو کیتو کہا جاتا ہے۔ جب ان کے منہ میں چاند یا سورج آ جاتا ہے تو گرہن لگ جاتا ہے۔ چنانچہ اس نظریہ کے تحت ہندو منجم زوال نعمت اور زوال جاہ و مرتبہ کا حکم لگاتے ہیں۔ مسلمانوں کے نزدیک راہو اور کیتو کوئی قابل قدر نہ ہیں۔ مسلمانوں نے راہو کا نام راس اور کیتو کا نام ذنب رکھ دیا ہے جو

free copy
khalidrathore.com
Document Processing Solutions

رحمت بک اسٹال، اوکاڑہ منڈی　ہندی نجوم 110 روپے

کہ منصور کے دربار میں سندھ (پاکستان) کے راجا کے سفیر منکا کے وارد ہونے کے بعد دیا گیا۔ جس نے برہم گپت ماہر علم ریاضی وفلکیات کی کتاب سدھانت کو دربار میں پیش کیا۔ جس کا ترجمہ سنسکرت سے عربی میں محمد ابن ابراہیم فرازی اور یعقوب بن طارق نے کیا۔ راہو اور کیتو (راس اور ذنب) کو وہی مسلمان منجم حضرات اپنے زائچوں میں استعمال کرتے ہیں اور احکام لگاتے ہیں جو نریانہ اور سیانہ دونوں قاعدے جانتے ہیں۔ راہو اور کیتو کا مقابلہ چاند سے ہوتا ہے اور قران بھی ہوتا ہے۔ جو کہ بدر یا اجتماع کے وقت ہونا ممکن ہے۔ جسے پورنماشی اور اماوس کے اوقات کہا جاتا ہے۔ ان دونوں اوقات سے آج کل زیادہ کام لیا جاتا ہے۔ البتہ راہو اور کیتو سے تربیع' تثلیث اور تسدیس کے اوقات سے کسی منجم نے کام نہیں لیا۔ اور نہ ہی کسی جنتری نے ان کے اوقات استخراج کر کے دیئے ہیں۔ ماسوائے خالد روحانی جنتری 2004 کے۔ جو کہ قابل قدر کارنامہ ہے۔ اگر کوئی صاحب راس اور ذنب سے احکام نہیں لگاتا تو وہ صاحب اچھا کرتا ہے کیونکہ ہندوؤں کا یہ قاعدہ کفر اور شرک کے نزدیک ہے۔ البتہ مسلمانوں کے نزدیک نحس وقت ہے جو قرب قیامت کی علامت ہے اس لیے خوف دلانے والا وقت ہے۔ مسلمان اس دوران صلوۃ الکسوف اور صلوۃ الخسوف پڑھتے ہیں۔ جبکہ جفار حضرات اس دوران حروف صوامت سے بندش اور امساک کے نقوش بنا رہے ہوتے ہیں۔

یہ فقیر احقر العباد فضل محمود نقاش اپنے زائچہ میں چیرون کے اثرات لیتا ہے۔ اور زائچوں میں لکھتا ہے۔ راہو کیتو اور چیرون کے تحت جو عملیات کیے جاسکتے ہیں۔ اس کے لیے ایک بار ملاحظہ فرمائیں۔ رسالہ راہنمائے عملیات ماہ دسمبر 2002 صفحہ 36 تا 40 (راس وذنب)۔ جبکہ چیرون کو فی الحال صرف زائچوں میں ملاحظہ فرمائیں۔ سردست مثال کے طور پر اسی رسالہ کے صفحہ 42 کو ملاحظہ فرمالیں۔

اگر کبھی انسائیکلوپیڈیا میں نجوم کے باب چیرون میں اندراج جنتری کے حوالہ کے تحت جناب خالد اسحاق راٹھور صاحب کا نام لکھا گیا تو اسی مضمون میں فقیر فضل محمود نقاش کا نام بطور پہلا چیرون کو اپنے زائچہ میں درج کرنے والا شمار کیا جائے گا۔ اگر ایسا ہوا تو واقعتاً یہ ایک قسم کا اعزاز ہوگا۔

قدیم نجوم کے اجرام فلکی (کواکب) میں شمس کو قوت حیات اور زندگی میں حیات وممات کے مراحل کا حاکم قرار دیا گیا ہے۔ جبکہ قمر کو باقی امور اور افعال زندگی پر مامور مانا گیا ہے۔ عطارد کو فطرت کا پیامبر اور انتھک کام کرنے کی علامت کہا گیا ہے۔ زہرہ کو محبت' دوستی اور خوش بختی وخوبصورتی کا سیارہ کہا گیا ہے۔ مریخ کو قوت' طاقت' جسمانی قوت اور جھگڑا فساد کی علامت تسلیم کیا گیا ہے۔ مشتری عزت ووقار' مال ودولت اور محسن اعظم کے نام سے موسوم ہے۔ جبکہ زحل کو زندگی کا سب سے بڑا پیرومرشد اور معلم تسلیم کیا گیا ہے۔ مستقل نحوست اور التواء اس کی سست رفتار سے تعبیر کی گئی ہے۔ کواکب کی یہ منسوبات 13 مارچ 1781 بروز منگل تک اپنی قدامت کے ساتھ رہی ہیں۔ جیسے ماہر فلکیات ولیم ہرشل نے یورانس سیارہ دریافت کر کے اس قدامت کو ختم کر دیا۔

13 مارچ 1781ء بروز منگل کو یورانس دریافت ہوا۔ 23 ستمبر 1846 بروز منگل کو نیچون دریافت ہوا۔ 13 مارچ 1930 بروز جمعرات کو پلوٹو کے دریافت ہونے کا اعلان ہوا۔ جبکہ یکم نومبر 1977 بروز منگل کو چیرون دریافت ہوا جو زحل اور یورانس کے درمیان گردش فلک میں ہے۔ یورانس کو انفرادی شخصیت اور اچانک تبدیلیاں لانے والا سیارہ کہا گیا ہے۔ نیچون نفسیاتی ذوق بیدار کرنے والا اور عرصہ سے رکے ہوئے کاموں کو مکمل کرانے والا سیارہ تسلیم کیا گیا ہے۔ جبکہ پلوٹو کو نئے مقاصد کو بروئے کار لانے والا اور بگڑے کاموں کو دوبارہ مرتب کرنے اور سنوارنے والا سیارہ کہا گیا ہے۔ گویا انقلاب کا سیارہ کہا گیا ہے۔ ان سیارات کی دریافت نے نجوم میں انقلاب پیدا کر دیا ہے۔ احکامات میں وسعت پیدا کر دی ہے۔ دیکھیے یورانس رسالہ راہنمائے عملیات مارچ 2003 صفحہ 48 تا 52 پلوٹو پر مضمون پلوٹو کے اسرار رسالہ ماہنامہ راہنمائے عملیات صفحہ 20 اپریل 2003 اور چیرون پر مضمون رسالہ راہنمائے عملیات ماہ نومبر 2002 کے صفحہ 32 تا 34 پر از قلم ماسٹر شوکت علی بروہی' جنگ شاہی۔ اس کے علاوہ خالد اسحٰق روحانی جنتری 2003 کے صفحہ 70 تا 76 پر احکام نظرات پر بنظر عمیق غور فرمالیں۔ اس کے بعد ماہ نومبر 2003 رسالہ راہنمائے عملیات کے صفحہ 37 تا 44 اور ماہ دسمبر 2003 کے صفحہ نمبر تا صفحہ نمبر پر اس فقیر کا مضمون احکام نظرات پر نظر طائرانہ ایک بار پھر ڈال لیں۔ ضرور فائدہ ہوگا۔ اور آئندہ نیچون پر چند سطور پڑھنے کو ضرور مل جائیں گی۔ چیرون جیسے پیر' مرشد استاد اور روحانی معالج کے طور پر تسلیم کرتے ہوئے برج قوس کا حاکم مقرر کیا گیا ہے۔ اگرچہ یہ قاعدہ مستعمل نہ ہے۔

جدید دریافت شدہ سیارہ میں سے حوت کا حاکم نیچون' دلو کا یورانس' قوس کا چیرون اور عقرب کا پلوٹو مقرر کیا گیا ہے۔ اس طرح مشتری کی حاکمیت کو خطرہ پڑ گیا ہے۔ گویا سارا علم النجوم ازسرنو مرتب ہونے کا متقاضی ہے۔ اس بارے میں فقیر فضل محمود نقاش تحریک چلائے ہوئے ہے۔ سیارہ چیرون کی زائچہ میں

ملک اللہ بخش نیوز ایجنٹ' ٹریفک چوک' ڈیرہ غازی خان
تسخیر موکلات وحاضرات 60 روپے

اندراج کے لیے روزانہ رفتار کا جدول از یکم جنوری 2004 چیرونی در برج جدی۔

| تاریخ | اعشاریہ | دقیقہ | درجہ |
|---|---|---|---|
| یکم جنوری | 8 | 27 | 18 |
| 2 | 4 | 33 | 18 |
| 3 | 0 | 39 | 18 |
| 4 | 6 | 44 | 18 |
| 5 | 2 | 50 | 18 |
| 6 | 8 | 55 | 18 |
| 7 | 2 | 01 | 19 |
| 8 | 8 | 06 | 19 |
| 9 | 4 | 12 | 19 |
| 10 | 0 | 18 | 19 |
| 11 | 6 | 23 | 19 |
| 12 | 2 | 29 | 19 |
| 13 | 8 | 34 | 19 |
| 14 | 4 | 40 | 19 |
| 15 | 0 | 46 | 19 |
| 16 | 6 | 51 | 19 |
| 17 | 2 | 57 | 19 |
| 18 | 8 | 03 | 20 |
| 19 | 4 | 09 | 20 |
| 20 | 0 | 15 | 20 |
| 21 | 6 | 20 | 20 |
| 22 | 2 | 26 | 20 |
| 23 | 8 | 31 | 20 |
| 24 | 4 | 37 | 20 |
| 25 | 0 | 43 | 20 |
| 26 | 6 | 48 | 20 |
| 27 | 2 | 54 | 20 |
| 28 | 8 | 59 | 20 |
| 29 | 4 | 05 | 21 |
| 30 | 0 | 11 | 21 |
| 31 | 6 | 16 | 21 |
| یکم فروری | 3 | 21 | 21 |

قارئین کرام! قدیم نجوم میں کواکب کی مختصر علامت ان سیارگان کا آخری حرف لیا جاتا ہے کیونکہ مریخ اور مشتری' زہرہ اور زحل کا سرحرف ایک جیسا ہے۔ اس لیے آخری حروف لیے گئے ہیں۔ جبکہ جدید سیارگان دریافت شدہ ناموں کے سرحرف کو بطور علامت سیارہ لیا جائے۔ چیرون (چ) یورانس (ی) نیچون (ن) اور پلوٹو (پ) سے ظاہر کیا جائے۔ اس طرح راہو کیتو کے لیے (د) درست ہے۔ یا (سہ،نہ) درست طریقہ سے آرہے ہیں۔

قارئین کرام! پلوٹو کو مریخ' نیچون کو مشتری' یورانس کو زحل یا عطارد کا متبادل تسلیم کیا گیا ہے۔ تو یورانس کو عطارد کا بدل اور چیرون کو زہرہ کا بدل تسلیم کر کے اپنے تجربات کو آگے بڑھائیں۔ آپ کے تجربات آکلٹ سائنس میں اضافہ کا باعث بنیں گے۔ زمانہ قدیم میں قمر کی نظرات سے زیادہ کام لیا جاتا رہا ہے۔ اس کی ماہانہ چال' قمر کا زاید النور' ناقص النور کا زمانہ عملیات میں زیادہ موثر مانا گیا ہے۔ جو عامل حضرات جفر کے ساتھ نجوم سے واقف ہوتے تھے وہ قمر کی منازل کی تاثیر' بروج میں داخلہ کی تاثیر اور دیگر اجرام فلکی کے ساتھ فلکی اوضاع (قران' تسدیس تربیع' تثلیث اور مقابلہ وسقوط) کے تحت عملیات کرتے آئے ہیں اور آرہے ہیں۔ اس مرتبہ اس سال 2004 میں قمر کے چیرون اور راس و ذنب کے ساتھ نظرات بنانے کے دوران اپنی روحانی پریکٹس اس طرح کریں جس طرح ڈاکٹر ہسپتال میں مریضوں کے ساتھ ادویات کے استعمال پر کرتا ہے۔ یاد رکھیے 5 جولائی 1977 مطابق 18 رجب المرجب 1397ھ بروز منگل کو جنرل محمد ضیاء الحق مرحوم نے جناب ذوالفقار علی بھٹو مرحوم کا تختہ الٹ دیا تھا۔ پاکستان میں اس واقعہ کو 130 واں دن تھا کہ چیرون دریافت ہوا تھا۔ اس وقت پاکستان میں مارشل لاء لگا ہوا تھا۔ کیا یہ ملکی سطح پر فوجی حکومت اور مارشل لاء کا سیارہ تو نہیں ہے؟ چیرون' راہو کے اس سلسلہ میں جناب محترم حضرات ضرور قلم اُٹھائیں۔ بالخصوص شہباز انجم' غلام اکبر رنجھ' حاجی محبوب علی غوری' محمد اسد اللہ سلیمان' آغا حسنین احمد عابد جعفری' غلام قادر بلوچ' معصوم علی سید' عامل سحر کاظمی' پیر صوفی نذیر احمد طاہر یوسفی' ڈاکٹر عطاء الحسن عظیمی عظیم' غلام سرور شباب' شہزادہ منظور علی سمون' غلام کبریا' حکیم سید شعیب الرحمٰن' قیصر عباس قیصری' حکیم رفعت اشفاق چوہان' محمد ممتاز احمد تاج' حکمی سرفراز احمد زاہد' پیر سید وارث علی شاہ' محمد شہزاد' عامل جعفری' ایم مصدق قریشی' حکیم شبیر ناصر' حاجی ندیم چشتی' قصور حسن' علامہ عمران حمید اشرفی' عدیل احمد آتش' اسد اللہ' محمد عمران اعظم' حافظ ایم فرخ' عامر عباس' عطاء محمد رئیس' حکیم عبدالکریم سمون' بالا جان نقشبندی اور خاص طور پر ماسٹر شوکت علی بروہی' جنگ شاہی والے ہر صورت میں قارئین کرام کی راہنمائی کے لیے ضرور لکھیں۔ تاکہ فقیر فضل محمود نقاش بھی بطور قاری فائدہ اُٹھا سکے۔ والسلام۔

(ختم شد)

اسلامی کتب خانہ، ریلوے روڈ، احمد پور شرقیہ — مفتاح الرموز و اسرار الکنوز 80 روپے

free copy khalidrathore.com UrduTech Document Processing Solutions

آیۃ الکرسی میں لا الہ الا ھو اسم اعظم ہے اسی اسم اعظم سے اللہ تعالیٰ کے محبوب بندے آن کی آن میں مشرق و مغرب طے کر لیتے ہیں۔

# فضائل و فوائد

# آیۃ الکرسی

از: حکیم رشید احمد، قصور۔

جو کوئی سوتے وقت بستر پر لیٹ کر آیۃ الکرسی پڑھ لے اس کا اور اس کے پڑوسیوں کے گھر چوری، ڈکیتی اور آگ لگ جانے سے غرضیکہ تمام مصیبتوں سے صبح تک محفوظ رہے گا (تفسیر کبیر)۔

حضرت سیدنا عیسیٰ علیہ السلام اسی اسم اعظم کی مدد سے مردے زندہ فرماتے تھے۔

ذکر کی عظمت مذکور کی عظمت سے ہے۔ مذکور جس قدر اعلیٰ اسی قدر ذکر بھی اشرف۔ چونکہ آیۃ الکرسی میں رب کی ذات اور صفات ہی مذکور ہیں۔ لہٰذا دیگر آیتوں سے افضل و اعلیٰ ہے۔

حضور پاک ﷺ فرماتے ہیں مجھے آیۃ الکرسی عرش کے نیچے عنایت فرمائی گئی ہے۔ حضرت سیدنا احمدؓ سے مروی ہے کہ آیۃ الکرسی قرآن پاک کا چوتھا حصہ ہے۔ ترمذی شریف میں ہے کہ ہر چیز کی کوئی نہ کوئی زینت ہے۔ قرآن پاک کی زینت سورۃ بقرہ ہے اور اس میں آیۃ الکرسی قرآن پاک کی سردار ہے (خازن)۔

حضرت علی المرتضیٰؓ فرماتے ہیں کہ میں نے جنگ بدر کے دن حضور اکرم ﷺ کو دیکھا۔ سجدہ میں سر رکھے ہوئے یا حی یا قیوم پڑھ رہے تھے جو کہ آیۃ الکرسی کے کلمے ہیں۔ میں میدان میں گیا پھر لوٹ کر آیا یہی پڑھتے ہوئے پایا یہاں تک کہ جنگ کی فتح ہوگئی۔

اس پر ہمیشگی کرنے والا صدیقین اور عابدین کے گروہ میں شمار ہوگا (تفسیر کبیر)۔ جو کوئی سوتے وقت آیۃ الکرسی پڑھ لے ساری رات دو فرشتے اس کی حفاظت کرتے ہیں (درمنثور)۔

جو کوئی سفر کے وقت اپنے گھر پر آیۃ الکرسی پڑھ کر دم کر جائے تو اس کا مال اور اہل و عیال اس کی واپسی تک محفوظ رہیں گے (درمنثور)۔

جو کوئی کہیں پارسل وغیرہ بھیجے اس پر آیۃ الکرسی دم کر دیں تو انشاء اللہ خیریت سے پہنچ جائے گا (مجرب بزرگان دین)۔

ایک صحابی رسول نے حضور ﷺ کی بارگاہ میں بے برکتی کی شکایت کی کہ میرے گھر میں برکت نہیں ہوتی۔ نبی پاک ﷺ نے فرمایا آیۃ الکرسی پڑھا کرو (درمنثور)۔

جس گھر میں آیۃ الکرسی پڑھی جائے اس گھر سے شیطان ایک ماہ تک اور جادو کا اثر چالیس دن تک دور رہتا ہے (درمنثور)۔

ایک بار حضرت ابی کعبؓ نے جن کو پکڑ لیا اس سے پوچھا کہ انسان تم سے کیسے بچ سکتے ہیں؟ اس نے عرض کی کہ صبح و شام آیۃ الکرسی پڑھ لیا کریں۔

جو کوئی صبح و شام اپنے بچوں پر آیۃ الکرسی پڑھ کر دم کرے وہ شیطان اور نظر بد سے محفوظ رہے گا۔

ابن سنی نے امام زین العابدینؒ سے نقل کیا ہے کہ حضرت فاطمۃ الزاہرہؓ کو بچہ پیدا ہونے کے قریب تکلیف ہوئی۔ حضور پاک ﷺ نے ام سلمہؓ اور زینب بنت جحشؓ کو فرمایا کہ فاطمہؓ کے پاس جا کر آیۃ الکرسی اور سورۃ فلق و الناس پڑھ کر دم کریں (درمنثور)۔ اس سے معلوم ہوا کہ آیۃ الکرسی دردزہ میں مفید ہے۔ جو کوئی نماز فجر اور مغرب کے بعد اول و آخر تین تین بار درود شریف اور درمیان میں اکتالیس بار یا حی یا قیوم جو کہ آیۃ الکرسی کے کلمے ہیں پڑھ لیا کرے تو انشاء اللہ اس کا خاتمہ بالخیر ہوگا۔

جو کوئی نماز پنجگانہ کے بعد آیۃ الکرسی پڑھے اور جب ولا یؤدہ حفظھما تک پہنچے تو اپنی پانچوں انگلیوں کے پورے دونوں آنکھوں پر رکھ کر گیارہ بار یہ لفظ پڑھے اور پھر ایک بار وھو العلی العظیم پڑھ کر اپنے پوروں پر دم کر کے آنکھوں پر پھیرے انشاء اللہ اندھا نہیں ہوگا (مجرب بزرگان دین)۔

آیۃ الکرسی پڑھنے والے پر اللہ تعالیٰ ایک فرشتہ مقرر فرماتا ہے جو اس کی نیکیاں لکھتا ہے اور گناہ مٹاتا ہے۔ دوسرے دن اسی ساعت تک (درمنثور)۔

☆☆☆☆☆

پرانے پرچے 350 روپے فی سال
طاہر بک سٹال، دیپالپور

# عملیاتِ حُب و محبت

از: قیوم رضا' ڈیرہ اسماعیل خان۔

## برائے دور ناراضگی

یہ عمل اکثر تجربے میں آیا ہے اور اللہ تعالیٰ نے کامیابی عطا فرمائی ہے۔ اگر آپ کے خاندان میں کوئی شخص ناراض ہے۔ کوئی افسر یا دوست خلاف ہے تو اس عمل کے اثر سے وہ راضی ہو جائے گا۔ جائز جگہ پر اس سے کام لو۔ انشاء اللہ محروم اثر نہ ہوگے۔ ترکیب یہ ہے کہ ناراض شخص کا نام لکھ کر یا کسی سے لکھوا کر اپنے سامنے رکھو۔ قرآن پاک کے اکیسویں پارے میں سورہ روم میں دوسرے رکوع میں یہ آیت ہے۔ **وَمِنْ آیتہ ان خلق** سے **یتفکرون** تک۔

**طریقہ عمل:**

درج بالا آیت مبارکہ ستر مرتبہ پڑھو۔ نظر اس نام پر رہے جس سے غرض ہے یا جو ناراض ہے۔ اور درمیان میں سات آٹھ مرتبہ اس نام پر پھونکتے جاؤ۔ اول آخر سات سات مرتبہ درود شریف پڑھو۔ اسی طرح روزانہ پڑھا کرو۔ کُل معیاد سات' چودہ' اکیس دن کی ہے۔ بحکم اللہ اس دوران میں وہ شخص راضی ہو جائے گا۔ کوئی پرہیز اس میں نہیں ہے۔ نہ کسی خاص وقت کی پابندی ہے۔ نہ کسی کھانے کی پابندی ہے۔ دن رات میں جو وقت فرصت کا ہو پڑھ لیا کریں۔ آیت پاک قرآن شریف میں دیکھ کر صحیح یاد کر لیں۔ تعداد کا خیال رہے۔ ستر مرتبہ سے کم و بیش نہ ہو۔

## محبت کا مجرب نقش

زن و شوہر میں' بھائی بھائی میں' یا کسی عزیز میں ناراضگی ہے یا کوئی افسر ناراض ہے یا ناحق کسی مقدمہ میں گرفتار ہے۔ غرض کہ جائز جگہ پر کام آنے والا یہ عمل ہے۔

**طریقہ عمل:**

اس عمل کا بے زکوۃ اثر کم ہوتا ہے۔ زکوۃ کا طریقہ یہ ہے کہ روزانہ ایک ہزار مرتبہ یہ آیت پاک چالیس دن تک پڑھے۔ چالیس دن میں چالیس ہزار مرتبہ ہوگی۔ اور یہ اس کی زکوۃ ہے۔ اب زکوۃ دینے والا عامل ہے۔ ایک مرتبہ کی دی ہوئی زکوۃ عمر بھر کے لیے کافی ہے۔ اب جو ناراض ہے اس کو راضی کرنا ہے تو کسی شیرینی پر صرف چالیس مرتبہ یہ آیت پاک پڑھ کر اور پھونک کر اس ناراض شخص کو کھلا دیں۔ بحکم اللہ وہ رضامند ہی نہیں بلکہ زندگی بھر تابع فرمان رہے گا۔

اب ایسا موقع ہے کہ آپ مطلوب کو کھلا نہیں سکتے تو اس کی ترکیب یہ ہے کہ یہ نقش لکھیں اور چالیس مرتبہ آیت پاک پڑھ کر اور اس نقش پر پھونک کر کسی درخت کی شاخ پر خوب اُونچا باندھ دیں۔ درخت خواہ گھر میں ہو یا جنگل میں اللہ کے حکم سے وہ شخص راضی ہوگا۔ کوئی مہینہ تاریخ وقت نہ زکوۃ ادا کرنے کا مقرر ہے نہ کوئی پرہیز ہے۔ آیت پاک یہ ہے **اٰمَنُو وَعَمِلُو الصّٰلِحٰتِ سَیَجعَلُ لَهُمُ الرَّحمٰنُ وُدّاً۔**

۷۸۶

| | | |
|---|---|---|
| ۶۹۴ | ۶۹۵ | ۶۹۰ |
| ۶۸۹ | ۶۹۳ | ۶۹۷ |
| ۶۹۶ | ۶۹۱ | ۶۹۲ |

ختم شد۔

فیس 200 روپے علاوہ محصول ڈاک

پتھر اور جواہرات

☆ خوش قسمتی کا پتھر کون سا ہے؟
☆ کس پتھر کا استعمال آپ کے لیے موزوں ہے؟ ☆ کس پتھر کا استعمال نحوست کا باعث ہے؟ ☆ حصول صحت' رد سحر اور دیگر مسائل کے لیے موزوں پتھر کا انتخاب؟

اصلی پتھر سستی قیمت پر دستیاب ہیں۔

نیو حافظ بک سٹال، بلاک نمبر ۱، سرگودھا

(۳) آئینہ میں اپنی شکل دیکھ کر عمل پڑھا جاتا ہے۔ یہ طریقہ سب سے بہتر اور کامیاب ہے۔ جس موسم میں آپ چاہیں عمل کر سکتے ہیں۔

(۴) پانی کے اندر یا پانی کے کنارے اپنی شکل کو دیکھ کر یہ عمل پڑھا جاتا

غفاریہ بکسٹال، بالمقابل جنرل بس سٹینڈ، کوٹ ادو، ضلع مظفر گڑھ۔

سالانہ زائچہ (بمعہ پیشن گوئی)۔ فیس-/1500

ہے۔ یہ طریقہ بھی انتہائی کامیاب اور موثر ہے۔

(۵) قبر پر بیٹھ کر عمل پڑھا جاتا ہے۔ اس طریقے سے دوسرے کا ہمزاد تسخیر کیا جاتا ہے جو کہ فوت ہو چکا ہو۔

(۶) کچھ عمل ویسے ہی پڑھے جاتے ہیں جن میں چراغ جلانے کی شرط نہیں ہوتی۔

**نکتہ:** دن اور رات میں بھی فرق ہوتا ہے۔ یعنی جو لوگ دن کو فوت ہوتے ہیں۔ اُن کے ہمزاد اور طرح کے ہوتے ہیں۔ اسی طرح جو لوگ رات کو مرتے ہیں۔ اُن کے ہمزاد میں بھی فرق ہوتا ہے۔ ہر ایک کی قوتیں مختلف ہوتی ہیں۔ اسی طرح ایسے لوگ جو کہ حادثاتی طور پر مرتے ہیں یا قتل ہو جاتے ہیں یا ایسی عورتیں جو کہ اپنے گناہوں پر پردہ ڈالنے کے لیے ناجائز بچے دفن کر دیتی ہیں یا بعض بچے پیدا ہوتے ہی مر جاتے ہیں۔ ان سب میں فرق ہے۔ تسخیر کے طریقے بھی الگ الگ ہیں۔ ان سب کی تفصیل اور تسخیر کے طریقے میں نے اپنی کتاب "کرشمہ حاضرات" میں تفصیل سے لکھے ہیں۔

## عمل کی تیاری

### دھوپ میں کھڑے ہو کر عمل کرنا

اگر دھوپ میں کھڑے ہو کر عمل کرنا ہو تو اس کے لیے درج ذیل ہدایات پر عمل کریں۔

یہ عمل گھر اور آبادی سے دور کسی ویرانے میں دونوں جگہوں پر کیا جا سکتا ہے۔ دونوں میں سے جو بھی جگہ عمل کے لیے مخصوص کریں تو اس کے لیے یہ دیکھ لیں کہ آیا کسی شخص کا اس جگہ پر آنا جانا تو نہیں ہے۔ کیونکہ عملیات میں تنہائی ضروری شرط ہوتی ہے۔ جس جگہ پر آپ عمل کر رہے ہوں وہ جگہ بالکل ہموار ہو۔ آس پاس کوئی مکان یا درخت وغیرہ نہ ہو۔ آپ نے عمل شروع کیا۔ اگر کسی روز بادل ہوں، سورج نظر نہ آئے تو اُس دن گھر میں چراغ جلا کر عمل کریں۔

### رات کو چراغ جلا کر عمل کرنا:

اگر رات کو چراغ جلا کر عمل کرنا ہو تو اس کے لیے مٹی کا چراغ استعمال ہوگا۔ اس میں سرسوں کا تیل جلایا جائے گا۔ دوران عمل چراغ کو روزانہ حفاظت سے رکھیں۔ ایسی جگہ پر رکھیں جہاں دوسرا شخص اس کو نہ دیکھے۔ دوسری اہم بات اس چراغ کو تبدیل بھی نہ کریں۔ اگر چراغ ٹوٹ گیا تو عمل کی تاثیر کم ہو جائے گی۔ اور نیا چراغ جلانے پر وہ تاثیر ظاہر نہ ہوگی۔ جس کمرے میں عمل کرنا ہو وہ دیوار بالکل صاف ہو جہاں پر آپ نے سایہ کو دیکھنا ہے۔

### قبرستان یا مرگھٹ پر عمل کرنا:

اگر آپ قبرستان یا مرگھٹ میں عمل کر رہے ہوں تو یہ خیال رکھیں کہ آتے جاتے وقت کوئی دوسرا شخص آپ کو ہرگز نہ دیکھے۔ اگر کسی عمل میں چراغ جلانے کی شرط ہو تو چراغ کو قبر کے درمیان میں رکھیں اور چراغ کا رُخ مغرب کی طرف ہو۔ اگر عمل کرنے والا ہندو ہو تو اس مرگھٹ جائیں جہاں پر مردہ جلایا گیا ہو۔

### عامل کے لیے خصوصی ہدایات:

ہمزاد کے اعمال کرنے سے قبل جن باتوں کا جاننا ضروری ہے ان کو وضاحت سے لکھ رہا ہوں تاکہ کوئی بھی نکتہ پوشیدہ نہ رہے۔ اگر عامل دی ہوئی ہدایت پر عمل کرے گا تو انشاء اللہ اُسے کبھی بھی ناکامی نہ ہوگی۔ اور وہ رجعت سے بھی محفوظ رہے گا۔

(1) ہمزاد کے اعمال کرنے سے قبل کسی میٹھی چیز پر فاتحہ دلا کر وہ چیز چھوٹے بچوں کو تقسیم کر دیں اور کامیابی عمل کی دعا کریں۔

(2) ہمزاد کے اعمال عموماً نوچندی جمعرات سے شروع کیے جاتے ہیں۔ اکثر لوگ نوچندی جمعرات کے بارے میں پوچھتے ہیں مثلاً آج چاند کی یکم دو یا تین تاریخ ہے اور جمعرات کا دن ہے تو یہ جمعرات نوچندی نہ ہوگی اس سے آگے آنے والی نوچندی جمعرات ہوگی۔

(3) ان اعمالوں کو کرنے کے لیے علیحدہ کمرے کی ضرورت ہوتی ہے۔ کمرہ مخصوص ہو جہاں پر عمل کے شروع سے لے کر اختتام عمل تک کوئی دوسرا شخص ہرگز داخل نہ ہو۔

(4) ہمزاد کے عملوں کے دوران ہر طرح کا گوشت، کچا لہسن، پیاز، دودھ، انڈا اور جماع سے قطعی پرہیز ہوتی ہے۔

(5) عمل شروع کرنے سے قبل صاحب عمل یا کسی عامل کامل سے اجازت لینی شرط ہے۔ تاکہ رجعت کا خوف نہ رہے۔

(6) ہر عمل کی معیاد مقررہ ہوتی ہے۔ بعض اوقات عامل کی اندرونی قوتوں کی کمی کی وجہ سے دن زیادہ لگ جاتے ہیں اس لیے اگر ایک چلے میں کامیابی نہ ہو تو اس کو دوبارہ کرنا چاہیے۔ بعض اوقات تین چلوں میں جا کر کامیابی ہوتی ہے۔ اس لیے بددل نہیں ہونا چاہیے۔ ہر انسان میں قوتیں یکساں نہیں ہوتیں۔ کسی میں کم کسی میں زیادہ یہی وجہ ہوتی ہے کہ بعض لوگوں کو پہلے دن سے ہی مشاہدات نظر آنے لگتے ہیں۔ بعضوں کو دو دو ماہ تک کچھ نظر نہیں آتا۔

free copy
khalidrathore.com

شیخ مسعود الرحمٰن، پاکستان نیوز ایجنسی، پنڈی گھیب، ضلع اٹک
بائیو ردم رپورٹ۔ فیس -/350 برائے ایک سال

(7) دوران عمل کئی طرح کے مشاہدات نظر آتے ہیں چاہیے کہ ان کا ذکر بھولے سے بھی کسی سے نہ کریں۔ پردہ داری شرط ہے۔

(8) عمل علیحدہ کمرے میں کیا جاتا ہے۔ جہاں پر کوئی دوسرا شخص نہ ہو۔ کئی لوگوں کی مجبوری ہوتی ہے کہ اُن کے پاس علیحدہ کمرہ نہیں ہوتا۔ اس کا بہترین حل یہ ہے کہ آبادی سے دور کھلی جگہ پر عمل کریں لیکن اس کی شرط یہ ہے کہ آتے جاتے وقت کوئی شخص آپ کو نہ دیکھے نہ ہی کسی کو پتہ چلے کہ آپ چلہ کرنے کے لیے جاتے ہیں ورنہ کچھ ہاتھ نہ آئے گا۔

(9) دوران چلہ جس قدر بھی ہو سکے تنہائی اختیار کریں لوگوں سے ملنا جلنا بند کر دیں اگر انتہائی مجبوری ہے تو پھر کسی سے ملنے میں کوئی مضائقہ نہیں۔

(10) دوران چلہ کسی بھی سائل کو تعویذات لکھ کر مت دیں۔ اگر کوئی آسیبی مریض آپ کے پاس آجائے تو اس کا علاج مت کریں۔ ورنہ نقصان کا اندیشہ ہے۔

(11) عمل کے لیے جو کمرہ مخصوص کیا ہے اس کو ہرگز تبدیل نہ کریں۔ اگر تبدیل کریں گے تو چلے کو بیکار جانو۔ اس طرح جو وقت پڑھائی کا مقررہ ہے اس میں بھی کمی بیشی نہ ہونے پائے کیونکہ روحانیت وقت مقررہ پر حاضر ہوتی ہے۔ اگر وقت آگے پیچھے ہو جائے تو پھر روحانیت بیزار ہو جاتی ہے۔

(12) اگر دوران چلہ ہمزاد حاضر ہو تو اس سے بات چیت مت کریں جب تک چلے کا اختتام نہ ہو ورنہ بعد میں سوائے پچھتاوے کے کچھ حاصل نہ ہوگا مکمل احتیاط کریں۔

(13) اگر گھر میں کوئی شخص آسیبی مریض ہے تو اس جگہ پر عمل مت کریں۔ ورنہ مایوسی یا نقصان کا امکان ہے۔

## عمل کون نہ کرے

فعل حیوانی کے عادی اشخاص کو عمل نہیں کرنا چاہیے۔ کمزور دل حضرات عمل نہ کریں کیونکہ ڈر خوف سے پاگل ہونے کا امکان ہے یا پھر رجعت میں گرفتار ہونے کا۔ آسیبی مرض میں مبتلا افراد عمل نہ کریں یا وہ جن پر کوئی ذی روح مسلط ہو یا پہلے بھی رہ چکی ہو۔ مرگی وسکتہ وغیرہ بیماری کے شکار لوگ ایسے اعمال نہ کریں۔ (جاری ہے).....

فیس 200 روپے علاوہ محصول ڈاک

# پتھر اور جواہرات

☆ خوش قسمتی کا پتھر کون سا ہے؟

☆ کس پتھر کا استعمال آپ کے لیے موزوں ہے؟ ☆ کس پتھر کا استعمال نحوست کا باعث ہے؟ ☆ حصول صحت، ردِ سحر اور دیگر مسائل کے لیے موزوں پتھر کا انتخاب؟

شمس نیوز ایجنسی، نزد ریلوے پھاٹک، میلسی، ضلع وہاڑی۔

☆☆☆☆☆

بقیہ == شمسی دھبے، ان کے ادوار اور مالی علم نجوم صفحہ 45 سے آگے

شمسی دھبوں کا عمل یہ ہے کہ شمسی اشعاع (radiation) کی حرارتی حرکتی طیف (Heat Spectrum of Vibration) میں پیائش بتاتی ہے کہ سورج کی حرارت میں اضافہ شمسی دھبوں کی کاملیت میں اضافہ ظاہر کرتی ہے۔ شمسی اشعاع کی حرارت اور روشنی کی فریکونسی تقریباً زمین کی سطح پر 2 ہارس پاور فی مربع میٹر کے برابر ہوتی ہے۔ شمسی توانائی (Solar Energy) کا مستقل (constant) تقریباً 1.94 کیلوریز کے قریب ہوتا ہے لیکن جب سن سپاٹس زیادہ ہوں تو شمسی توانائی کے مستقل کی قیمت 1.96 اور جب سن سپاٹس کم ہوں تو شمسی توانائی کے مستقل کی قیمت 1.92 تک ہو جاتی ہے۔

اس سلسلے میں میری تحقیق کا نتیجہ یہ ہے کہ شمسی توانائی کے مستقل کی قیمت میں تبدیلی انسانوں پر حیاتیاتی (Biologically) اتار چڑھاؤ یا معاشی توانائی (Economic Energy) میں اتار چڑھاؤ کو ظاہر کرتی ہے۔ لمبے عرصے کے لیے موسم کی پیشن گوئی میں سن سپاٹ سائیکل اور بارش میں تعلق پر کافی ریسرچ ہوئی ہے۔ سن سپاٹ سائیکل کو فر والے جانوروں کی کھالوں کے ساتھ گہرا تعلق ہے۔ درختوں کے اندر بننے والے چھلے (Ring) کا بھی شمسی دھبوں سے ہی تعلق ہے۔ سن سپاٹس اور بالائے بنفشی اشعاع (Ultra-Violete Rediation) میں بھی گہرا تعلق ہے۔

اگرچہ سن سپاٹ سائیکل اور بزنس سائیکل میں گہرا تعلق ہے تاہم کئی مواقع پر ان میں ہم آہنگی نہیں رہتی۔ اس کی وجہ زمین کا سورج کے گرد راستے میں ہر دفعہ تبدیلی (ہر سال میں) بلیک ہولز (Black Holes) اور آسمانی دیوؤں (Dwarfs) کی شدت میں کمی بیشی، سیارگان کی نظرات اور دیگر کسی بھی شئے، جنس یا کرنسی کے شروع یا اجراء کے وقت سیارگان کی پوزیشن (Natal Horoscope) اور موجودہ سیارگان کی پوزیشن اور ان کا آپسی تعلق (Transit to Natal) اور دیگر کئی فلکیاتی پوزیشن اور نظام وغیرہ ہیں۔

یہ بات ہمیشہ یاد رہے کہ صرف شمسی دھبوں کا اکیلا عمل ہی مارکیٹ کی پیشن گوئی کے لیے کافی نہیں ہے بلکہ دیگر سیارگان کے ادوار اور سیارگان کی باہمی نظرات کو بھی مدنظر رکھنا لازمی ہے۔

ختم شد۔

70 سالہ دشا۔ فیس -/550 روپے

free copy
khalidrathore.com
Document Processing Solutions

# پرائز بانڈ کی دنیا

تحریر: محمد اسد اللہ سلیمانی، جھنگ۔

اس وقت ہمارے پورے پاکستان میں پرائز بانڈ کا کاروبار بہت عروج پر ہے۔ تقریباً ہر دوسرا شخص شوق رکھتا ہے۔ قارئین کی خواہش تھی کہ پرائز بانڈ کا لکی نمبر یا لکی ہندسہ نکالنے کا کوئی طریقہ معلوم ہو جائے تو میں نے اس سلسلے میں بہت تحقیق کے بعد علم اعداد کے حساب کو سامنے لایا ہوں۔ اس کا طریقہ یہ ہے کہ تاریخ، ماہ و سن کا مفرد لیں (مفرد لینے کا طریقہ یعنی 11-5-2003 کا ہم نے مفرد لینا ہے تو اس طرح کہ 11+5+2003- مجموعہ 2019 حاصل ہوا۔ پھر اس کو آپس میں جمع کر کے ایک ہندسہ حاصل کریں جو کہ مفرد ہو گا وہ اس طرح کہ 9+1+0+2=12 حاصل ہوا۔ پھر جمع کیا 2+1=3 ملا۔ یہ مفرد لینے کا طریقہ ہے)۔ پھر ہم اس مفرد ہندسہ کو فسٹ کڑے سے ضرب دیں گے۔ اب حاصل ضرب سے جو ہندسے حاصل ہوں گے وہ اگلی قرعہ اندازی میں فسٹ آئیں گے۔ شائد قارئین کو میری وضاحت کی سمجھ نہ آئے۔ اس لیے کافی مثالیں پیش کر رہا ہوں۔

مثال نمبر 1- قرعہ اندازی کی تاریخ 2-1-2003۔
مفرد لیں 2+1+2003=2006=6+0+0+2=8 ملا۔
2 جنوری 2003 کو فسٹ آ کڑہ لگا تھا=62۔
دونوں کو ضرب دیں 62x8=496 حاصل ہوئے۔
یہ تین ہندسے یعنی (6-9-4) میں فسٹ موجود تھا۔
اگلی قرعہ اندازی میں فسٹ (406685) آیا۔

مثال نمبر 2- قرعہ اندازی کی تاریخ 15،1-2003۔
مفرد لیں=15+1+2003=2019=9+1+0+2=3 ملا۔
15 جنوری 2003 کو فسٹ یہ آ کڑہ لگا تھا=40
دونوں کو ضرب دیں=3x40=120 حاصل ہوئے۔
یہ ہندسے یعنی (0-2-1) میں فسٹ ہندسہ موجود تھا۔
اگلی قرعہ اندازی میں فسٹ (233976) آیا۔

مثال نمبر 3- قرعہ اندازی کی تاریخ=1-4-2003
مفرد لیں =1+4+2003=2008=8+0+0+2=1 ملا۔
یکم اپریل 2003 کو فسٹ آ کڑہ یہ لگا تھا۔80۔
دونوں کو ضرب دیں=1x80=80 حاصل ہوئے۔
یہ دو ہندسے یعنی (0-8) میں فسٹ ہندسہ موجود تھا۔
اگلی قرعہ اندازی میں فسٹ (849918) آیا۔

مثال نمبر 4- قرعہ اندازی کی تاریخ=15-4-2003
مفرد لیں =15+4+2003=2022=+6 ملا۔
15 اپریل 2003 کو فسٹ آ کڑہ یہ لگا تھا۔84۔
دونوں کو ضرب دیں=6x84=504 حاصل ہوئے۔
یہ تین ہندسے یعنی (5-0-4) میں فسٹ ہندسہ موجود تھا۔
اگلی قرعہ اندازی میں فسٹ (085062) آیا۔

مثال نمبر 5- قرعہ اندازی کی تاریخ=2-6-2003
مفرد لیں=2+6+2003=2011=1+1+0+2=4 ملا۔
2 جون 2003 کو فسٹ آ کڑہ یہ لگا تھا=44۔
دونوں کو ضرب دیں=4x44=176 حاصل ہوئے۔
یہ تین ہندسے یعنی (6-7-1) میں س فسٹ ہندسہ موجود تھا۔
اگلی قرعہ اندازی میں فسٹ (639093) آیا۔

**ایڈوانس لکی نمبرز مارچ 2004 کے لیے**

(۱) یکم مارچ 2004 کو یہ لکی نمبرز انشاء اللہ فسٹ میں نہ آئیں گے۔

| | | | |
|---|---|---|---|
| 3501 | 5310 | 0531 | 1035 |
| 3501 | 5301 | 0513 | 1053 |
| 3051 | 5103 | 0153 | 1503 |
| 3015 | 5130 | 0135 | 1530 |
| 3105 | 5013 | 0351 | 1305 |
| 3150 | 5031 | 0315 | 1350 |

(۲) 15 مارچ 2004 کو یہ لکی نمبرز انشاء اللہ فسٹ میں نہ آئیں گے۔

| | | | |
|---|---|---|---|
| 8462 | 4826 | 6842 | 2846 |
| 8426 | 4862 | 6824 | 2864 |
| 8624 | 4628 | 6284 | 2684 |
| 8642 | 4682 | 6248 | 2648 |
| 8264 | 4268 | 6482 | 2486 |
| 8246 | 4268 | 6428 | 2468 |

ختم شد۔

free copy khalidrathore.com Document Processing Solutions

غزنوی کتب خانہ، قندھاری منان چوک کوئٹہ۔
70 سالہ دشا (تفصیلی)۔ فیس -/1550 روپے

# جنات کی دُنیا

از: غلام قادر بلوچ، کراچی۔

عمل نمبر 1-

یہ عمل قرآن پاک کا اعجاز ہے نہایت ہی لاجواب اور کامیاب عمل ہے جنات کو مُسخر کرنے کے لیے اس سے بہتر عمل آپ کو کہیں نہ مل سکے گا سو فی صد درست اور لاجواب عمل ہے جو لوگ باہمت اور حاضراتی قوتوں سے واقف ہیں وہ اس عمل کو ضرور کریں۔

ترکیب:

نوچندی جمعرات سے اس عمل مبارک کا آغاز کریں۔ دوران عمل ترک حیوانات اور پرہیز جلالی و جمالی رکھیں۔ جھوٹ، غیبت، فعل حیوانی اور امورِ ممنوعہ سے اجتناب کریں۔ پانچوں وقت کی نمازیں باجماعت پابندی سے پڑھا کریں۔ فارغ اوقات پروردگار کی حمد و ثناء توبہ و استغفار اور درود شریف کثرت سے پڑھا کریں۔ عمل آبادی سے باہر یا پھر کسی ایسے کمرے کا انتخاب کریں جہاں کسی قسم کی آمد و رفت نہ ہو۔ عمل باحصار کریں تاکہ رجعت یا کسی قسم کی نقصان کا اندیشہ نہ ہو۔ بخور لوبان ذکر سلگائیں۔ دوران عمل جو کچھ مشاہدات ہوں انہیں کسی فرد پر ظاہر نہ کریں۔ البتہ صاحب عمل جس سے اجازت لی ہے اُس سے رابطہ ضرور رکھیں۔

طریقہ:

عمل بعد نماز عشاء باوضو قبلہ رُخ ہو کر تین سو ساٹھ بار پڑھنا ہے۔ اول و آخر گیارہ گیارہ بار درود تاج شریف ضرور پڑھیں۔ عمل ختم کر کے ایک بار سورۃ جن شریف پڑھ کر اُسی جگہ سو جائیں۔ اکتالیس یوم کا عمل ہے۔ اکیسویں یوم سے اثرات ظاہر ہونا شروع ہو جائیں گے اور جب آپ سو رہے ہوں گے تو ایک لڑکا آ کر آپ کا پاؤں دبائے گا اور وہ کہے گا میں آپ کا خادم ہوں میرے لیئے کیا حکم ہے۔ عامل کو چاہیے کہ جب تک چلہ پورا نہ ہو اُس سے قطعاً کلام نہ کرے۔ جب آپ کے چالیس یوم پورے ہو جائیں تو عمل ختم کر کے اُن کو حضرت سلیمان علیہ السلام کی قسم دے کر تابعداری کا عہد لیں اور قول و اقرار کر لیں۔ بعد ازاں جو آپ حکم دو گے چشم زدن میں پورا کرے گا۔ عمل یہ ہے۔

**بسم اللہ الرحمن الرحیم۔ الم ترالی ربك کیف مدخل ولوشاء لجعله ساکنا ثم جعلنا الشمس علیه دلیلاً ثم قبضه الینا قبضنا یسیر ا۰ (سورۃ فرقان پارہ 19 آیت 44)۔**

عمل نمبر 2-

یہ سورۃ مزمل شریف کا ایک حیرت انگیز عمل ہے۔

کلیہ وطریقہ عمل:

ترکیب اس عمل کی کچھ یوں ہے کہ سورۃ مزمل شریف اکتالیس مرتبہ پڑھیں۔ چالیس یوم باپرہیز جلالی و جمالی کے ساتھ عمل کریں۔ اول و آخر سو سو مرتبہ درود ابراہیمی پڑھنا ضروری ہے۔ عمل آبادی سے باہر کریں تو بہتر ورنہ کسی الگ کمرہ میں جہاں عام لوگوں کی آمد و رفت نہ ہو۔ بخور عود و صندل سلگائیں۔ عمل بعد نماز عشاء باوضو قبلہ رُخ ہو کر کرنا ہے۔ لباس پاک و صاف زیب تن کرے۔ حصار ضرور کریں تاکہ کسی قسم کی رجعت یا نقصان کا اندیشہ نہ ہو۔ صلوٰۃ و صوم کی پابندی لازمی ہے۔

تکمیل:

آخری ایام میں چار اشخاص ظاہر ہوں گے جو اہل جنات میں سے ہوں گے وہ آ کر سلام کریں گے اور آپ کی حاجت دریافت کریں گے۔ وظیفہ مکمل کرنے کے بعد نہایت ہی خوش مزاجی سے گفتگو کا آغاز کریں اور ان سے وعدہ وعہد لیں اور ان سے نشانی طلب کر کے حاضری کا طریقہ بھی پوچھ لیں اور انہیں رخصت کر دیں اس عمل میں ڈر اور خوف بہت زیادہ آتا ہے لہذا اکثر وردل والے حضرات یہ عمل نہ کریں۔

عمل نمبر 3-

طریقہ و پرہیز:

عروج ماہ نوچندی جمعرات سے یہ عمل شروع کریں۔ عمل بعد نماز عشاء باوضو قبلہ رُخ ہو کر کرنا ہے۔ دوران عمل پرہیز جلالی و جمالی رکھیں۔ صلوۃ و صوم کی پابندی کریں اور دوران چلہ وریاضت پاکیزگی و طہارت کا پورا پورا خیال رکھیں۔ بخور معہ سائلہ ومقل ازرق سلگائیں۔ حصار ضرور کریں۔ عمل کے لیے

ارشاد بک ڈپو تھانہ چوک میلسی۔

لوح دست غیب تانبے پر ۲۰۰ روپے۔ چاندی پر ۱۱۰۰ روپے

آبادی سے باہر کسی ایسی جگہ کا انتخاب کریں جہاں عام لوگوں کی آمد ورفت نہ ہو اور راستے میں آتے جاتے کسی سے کلام نہ کرے۔ عمل روزانہ صرف سات سو بار پڑھنا ہے۔ اول وآخر گیارہ گیارہ بار درود شریف پڑھیں۔ عمل کی مدت صرف سات یوم ہے۔ اختتام چلہ ایک خوبصورت جن آکر تابعداری کرے گا اُسے حضرت سلیمانؑ کی قسم دے کر قول واقرار کرلیں۔

عمل یہ ہے:۔

**بسم الله الرحمن الرحيم ۔ ياايها الملاءُ انى اُلقى الىٰ كتاب'' كريم انه' من سليمان وانه' بسم الله الرحمن الرحيم الّا تعلوا واتونى مسلمين٥**

نوٹ: ہر سینکڑے کے بعد تین دفعہ کہیں (اے قوم جنات قسم ہے اللہ تعالیٰ کی جس نے تم کو پیدا کیا ہے اور قسم ہے تم کو اس کے حبیب محمد صلی اللہ علیہ وسلم کی' حاضر ہو کر فوراً میرا کام کرو)۔

عمل نمبر 4-

جو شخص اس بات کا خواہاں ہو کہ جنات کو مسخر کرے اور ان سے دنیاوی کاموں میں مدد لیں تو ذیل عمل اس مقصد کے لیے مفید ہے

طریقہ: ایسا شخص سب سے پہلے اکل حلال اختیار کرے اور امورِ شرعیہ کی پابندی کرے پھر اس کے بعد رات کو بارہ بجے آبادی سے باہر تنہائی والی جگہ پر باوضو حالت میں سات سو مرتبہ "سورۃ الجن" شریف کی تلاوت کرے یہ تعداد جتنے بھی دنوں میں چاہے پوری کریں۔ اول وِ آخر طاق مرتبہ درود شریف پڑھنا لازمی ہے۔ انشاء اللہ تعالیٰ اس عمل مبارک کی برکت سے جنات کے سربراہ حاضر خدمت ہوں گے۔ عامل کو چاہیے بے خوف ہو اور اُن سے بالکل نہ ڈرے۔ اور اپنا دل مضبوط کر کے ان سے باقاعدہ عہد و پیمان کرلیں اور اُن سے آئندہ حاضر ہونے کا طریقہ بھی معلوم کرلیں۔ بظاہر یہ عمل سادہ ہے مگر اپنی تاثیر اور افادیت کے لحاظ سے کسی دوسرے عمل سے کم نہیں ہے۔

ختم شد۔

# طلسمات تسخیر الحب

تحریر: حاجی محبوب علی خان غوری۔

یہ مضمون میں قارئین وشوقین علم الحب تسخیرات المستورات ومرد وزن کے لیے تحریر کر رہا ہوں۔ میں جناب خالد اسحاق راٹھور ایڈیٹر رسالہ راہنمائے عملیات کا ازحد مشکور ہوں کہ انہوں نے جو کچھ بھی اپنے رسالوں' جنتریوں میں تحریر کیا' سچ تحریر کیا ہے۔ میں عام عامل نہیں ہوں جو کچھ تحریر کرتا ہوں' سعودی عرب' مصر اور ایران میں موجود اپنے اُستادوں کی طرف سے دی گئی کلام اور اُن کی طرف سے کیے گئے عملیات وطلسمات' علم الحب' علم اعداد' علم الجفر اور دیگر علوم تنفس شمسی و قمری کا عامل ہونے کی وجہ سے تحریر کرتا ہوں۔ میں اپنے عزیز ترین اُستاد علامہ رفیق زاہد اور علامہ کاش البرنی' کراچی کا ازحد مشکور ہوں۔ جنہوں نے انتھک محنت سے مجھے ان علوم پر عبور حاصل کروایا۔ یہ مضمون علامہ رفیق زاہد شہید لاہور کا بھی روزانہ کا معمول تھا۔ مجھے استاد معظم علامہ رفیق زاہد مرحوم نے خاص اجازت دے کر عمل کروایا۔ میں یہ عمل قبر میں ساتھ نہیں لے جانا چاہتا۔ یہ مضمون جدید علوم سے نہ ہے بلکہ یہ حضرت سلیمان ابن دواد علیہ السلام و وزیر (آصف بن برخیا) کا عرصہ دراز 1800 سال کا پرانا عمل ہے۔ سو فیصد درست ہے میں خالد اسحاق راٹھور جو کہ میرے دوست بھی ہیں اور بھائی بھی اُن کی پرخلوص خدمات کے اعتراف پر یہ عوام الناس کے لیے پیش کر رہا ہوں۔

کلام الحب طلسمات ودعوت عمل: **اَللّٰهُم بَحقْ گهَيگهيج'' يَغْطَشى بَلَطشَغشَغويل ۔ اَمُويل''۔ جَلَد''۔ مَهَجَجامَا هَلَمَجَ وَرديْنة'' مَنَ هَفَياج''۔ بعزْتك لَلاَ ما اخَذت سَمعَهمُ و اَبصَارهُم سَبحانَ مِن ليس كُمثِلَهُ شئ' وَهوالسَمَيع البَصيرُ۔**

لوح آیت الکرسی - تانبے پر ۲۱۰۰ روپے

رمضان' نیوشاہین جنرل سٹور بک ڈپو اینڈ لائبریری' ریلوے روڈ' کمالیہ

**طریقہ:** دعوت عمل کو روزانہ 108 مرتبہ بعد نماز عشاء نئے چاند کے پہلے منگل وار سے شروع کریں اور لگاتار بغیر کسی رکاوٹ کے وقت مقرر پر 41 دن کریں۔

**پرہیز:** ہر قسم کا خون آلود گوشت' گائے' بھینس' بکری' مرغا' پرندہ اور مچھلی کا تین ماہ مسلسل پرہیز کریں۔ دالیں' سبزیاں کھا کر گذارہ کریں۔

چلہ مکمل ہونے پر مندرجہ ذیل کام لے سکتے ہیں۔

1- مذکورہ دعوت عمل کو 41 مرتبہ مٹھائی' چینی' فروٹ' پان پر پڑھ کر جس بھی شخص مرد و زن کو کھلا دینگے وہ غلام بے دام گرفت محبت میں ہو جائے گا۔

2- جھگڑالو میاں بیوی کے پیار محبت کو بڑھانے کے لیے مرد و عورت پر قابو پانے کے لیے اسے کسی فروٹ پر یا مٹھائی پر پڑھ کر کھلا دیں۔ ہمیشہ ایک دوسرے کے ہیر رانجھا بن جائیں گے

3- بدمعاش' بددیانت' رشوت خور' فراڈیہ قسم کے افسران کے لیے سیدھے ہاتھ پر 21 مرتبہ پڑھ کر مٹھی کو بند کر لیں۔ اور اس افسر کے دفتر چلے جائیں اسے سلام کرتے کرتے مٹھی کو کھول دیں۔ وہ آپ کی ہر بات سنے گا۔

4- کوئی بھی امتحان ہو نوکری کے لیے ہو یا پھر آفیسر بننے کے لیے کلام مذکورہ کو 21 مرتبہ پڑھ کر پرچہ امتحان کو حل کریں۔ انشاء اللہ 80% سے زائد نمبر حاصل کریں گے۔ خواہ آپ نالائق ہی کیوں نہ ہوں۔ مگر کلام اپنے سینے کے اندر الٹی سائیڈ کی پسلی یعنی دل پر ہاتھ رکھ کر پڑھیں۔

5- وہ لڑکی جس کا رشتہ نہ آرہا ہو' رکاوٹ ہو' بندش ہو' جادو ٹونہ ہو یا کالے علم سے باندھ دیا گیا ہو وہ عورت یا لڑکی روزانہ 108 مرتبہ پڑھ کر پانی کو پی لے اور باقی پانی اپنے گھر کے مین گیٹ کے اوپر چھڑک دے' کام ہو جائے گا۔

6- بے گناہ شخص قتل کے الزام میں گرفت میں آجائے تو لال رنگ کی تسبیح لے کر 108 مرتبہ روزانہ جیل یا حوالات میں پڑھے' جلد خلاصی ہو جائے گی۔ اگر عرق گلاب پر پڑھیں گے تو وہ عرق تمام ساتھی قیدیوں کو پلا دے' ناگہانی مصیبت سے جلد رہائی ملے گی۔

7- شہد پر پڑھ کر کینسر' ٹی بی' دل کے مریض کو روزانہ شہد استعمال کروائیں مرض چند دنوں کے اندر ختم ہو کر صحت یاب ہو جائیں گے۔

8- اٹھرا اور لیکوریا کی مریض عورتیں کسی سے سپاری اور کھوپا کے سفوف پر 108 مرتبہ پڑھوا کر استعمال کریں۔ شفایاب ہوں گی۔

9- ماں باپ' دادا دادی اور دیگر مرحومین کی قبروں پر جا کر 108 دفعہ پڑھ کر کلام بحوالہ رُوح کر کے گھر آئیں۔ رات کو خواب میں ملاقات ہو جائے گی۔ لیکن کلام کو صرف ایک قبر پر پڑھیں۔ اور قبر کی مٹی پاؤں کی طرف سے لے کر خوشبو ملا کر اپنے سرہانے رکھ کر سو جائیں۔ جتنے دن وہ مٹی وہاں رہے گی روح سے ملاقات ہوتی رہے گی۔ 7 دن بعد مٹی کو واپس اسی قبر پر جا کر پھینک دیں۔

10- غریب لوگ اپنے گھر سے نکلتے وقت یہ کلام زبانی یاد کر کے 21 دفعہ پڑھ کر نکلیں۔ کاروبار' نوکری' تجارت میں فائدہ ہو گا۔

11- گیارہ مرتبہ درود شریف رسول اللہ کے لیے پڑھ کر حضرت عیسیٰ ابن مریمؑ اور موسیٰ ابن یوخانذ پر روزانہ دعا کا کلام 21 مرتبہ بخشا کریں ہر کام کی قبل از وقت آگاہی ملے گی' کامیابی قدم چومے گی۔

12- بے روزگار حضرات گھر سے نکلتے وقت ماں باپ کے سامنے 21 مرتبہ پڑھ کر ماں اور باپ کے قدموں کی سیدھے پاؤں کی مٹی گھر سے لے کر نکلیں نوکری جلد ہی ملے گی۔ واپسی پر مٹی کو گھر میں پھینکنا ہے۔ یاد رکھیں پہلے کلام پڑھیں پھر مٹی اُٹھائیں۔ اگر ماں باپ وصال کر چکے ہوں تو ان کی قبروں کی مٹی (دونوں یا ایک کی) پاؤں کی طرف سے لے کر پڑھیں اور مٹی کو ساتھ لے جائیں۔ اگر قتل بھی کیا ہو گا تو عدالت عالیہ معاف کر دے گی۔

13- طالب مطلوب کا پرانا پہنا ہوا گندہ کپڑا' بنیان' قمیض لے کر یا سر کے بال لے کر تینوں سے کوئی بھی مقرر کر لیں۔ 108 مرتبہ پڑھ کر کپڑے کو قبرستان میں دفن کریں یا نہر میں موی لفافہ میں پتھر ڈال کر کپڑا اندر رکھ کر پانی کی تہہ میں بہا دیں۔ مطلوب مچھلی کی طرح تڑپے گا۔ یاد رکھیں کلام کے آخر میں طالب بمعہ والدہ' مطلوب بمعہ والدہ کا نام پڑھنا ضروری ہے۔

☆☆☆☆☆

☆☆☆ نجوم کے شعبہ میں آنے والے خواہش مند خواتین و حضرات کے لیے ادارہ راہنمائے عملیات نے اس شعبہ سے متعلقہ کورسز کا اجراء کیا ہے۔ جو خواتین و حضرات مستقبل میں مستقل بنیادوں پر کاروبار یا صرف اپنے شوق کی تکمیل چاہتے ہیں وہ آج ہی ادارہ سے رابطہ کریں۔ ہم آپ کو علم کی وادیوں میں اُتار دیں گے۔ آیئے اور داخلہ لیجیے۔ معلومات جوابی لفافہ کے ساتھ حاصل کریں۔

☆☆☆☆☆

ستار نیوز ایجنسی' بک سیلرز اینڈ سٹیشنری مارٹ' بازار کلاں' پشاور

زچگی' امراض خواتین تانبہ پر ۷۰۰ روپے' چاندی پر ۱۱۰۰ روپے

free copy
khalidrathore.com
LuraTech Document Processing Solutions

# شمسی دھبّے' ان کے ادوار اور مالی علم نجوم

تحقیق: پروفیسر ڈاکٹر بابر بن دلاور۔

سورج کو نظام شمسی کا مرکز قرار دیں یا زمین کو مگر تمام توانائی کا ماخذ سورج ہی ہے۔ سورج ایک ستارہ ہے' سیارہ نہیں۔ اگرچہ یہ اپنے نظام شمسی اور کہکشاں سمیت حرکت میں ہے۔ سورج ستاروں میں نہ سب سے بڑا ہے نہ سب سے زیادہ روشن اور نہ سب سے زیادہ گرم لیکن یہ ایک حقیقت ہے کہ یہ زمین اور دیگر تمام سیاروں کی حرکت کو کنٹرول کرتا ہے۔ سورج کی سطح کو فوٹو سفیئر (photosphere) کہتے ہیں۔ اس سورج کی سطح پر اکثر سیاہ تاریک دھبے نظر آتے رہتے ہیں اور یہ دھبے بعض اوقات زمین سے بھی بڑے ہوتے ہیں۔ صدیوں پہلے چینیوں نے ان دھبوں کو دریافت کیا تھا جبکہ گیلیلیو (Galileo) نے 1610 میں اپنی ٹیلی سکوپ استعمال کی۔ ہیل (Hale) نے دریافت کیا تھا کہ شمسی دھبہ ایک بڑے سلاخی مقناطیس (Bar Magnet) کی خصوصیات رکھتا ہے۔ شوابے (Schwable) اور وولف (Wolf) اور بعد میں مسلسل ریسرچ نے یہ بات ثابت کی ہے کہ شمسی دھبے کی کاملیت میں اضافہ اور کمی "1102 سال" کی مسلسل بے قاعدگی کے ساتھ ہوتے ہیں۔ یہ عرصہ تقریباً 4 سال پر محیط ہے جس میں ایسا ہوتا ہے۔ شمسی دھبے کی زیادہ سے زیادہ سے کم از کم حرکت تقریباً 6.5 سال جبکہ کم از کم سے زیادہ سے زیادہ بڑھنا (Rise) تقریباً 4.6 سال ہوتی ہے۔

کئی سالوں کے بزنس ڈیٹا اور ریکارڈ سے بزنس ادوار (Business Cycles) سامنے آئے ہیں اور ریسرچ نے یہ ثابت کیا ہے کہ شمسی دھبے کے ادوار (Sun-spot-cycles) اور خوشحالی و پیداوار میں کمی میں خاص تعلق ہے۔

سوشل سائنس میں ہاورڈ (Harvard) کمیٹی کی ایک تحقیق میں یہ پتا چلا ہے کہ 17ویں صدی سے لے کر 1977 تک ساؤتھ سی ببل (South Sea Bubble) میں کمی کی وجہ سن سپاٹ سائیکل ہے۔ سن سپاٹ سائیکل 1923 میں کم از کم دھبوں کا حامل تھا جبکہ 1928-29 میں یہ دھبوں کا سائیکل زیادہ سے زیادہ تھا۔ اسی طرح 1933-34 میں کم از کم اور 1938 میں یہ سائیکل زیادہ سے زیادہ تھا۔



اسی طرح سن سپاٹ سائیکل 1957-58' 1960' 1969-70' 1980 (1981) اور 1982 کے کچھ ماہ بھی 1990-1991' 2000-2001 میں زیادہ تھے اس لیے ان سالوں میں بزنس میں اُتار کی کیفیت زیادہ رہی۔ اب اگلے سن سپاٹ میں اضافہ 2009 - 2012 سالوں میں ہوگا تو ان سالوں میں بزنس میں اُتار (recession) کی کیفیت زیادہ رہے گی۔

شمسی دھبوں کی موجودہ معلومات اور سٹیٹیکس ناسا (NASA) سے اس کی ویب سائٹس اور اس پتے سے حاصل کی جا سکتی ہے:-

Science Service, Washington D.C. USA.

یا قارئین مجھ سے بھی رابطہ کر سکتے ہیں۔

بقیہ صفحہ نمبر 40 پر........

free copy
khalidrathore.com
LunaTech Document Processing Solutions

یونائیٹڈ بک سنٹر' دوکان نمبر ۱' نیو اردو بازار' ناظم آباد نمبر ۱' کراچی
لوح خوش قسمتی ہدیہ چاندی پر ۷۰۰ روپے

# نوروز کا مجرب عمل

از: شہزادہ منظور علی سمون، ٹنڈو محمد خان۔

قارئین راہنمائے عملیات، اسلام علیکم۔ یہ شمارہ راہنمائے عملیات مارچ 2004 سالگرہ نمبر ہے جو کہ آپ کے ہاتھوں میں ہے۔ اس شمارہ میں خاص اور آزمودہ عملیات ہیں جو کے تحفہ جات کے طور پر بہت سارے دوستوں نے پیش کئے ہیں۔ کیونکہ یہ شمارہ خصوصی اور سالگرہ نمبر ہے۔ محترم قبلہ خالد اسحاق راٹھور صاحب کے حکم پر، نوروز عالم افروز کا مجرب عمل لے کر پیش ہوا ہوں۔ انشاء اللہ آپ سب کو پسند آئے گا۔

اوقات نوروز عالم افروز:

انشاء اللہ 20 مارچ 2004ء بمطابق 28 محرم الحرام 1425ھ

بروز ہفتہ 11 بجکر 50 منٹ دوپہر۔

نوٹ: چونکہ نوروز کا وقت پاکستان اسٹنڈرڈ ٹائم تحویل آفتاب کے مطابق ہے لہذا اس کا اطلاق ہر شہر اور قصبہ پر یکساں ہوگا۔ اس لیے مقامی وقت کو جمع یا منفی کرنے کی ضرورت نہیں۔ بیرون ملک رہنے والے حضرات وخواتین نوروز کے پاکستانی وقت 11 بجکر 50 منٹ سے 5 گھنٹے نفی کر لیں تو باقی 6 بجکر 50 منٹ گرین وچ کا وقت نکل آئے گا تو آپ گرین وچ کے وقت 6 بجکر 50 منٹ میں سے اپنے ملک کا معیاری وقت جمع یا منفی کر لینے سے آپ کو اپنے ہاں کا درست نوروزی وقت معلوم ہو جائے گا۔

عالمین و ماہرین نے نوروز کا وقت صرف ایک گھنٹے تک مقرر کیا ہے۔ جس وقت سیارہ شمس برج حمل میں داخل ہوتا ہے تو اس وقت کو تحویل آفتاب یا نوروز کہتے ہیں۔ یہ ہمیشہ 20 یا 21 مارچ کو ہوتا ہے۔ اس وقت کے دوران جو بھی دعا مانگی جائے وہ ضروری پوری ہوتی ہے اور جو بھی کسی نیک کام کے لیے تعویذ یا نقش لکھیں گے وہ فوراً اپنا اثر دکھائے گا۔

قارئین اس عمل کے فوائد مندرجہ ذیل ہیں۔

نقش فتح نامہ کو اپنے پاس رکھنے سے دنیا کا ہر رُکا ہوا کام مکمل ہوگا۔ افسران بالا عزت سے پیش آئیں گے۔

بیماری وسحر جادو، آسیب سے حفاظت ہوگی۔

ہر انسان محبت سے پیش آئے گا۔

قرض اُتر جائے گا۔

مقدمات، الیکشن وغیرہ میں فتح آپ کی ہوگی۔

امتحان میں کامیابی ہوگی۔

بند کاروبار چلنے لگے گا۔

گھریلو جھگڑے ختم ہو جائیں گے۔

شادی ونکاح میں رکاوٹ ختم ہوگی۔

دشمن آپ کے خلاف نہیں بول سکے گا۔

اگر آپ کوئی عمل، وظیفہ وغیرہ کر رہے ہیں تو کامیابی ملے گی۔

پرائز بانڈ یا چوائس پر چی نمبر سے انعام لگے گا (کیونکہ یہ بھی فتح ہے)۔

غرضیکہ نقش فتح نامہ بڑی اہمیت کا درجہ رکھتا ہے۔ ہر انسان کو اپنے پاس ضرور رکھنا چاہیے۔ نقش فتح کو تمام قواعد عملیات کو مدنظر رکھ کر تیار کرنا چاہیے۔


چال مربع

| | | | |
|---|---|---|---|
| ٨ | ١١ | ١٤ | ١ |
| ١٣ | ٢ | ٧ | ١٢ |
| ٣ | ١٦ | ٩ | ٦ |
| ١٠ | ٥ | ٤ | ١٥ |

چال نقش مثلث

| | | |
|---|---|---|
| ٨ | ١ | ٦ |
| ٣ | ٥ | ٧ |
| ٤ | ٩ | ٢ |

نوٹ: عددی نقش چال مثلث سے مکمل ہوگا۔ جبکہ حرف نقش چال مربع سے مکمل ہو گا۔




لوح خوش قسمتی　ہدیہ چاندی پر ۷۰۰ اروپے
ملٹی لائن بکس، ریگل چوک لاہور۔

free copy
khalidrathore.com
UrduTech Document Processing Solutions

تحریر: ابوعلی عبدالوکیل۔

# رسول اللہ پر ایمان کے تقاضے

اس دنیا میں اللہ کے دین اور اس کی ہدایت کا تنہا ماخذ اب قیامت تک محمد صلی اللہ علیہ وسلم کی ذات مبارکہ ہے۔ اگر انسان اللہ کی ہدایت اور اس کی پسند و ناپسند جاننا چاہے تو اس کے سوا کوئی راستہ اس کے پاس نہیں کہ وہ محمد صلی اللہ علیہ وسلم کی طرف رجوع کرے۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم پر ایمان محض علمی یا نظری چیز نہیں بلکہ اس کے کچھ تقاضے ہیں' یہ تقاضے اگر پورے نہیں کئے جا رہے تو اس کے معنی ہیں کہ جس چیز کو ایمان کا نام دیا جا رہا ہے وہ حقیقت میں ایمان ہی نہیں یا اس کا دعوی کرنے والا اس کی حقیقت اور تقاضوں سے واقف نہیں ہے۔ قرآن مجید اور نبی مکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے ارشادات کی رو سے آپ پر ایمان لانے کے نتیجے میں جو تقاضے پیدا ہوتے ہیں ان کو مختصراً ذیل میں دیا جا رہا ہے تاکہ ہم ان تقاضوں سے واقف ہوں اور ان پر عمل پیرا ہو کر اپنے ایمان و عمل کو کامل بنا سکیں۔

## اعتماد و یقین

نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم پر ایمان کا پہلا تقاضہ آپ کی ذات اور آپ کی تعلیمات پر کامل اعتماد اور غیر متزلزل یقین ہے۔ نبی صلی اللہ علیہ وسلم کی ذات اور آپ کی تعلیمات کے بارے میں یہ اعتماد ہی دراصل آپ صلی اللہ علیہ وسلم پر سچے ایمان کا حتمی ثبوت ہے۔ البتہ یہ بات واضح رہنی چاہیے کہ یہ اعتماد محض اقرار و اعلان کی چیز نہیں ہے بلکہ جہاں بھی یہ پایا جائے گا اس کے واضح آثار انسان کے عمل اور اس کے رویے میں ظاہر ہوں گے۔ قرآن مجید میں آپ پر ایمان کا ایک تقاضہ یہ بیان کیا گیا ہے کہ آپ کے فیصلوں کو بھی مانا جائے بلکہ یہاں تک کہ ان کے بارے میں دل میں کھٹک بھی پیدا نہ ہو کہ ان میں حق اور انصاف سے ہٹ کر کوئی بات کی گئی ہے۔ ارشاد باری تعالیٰ ہے۔

**فلا و ربك لا يومنون حتى يحكموك فيما شجر بينهم ثم لا يجدوا في انفسهم حرجا مما قضيت ويسلموا تسليما○** (سورہ النساء۔۴: ۶۵) ترجمہ: "پس نہیں' تیرے رب کی قسم یہ لوگ مومن نہیں ہیں' جب تک اپنے نزاعات میں تجھ کو حاکم نہ مان لیں اور جو کچھ فیصلہ تم کر دو اس پر اپنے دلوں میں کوئی تنگی محسوس کیے بغیر اس کے آگے سر تسلیم خم نہ کر دیں"۔

ایک اور مقام پر فرمایا:- **وما كان لمومن ولا مومنة اذا قضى الله ورسوله امرا ان يكون لهم الخيرة من امرهم ومن يعص الله ورسوله فقد ضل ضلا لا مبينا○** (الاحزاب ۳۳-۳۶)۔ ترجمہ " کسی مومن یا مومنہ کے لیے گنجائش نہیں ہے کہ جب اللہ اور اس کا رسول کسی معاملے کا فیصلہ کر دیں تو ان کے لیے اس میں کوئی اختیار باقی رہ جائے۔ اور جو اللہ اور اس کے رسول کی نافرمانی کرے گا تو وہ کھلی ہوئی گمراہی میں پڑا"۔

بہ الفاظ دیگر' آپ کی آراء اور آپ کی عدالت کے بارے میں یہ یقین دل میں پیدا ہو جائے کہ اگرچہ آپ سے فیصلہ کرنے کے معاملے میں غلطی ہو سکتی ہے تاہم آپ نے کوئی فیصلہ جانب داری اور بے انصافی سے نہیں کیا۔ چنانچہ نبی صلی اللہ وسلم نے اپنے فیصلوں میں غلطی کے امکان کی طرف توجہ دلواتے ہوئے فرمایا:- **لنا انا بشر و وابكم تحتصمون الي ولعل بعضكم ان يكون الحن بحجة من بعض فاقضي على نحو ما أسمع فمن قضيت له من حق آخيه شيا فلا ياخذه فانما اقطع له قطعة النار۔** (بخاری' کتاب الاحکام)۔ ترجمہ "میں تو صرف ایک انسان ہوں (میں تمہارے دلوں کے بھید نہیں جانتا)۔ یہ ہو سکتا ہے کہ تم میرے پاس اپنا کوئی جھگڑا لاؤ اور تم میں سے جو زیادہ اپنی بات کو مدلل بنا کر پیش کر سکتا ہو تو جو کچھ میرے سامنے آئے گا میں اس کی بنیاد پر اس کے بھائی کے حق میں فیصلہ کر دوں جسے اس کے بھائی کے حق میں سے دے دیا گیا وہ خود انصاف کو ملحوظ رکھتے ہوئے اپنے بھائی کا حق نہ مارے کیونکہ جس نے اپنے بھائی کا حق مارا اس نے اپنے لیے آگ کا ایک ٹکڑا کاٹ لیا"۔

ایک موقع پر' جب مال فے کی تقسیم کے بارے میں بعض لوگوں نے آپ کی تقسیم پر اعتراض کیا تو اللہ تعالیٰ نے انہیں تنبیہ کرتے ہوئے فرمایا:- **وما آتكم الرسول فخذوه وما نهاكم عنه فانتهوا و اتقوا الله ان الله شديد العقاب○** (الحشر ۵۹-۷)۔ ترجمہ: "جو کچھ رسول تمہیں دیں' وہ لے لو اور جسے تم سے روک لیں' اس سے باز رہو۔ اور اللہ سے ڈرو' اللہ بڑی سخت سزا دینے والا ہے"۔

## اطاعت و اتباع

نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم پر ایمان کا دوسرا تقاضہ آپ کی کامل اطاعت ہے۔ قرآن مجید میں بالعموم اللہ کی اطاعت کے ساتھ رسول کی اطاعت کا ذکر لازم و ملزوم کی حیثیت سے ہوا ہے۔ بالفاظ دیگر اس دنیا میں اللہ کی اطاعت کا واحد راستہ ہی یہ ہے کہ اللہ کے رسول کی اطاعت کی جائے۔

چنانچہ ارشاد ربانی ہے کہ:- **من يطع الرسول فقد اطاع الله** (النساء ۴: ۸۰) ترجمہ: "جس نے رسول کی اطاعت کی' اس نے اللہ ہی کی اطاعت کی"۔

نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے یہی بات واضح کرتے ہوئے فرمایا:

**من اطاع محمدا فقد اطاع الله ومن عصى محمدا فقد عصى الله و محمد فرق بين الناس۔** (بخاری' کتاب الاعتصام بالکتاب والسنۃ)۔ "جس نے محمد کی اطاعت کی' اس نے اللہ کی اطاعت کی اور جس نے محمد کی نافرمانی کی' اس نے اللہ کی نافرمانی کی۔ (اللہ کے ماننے والوں اور نہ ماننے والوں کے درمیان) محمد ہی نشانِ امتیاز ہیں"۔

جیسا کہ ہم اوپر بیان کر چکے ہیں کہ پیغمبر کو زمین پر اللہ کے واجب الاطاعت نمائندے کی حیثیت حاصل ہے۔ پیغمبر کی اس حیثیت کے نتیجے میں اس

free copy
khalidrathore.com
Document Processing Solutions

طلسم تسخیر و حاجت ہدیہ چاندی پر ۳۶۰۰ روپے
حامد برادرز' چوک انارکلی لاہور۔

# بزم راہنمائے عملیات

آپ بھی **ایک سوال کا جواب مفت** حاصل کر سکتے ہیں۔آج ہی اپنا سوال بمعہ ایک سوال مفت کے کوپن کے ہمراہ ارسال کریں

عبدالرحمٰن---اسلام آباد۔

**جواب:** آپ نے دو کوپن اور دو سوال ارسال فرمائے ہیں دونوں سوالوں کے جواب کے لیے فیس مقرر ہے۔خوش قسمتی کا پتھر معلوم کرنے کی فیس -/200 روپے ہے۔جبکہ نجومی رپورٹ حاصل کرنے کی بھی فیس مقرر ہے۔آپ مقررہ فیس ادا کر کے سوال کا جواب حاصل کر سکتے ہیں۔

محمد روف قادری جہانگیری---فیصل آباد۔

**جواب:** آپ اپنے سوالوں کے جواب کے لیے ہماری کتاب راہنمائے عملیات قیمت -/80 روپے اور علم الحروف قیمت -/100 روپے (ڈاک خرچ 25 روپے) پڑھ لیں ان میں آپ کے سوالوں کے جواب مل جائیں گے۔

ڈاکٹر سرفراز احمد---چک پیرو تحصیل ڈسکہ۔

**جواب:** فی الحال آپ کے زائچے کی حالت ذاتی کاروبار کے حوالے سے بہتر نہیں ہے اس لیے اس میں کوئی خاص فائدہ ہوتا نظر نہیں آتا۔مزید تفصیلی معلومات اور مالی و کاروباری حالات جاننے کے لیے آپ مقررہ فیس ادا کر کے زائچہ بنوالیں۔

محمد حنیف---احمد پور شرقیہ۔

**جواب:** تاریخ پیدائش کے بغیر زائچہ نہیں بن سکتا۔تاہم آپ ارسال کردہ معلومات کی بناء پر برج سرطان کے تحت اپنے حالات پڑھ لیا کریں۔درست ثابت ہوں گے۔

عبدالروف خان---لکی مرور۔

**جواب:** آپ سفلی اور عملیاتی اثرات کے خاتمے کے لیے لوح تحفظ بنوالیں۔انشاء اللہ تعالیٰ آسودگی ہوگی۔

محمد ریاض---قصور۔

**جواب:** اسم اعظم معلوم کرنے کے لیے آپ کو مقررہ فیس ادا کرنا ہوگی۔اس کوپن کے تحت صرف ایسے سوال پوچھے جا سکتے ہیں جن کی فیس مقرر نہیں۔آپ مطلوبہ کتاب کی قیمت (ہمراہ ڈاک خرچ 25 روپے) بذریعہ منی آرڈر ارسال کر کے منگوا سکتے ہیں۔

عابدہ خاتون---

**جواب:** "روحانی مشورے" شائع ہوگئی ہے منی آرڈر ارسال کر کے کتاب منگوا سکتی ہیں۔جس مقصد کے لیے عمل کرنا چاہتی ہیں اس کی مکمل تفصیل نئے ٹوکن کے ہمراہ لکھ کر ارسال کریں اور اپنے کوائف بھی لکھ کر ارسال کریں بصورت دیگر معذرت۔نامکمل بات کا کیا جواب دیا جائے۔

ذکراللہ---ڈاکخانہ خاص تحصیل چیچہ وطنی۔

**جواب:** آپ نے مکمل کوائف ارسال نہیں یعنی وقت پیدائش وغیرہ اور نہ ہی آپ نے خط لکھنے کی تاریخ اور وقت لکھا۔مکمل کوائف لکھ کر نئے ٹوکن کے ہمراہ ارسال کریں۔جب کوائف نہ ہوں تو جواب کس طرح دیا جا سکتا ہے۔

سمیرا خان---کراچی۔

**جواب:** آپ حصول مقصد کے لیے اکیس تسبیحاں یا اللہ یا وَدُودُو کی قبل از فجر پڑھ لیا کریں۔انشاء اللہ تعالیٰ حصول مقصد ہوگا۔حصول مقصد کے لیے طلسم زہرہ یا طلسم تسخیر و حاجت بنوالیں۔

رضوان کاشف---رحیم یار خان۔

**جواب:** مفت انعامی نمبر معلوم کرنے کے لیے ہماری شائع کردہ کتاب بانڈ ریس اور لاٹری کے نمبر سے کوپن ارسال کریں۔اس کوپن پر آپ مفت انعامی نمبر معلوم کر سکتے ہیں۔مفت سوال کے کوپن پر یہ سہولت حاصل نہیں ہے۔

عابد احمد---حیدر آباد سندھ۔

**جواب:** فی الحال آپ کے کام کے ہونے کا امکان نظر نہیں آ رہا۔کچھ صبر کرنا پڑے گا۔مزید تفصیل کے لیے زائچہ بنوالیں۔

حنا---اسلام آباد۔

**جواب:** ابھی آپ کی شادی میں دیر ہے۔ساڑھ ستی کے اثرات کی وجہ سے اس معاملے میں رکاوٹ آ رہی ہے۔رکاوٹ کے خاتمے کے لیے لوح زہرہ یا طلسم تسخیر و حاجت بنوالیں۔

free copy
khalidrathore.com
UniTech Document Processing Solutions

# راہنمائے عملیات گھر بیٹھے حاصل کریں

راہنمائے عملیات کے سالانہ خریدار بن کر آپ کئی فوائد حاصل کر سکتے ہیں۔

☆ ہر ماہ گھر بیٹھے پرچہ (راہنمائے عملیات) آپ کو بذریعہ ڈاک ملے گا۔

☆ ادارے کی شائع کردہ کتب پر سالانہ خریداروں کو ۱۵ فی صد رعایت ملے گی۔

☆ تمام اقسام کے زائچہ جات پر سالانہ خریداروں کو ۱۰ فی صد رعایت دی جائے گی۔

**طریقہ کار۔**

☆ سالانہ خریدار بننے کے لیے عام ڈاک سے زرِ سالانہ ۳۶۰ روپے ہوگا۔ اور اگر آپ رجسٹرڈ ڈاک سے پرچہ منگوانا چاہیں تو زرِ سالانہ ۵۶۰ روپے ہوگا۔

☆ رقم بذریعہ منی آرڈر ارسال کریں۔ زرِ سالانہ کی وصولی پر آپ کو سالانہ خریداری نمبر جاری کیا جائے گا۔ خط و کتابت میں سالانہ خریدار کا نام اور اس کے خریداری نمبر کا حوالہ ضرور دیں۔

## مفت

متعلقہ سال کی خالد روحانی جنتری تمام سالانہ خریداروں کو مفت فراہم کی جائے گی

## ذاتی انعامی نمبر مفت

ہماری کتاب "بانڈز لیس اور لاٹری نمبر" کا نیا ایڈیشن شائع ہو گیا ہے۔ اس میں دیا گیا کوپن ارسال کر کے بانڈز لیس لاٹری اور میچ وغیرہ کے لیے اپنے ذاتی زائچے سے ذاتی انعامی/خوش قسمتی کا نمبر بلا معاوضہ معلوم کریں۔

ہر فرد کا ایک خاص ذاتی انعامی نمبر ہوتا ہے۔ اس کتاب کے ہر خریدار کو یہ نمبر مفت بتایا جائے گا۔ یہ نمبر آپ بانڈ خریدنے، گھڑ دوڑ، انعامی بانڈ کی پرچی لاٹری غرضیکہ کسی بھی انعامی سکیم میں استعمال کر سکتے ہیں۔

| 15-03-04 | 01-03-04 |
|---|---|
| Rs.200 | Rs.40,000 |
| 345 | 980 |
| 908 | 0476 |
| 967 | 258 |
| 745 | 321 |
| 251 | 987 |
| 965 | 256 |
| 965 | 458 |

نوٹ: آپ کے برج کے مطابق اس ماہ کا خاص انعامی نمبر ماہانہ حالات کے تحت درج ہے۔ دیکھیں ماہانہ حالات میں لکی نمبر کا عنوان ...... کون سا کام کب کریں کے نام سے دیے گئے مضمون سے آپ بانڈ خریدنے کے لیے سعد تاریخ اور وقت دیکھ کر دیے گئے وقت پر بانڈ نمبر، بانڈز لیس وغیرہ کی ٹکٹ خریدیں کامیابی ہوگی۔

## ماہنامہ راہنمائے عملیات — وقت ملاقات

ملاقات کا وقت صبح 11-00 بجے سے شام 05-00 بجے تک ہے۔ دیگر مصروفیات کے باعث ان اوقات کے علاوہ ملاقات ممکن نہ ہوگی۔ اتوار کے دن دفتر بند ہوتا ہے۔ خاص طور پر لاہور سے باہر سے آنے والے ٹیلی فون یا خط کے ذریعے وقت لے لیں۔

## خط لکھنے والے

خط تحریر کرنے والے قارئین اس بات کا خیال رکھیں کہ خط مختصر اور صاف ستھرا ہو۔ اس میں سوالات کی کثرت نہ ہو بلکہ صرف ایک ضروری سوال تحریر ہو۔ در حقیقت خطوط ایک بڑی تعداد میں موصول ہوتے ہیں۔ سو اگر ایک آدمی کو ۲/۳ صفحات لمبا جواب تحریر کیا جائے تو خط لکھنے والے باقی افراد کے ساتھ زیادتی ہوتی ہے۔ سو جب بھی خط تحریر کریں یہ صاف، ستھرا اور صفحے کے ایک طرف تحریر ہو۔ جواب طلب امور کے لیے جوابی لفافہ جس پر آپ کا پتہ تحریر ہو ارسال کریں۔ ڈاک ٹکٹ لفافے پر لگا کر اس پر اپنا پتہ تحریر کر کے ارسال کریں تاکہ آپ کا لفافہ کوئی اور فرد استعمال نہ کر سکے۔ ان ہدایات پر عمل نہ ہونے کی صورت میں جواب دینا ممکن نہ ہوگا۔ امید ہے آپ ادارے سے تعاون کریں گے۔

**V.P.** آپ پرچے میں کوئی انواع، زائچہ وغیرہ کوئی چیز وی پی نہیں کی جاتی۔ آپ ........ لکھیں۔ بحث نہ کریں۔ شکریہ۔ معذرت

**کورسز** جاری ہیں تفصیل اندر کے صفحات میں دیکھیں

**پتھر اور جواہرات** مکمل اعتماد اور یقین سے ادارے سے اصلی پتھر سستے داموں حاصل کر سکتے ہیں

## ایک سوال کا جواب مفت/خصوصی کوپن/سالگرہ کوپن

یہ کوپن صرف ۱۵ مارچ ۲۰۰۴ تک کار آمد ہے

نام ________ نام والدہ ________ پیدائش کی تاریخ، وقت اور مقام ________ کوپن مکمل کرنے کی تاریخ، وقت اور مقام ________ سوال یا مقصد جس کے لیے کوپن ارسال کیا جا رہا ہے ________

آپ کا مکمل پتہ (صاف ستھرا تحریر کریں) ________

**نوٹ** ...... اپنے کوائف الگ صفحہ پر ہمراہ جاری ماہ کے کوپن کے ارسال کریں۔ پرانا کوپن قابل قبول نہ ہوگا

free copy khalidrathore.com Document Processing Solutions

LPL No.231 مارچ قیمت ۲۵ روپے راہنمائے عملیات

# خالد روحانی جنتری ۲۰۰۴ء شائع ہو چکی ہے




خالد روحانی جنتری 2004 شائع ہو گئی ہے۔

آج ہی کسی اچھے دوکاندار یا اپنے ہاکر سے طلب کریں۔

قیمت 80 روپے

محصول ڈاک 25 روپے

صفحات 192

صبح 11 بجے تا شام 5 بجے تک
فون نمبر (042) 6374864
email : kirathor@yahoo.com

خالد اسحٰق راٹھور' مکان نمبر ۲' گلی نمبر ۱۱' نزد جامعہ نعیمیہ' محمد نگر' گڑھی شاہو لاہور' پاکستان

free copy
khalidrathore.com
Lumatech Document Processing Solutions